8. محمد اکرم چغتائی ''پنجاب میں اردو: مزید تحقیق،، مشمولہ پاکستان میں اردو، چوتھی جلد پنجاب (مرتبین پروفیسر فتح محمد ملک، سید سردار احمد پیرزادہ، تجمل شاہ) مقتدرہ قومی زبان پاکستان، اسلام آباد 2006ء ص 94
9. Punjab University Calendar 1909-10 , PP-515-526 تقریر کے اردو ترجمے کے لئے ملاحظہ فرمائیے: روزنامہ پیسہ اخبار (لاہور) 26، 25، 11، 3 اور 28 جنوری 1909ء
10. پروفیسر فتح محمد ملک، ''پنجاب کی مادری زبان اردو ہے،، مشمولہ پاکستان میں اردو، چوتھی جلد پنجاب، ص 2
11. روزنامہ پیسہ اخبار (لاہور) 6 مارچ 1909ء

12. رسالہ فصیح الملک (لاہور) جنوری 1909ء ص ص 12-10
13. سید مصطفی علی بریلوی، ''پنجاب میں انگریزوں کی لسانی پالیسی مشمولہ، پاکستان میں اردو، چوتھی جلد پنجاب، ص 685امر تسر کے خان بہادر غلام صادق، خان بہادر خواجہ یوسف شاہ اور بابو نظام الدین وغیرہم منتظمین اور میزبان تھے۔ اس اجلاس میں نواب بہادر سرفراز حسین رئیس پٹنہ، مولانا شاہ سلیمان پھلواروی اور عبدالمامون سہروردی بھی شریک ہوئے۔
14. شیخ عبداللہ (وفات 1965ء) کشمیر کے رہنے والے تھے علی گڑھ سے ایل ایل بی کر کے وہاں وکالت کرنے لگے۔ ان کی شادی مرزا ابراہیم بیگ دہلوی (متوسط گھرانہ) کی دختر وحید جہاں سے ہوئی۔ ان کی صاحبزادی رسید جہاں نے 1906ء میں مسلمان لڑکیوں کے لئے برصغیر کا پہلا گرلز اسکول محلہ بالائے قلعہ علی گڑھ میں قائم کیا جو بعد میں گرلز کالج بن گیا۔ رشید جہاں کی شادی رام پور کے نواب خاندان میں ہوئی۔ ان کے شوہر کا نام محمود الظفر تھا۔ کشمیری سیاست دان شیخ محمد عبداللہ (1905-82ء) ایک دوسرے شخص تھے جنہوں نے جموں و کشمیر مسلم کانفرنس / نیشنل کانفرنس بنائی اور دو ٹرم مقبوضہ جموں و کشمیر کے وزیر اعلیٰ رہے۔
15. پیسہ اخبار (لاہور)، 25مارچ 1909ء، ص 3
16. پیسہ اخبار (لاہور)، 1910ء، ص 4
17. پیسہ اخبار (لاہور) 11اگست 1910ء، ص 2
18. مطبوعہ دہلی سنہ ندارد ص ص 17تا26 (کل صفحات 47) بحوالہ محمد اکرام چغتائی پنجاب میں اردو: مزید تحقیق، ص 95
19. مخزن (لاہور) جون 1919ء، ص 5
20. مخزن (لاہور)، نومبر 1918ء ص 26 تفصیلی مطالعے کیلئے دیکھئے: شیر علی سرخوش، تذکرہ اعجاز سخن (حصہ اول) لاہور 1924ء
21. حافظ محمود شیرانی (1880ء-1946ء) ٹونک میں پیدا ہوئے۔ 1904ء میں اورینٹل کالج لاہور سے منشی فاضل کا امتحان پاس کیا اور انگلستان چلے گئے وہاں کوئی آٹھ سال رہے۔ انگریزی سیکھی۔ برٹش میوزیم، انڈیا آفس اور دیگر کتب خانوں میں جا کر کتب بینی میں مصروف رہے۔ معلومات کا وافر ذخیرہ ان کے سینے میں مزین ہو گیا لیکن کسی یونیورسٹی سے ڈگری حاصل کئے بغیر وطن واپس لوٹ آئے پھر 1928ء میں اورینٹل کالج میں پروفیسر ہو گئے۔ اسی سال آپ کی مشہور زمانہ کتاب ''پنجاب میں اردو'' شائع ہوئی۔ اختر شیرانی (مرحوم) آپ ہی کے صاحبزادے ہیں۔
22. فرید کوٹی، عین الحق ''پنجاب پالی زبان دی جنم بھومی'' مشمولہ کھوج، جلد 2 شمارہ 1 شعبہ پنجابی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور جولائی دسمبر 1979ء ص 57
23. بیدی، کالا سنگھ، ڈاکٹر، ''پنجابی زبان: ابتداء تے ارتقاء'' مشمولہ کھوج، جلد 4 شمارہ I، شعبۂ پنجابی، پنجاب یونیورسٹی، لاہور، جولائی دسمبر 1981ء، ص ص 65تا68

فرید کوٹی، عین الحق، اردو زبان کی قدیم تاریخ، اورینٹ ریسرچ سینٹر، طبع سوم، لاہور 1988ء، ص ص 79-78

سنگھ، پرمندر، ڈاکٹر: کسیل، کرپال سنگھ پروفیسر: لانبہ، گوبند سنگھ ڈاکٹر، پنجابی ساہت دی اُتپتی تے وِکاس، لاہور بک شاپ، چھیواں ایڈیشن، لدھیانہ 1991ء ص 43
24. شیرانی، حافظ محمود، پنجاب میں اردو، اسلامیہ کالج، لاہور 1928ء ص 4
25. Bailey, Grahame, Studies in North Indian Languages, Lund Humphreys & Co, London 1938, P.1

26. فاروقی شمس الرحمن، اردو کا ابتدائی زمانہ، آج کی کتابیں، تیسرا ایڈیشن، کراچی 2009ء ص 58 اس سلسلے میں فیلن اور پلیٹس کی تحریر کردہ لغات بھی دیکھی جا سکتی ہے۔ Fallon, S.W., A New Hindustani-English Dictionary, U.P Urdu Academy, Reprint Edition1986

Platts, John, T., A Dictionary of Urdu Classical Hindi and English, O.U.P, New Delhi 1974

27. ڈاکٹر کے ایس بیدی، تین ہندوستانی زبانیں، انجمن ترقی اردو (ہند) دہلی سنہ ندارد، ص ص 121، 167

28. ڈاکٹر ابواللیث صدیقی، ادب و لسانیات، اردو اکیڈمی سندھ، کراچی 1970ء، ص 204 پنڈت برج موہن دتہ تریہ کیفی دہلوی (کشمیری) کے مطابق اردو کا لفظ سنسکرت کا بھی ہو سکتا ہے۔ یہ لفظ دراصل ارداو (Urdaoo) ہے۔ ''ار'' کے معنی دل اور داو کے معنی دو کے ہیں۔ چونکہ یہ زبان ہندو مسلم تہذیب کے ملاپ سے وجود میں آئی۔ اس لئے اس کا نام ارداو یعنی دو دلوں کو ملانے والا پڑ گیا۔ یہی ارداو بعد کو اردو بن گیا۔ آداب اردو، معین الادب، لاہور 1950ء ص 170

29. جین، بنارسی داس، پنجابی زبان تے اوہدا لٹریچر، مجلس شاہ حسین، لاہور، دوجا ایڈیشن 1967، ص 108 عبدالحق مولوی، قواعد اردو، انجمن ترقی اردو (ہندی) نئی دہلی 1986ء ص 29، اردو ابجد کی بنیادی تعداد 37 ہے۔ بابائے اردو مولوی عبدالحق (1870ء 1961ء) اردو کی تمام اصوات و علامات کی تعداد 50 بتاتے ہیں۔

30. ڈاکٹر آفتاب ابڑو، براہمی خط: برصغیر کی زبانوں کا سرچشمہ، مشمولہ: پاکستان کے ریگستانی علاقوں کا ادبی جائزہ (مرتب: ڈاکٹر عنایت حسین لغاری) شعبہ سندھی وفاقی اردو یونیورسٹی عبدالحق کیمپس، کراچی 2016، ص 91

31. مسعودی، نذیر احمد، جموں و کشمیر کے پہاڑی لوگ، جموں و کشمیر پہاڑی کلچر اینڈ ویلفیئر فورم، سری نگر 1985ء، ص 18

32. تفصیل دیکھئے: سنگھ، سردار گور بخش، گورمکھی لپّی دا جنم تے وکاش، پنجاب یونیورسٹی پبلی کیشنز، چنڈی گڑھ 1950ء

33. درانی، عطش ڈاکٹر، پنجاب کے دفاتر میں اردو اور پنجابی کا مسئلہ،، مشمولہ پاکستان میں اردو، چوتھی جلد پنجاب، ص ص 688 تا 693

ڈاکٹر گل عباس اعوان
پرنسپل گورنمنٹ کامرس کالج، کوٹ سلطان (لیہ)
ڈاکٹر عنایت حسین لغاری
شعبہ سندھی، وفاقی اردو یونیورسٹی، کراچی

حضرت روحل فقیرؒ کی شاعری میں انسان دوستی: ایک تحقیقی مطالعہ

HUMANISM IN THE POETRY OF ROHAL FAQEER

Abstract

Humanism is a rational philosophy. It is supported by all the religions and their massagers. They all affirmed the dignity of each human being. They all supported the maximization of individual liberty and opportunity. They always stood for equality of human rights and duties. The West brought the idea of humanism in the 14th Century. But the Islam supports these ideologies from its beginning. Even before the creation of the earth, Allah gave honor and respect to human being. The same ideas were preached by the saints of Islam. Rohal Faqeer is one of the Sufis who supported for humanity through their poetry. This article of the poet who defines humanism. It also throws light on the values of humanism. It is believed by the Sufi and the man of today, that if these values are adopted, a peaceful society will take birth. Actually humanism is an effort for a peaceful society. The poetry of Rohal Faqeer is still playing its role of purifying the man.

انسان کس قدر عظیم ہے اس کا اندازہ اسی بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ وہ اپنی تخلیق سے قبل ہی، کائنات کا موضوعِ خاص تھا، اب بھی ہے اور، وہ تا آبد بھی، موضوعِ خاص رہے گا۔ تمام مذاہب، اُسی کے گرد گھومتے ہیں۔ دُنیا کی تمام معلوم تہذیبوں میں، اُسے مرکزی حیثیت حاصل رہی ہے۔ لہذا تمام بنی نوع انسان، اُن کے مذاہب، مفکرین، فلسفی اور رشی، جس ایک بات پر متفق ہیں، وہ انسان دوستی ہے۔ تمام مصلحین اور مفکرین عظمتِ بشر، فلاحِ بشر، احترامِ آدمیت، رواداری، مساوات، بے تعصبی، وسیع المشربی، تحمل اور برداشت کا درس دیتے آرہے ہیں۔ انسان کی یہی خیر خواہی، اُس کے لئے نیک تمنائیں، اُس کی بہتری کی کوشش، دراصل انسان دوستی ہے۔

انسان دوستی کے موضوع کی طرف جب آتے ہیں اور مختلف مکاتیبِ فکر، کا مطالعہ کرتے ہیں تو یہ بات سامنے آتی ہے، انسان دوستی (Humanism)، لاطینی زبان کے لفظ (Humanus) سے ماخوذ ہے۔انسان دوستی کے تصور کا نقطہ ئ آغاز مشہور یونانی مفکر پروٹیگورس (Protagoras) کا وہ قول بتایا جاتا ہے، جس میں اُس نے کہا کہ انسان تمام اشیاء کو ماپنے کا پیمانہ ہے (is the measure of everyting Man)۔ بعدازاں یہی خیال، اٹلی میں چودھویں صدی عیسوی میں ایک تحریک کی صورت میں اُبھر کر سامنے آیا۔" یہ تحریک جس عہد میں پھلی پھولی، وہ احیاء العلوم کا دور کہلایا۔"(1)

انسان دوستوں کے مطابق " پہلا انسان دوست اٹلی کا مشہور ادیب اور شاعر پیٹرارک (Petrarck) تھا۔"(2)۔ یہ اس قدر رجحان ساز انسان تھا کہ اس کا اثر، ہمیں پوری انسان دوست تحریک میں نظر آتا ہے۔یہ اپنے معاشرے کا بے لاگ مبصر تھا۔اس نے کلیساء کے جبر واستبداد، رسوم پرستی اور روایت پرستی کے خلاف آواز اُٹھائی۔اُس نے اپنے عہد کے لوگوں کا مزاج اور سوچ بدلنے کی کوشش کی۔وہ عموماً کہا کرتا تھا کہ لوگ ولیّوں کے جُوتے اور رُومال تو چومتے ہیں، مگر اُن کی تعلیمات پر عمل نہیں کرتے۔رفتہ رفتہ پیٹرارک کی یہ تعلیمات قبولِ عام کا درجہ حاصل کرتی گئیں۔پیٹرارک کا انتقال 1518ء میں ہوا۔امریکن ہیومنسٹ ایسوسی ایشن کے مطابق:

> "Humanism is a rational philosophy informed by science, inspired by art and motivated by compassion, affirming the dignity of each human being, it supports the maximation of individual liberty and opportunity, consonant with social and planetary responsibility. Humanism thus derives the goals of life from human need and interest, rather than from theological, ideological abstraction. It asserts that humanity must take responsibility for its own destiny." *(The American Humanist Association)* (3)

(ترجمہ): انسان دوستی ایک ایسا فلسفہ ہے، جسے سائنس نے شعور، آرٹ نے روح، اور جذبہ ئ تُرحم نے تحرک بخشا۔ یہ فلسفہ عظمتِ بشر کا اقرار کرتا ہے۔ یہ ایسی انفرادی آزادی اور مواقع کی حمایت کرتا ہے، جس میں سماجی اور ارضی ذمہ داریاں شامل ہوں۔ یہ جمہوریت اور ایسے آزاد معاشرے کی حمایت کرتا ہے، جس میں انسانی حقوق اور سماجی انصاف میّسر ہو۔ یہ معاشرہ مافوق الفطری عقائد سے آزاد ہو۔ یہ فلسفہ انسان کو فطرت کا حصہ سمجھتا ہے اور اعلی اقدار پر ایمان رکھتا ہے۔۔۔ خواہ یہ اقدار مذہبی، اخلاقی، سماجی اور سیاسی ہوں۔۔۔ مزید یہ کہ

ان اقدار کا ذریعہ انسانی تجربات اور ثقافت ہو۔ اس طرح انسان دوستی، انسانی زندگی کے مقاصد، نظریاتی اور تصوراتی خیالات کی بجائے، انسانی ضروریات اور دلچسپی کی اشیاء سے حاصل کرتی ہے۔ یہ فلسفہ اس بات پر بھی زور دیتا ہے کہ انسانیت کو اپنی منزل حاصل کرنے کے لئے اپنی ذمہ داریاں قبول کرنی چاہییں۔"

احیاءالعلوم ایک علمی تحریک تھی۔اس تحریک سے منسلک لوگوں کا مقصد یہ تھا کہ قدیم ادباء کی تحریروں کو اُن کے تاریخی پس منظر میں دیکھا اور سمجھا جائے۔ حق اور سچ کے مُتلاشی یہ لوگ، عیسائی مبلغین کی تحریروں کو شک کی نگاہ سے دیکھ رہے تھے۔ اُن کا خیال تھا کہ یہ مبلغین، ان تحریروں کی تشریح، اپنے مقاصد کے لئے کر رہے ہیں۔ایک انسائیکلوپیڈیا میں انسان دوستی کے تعریف، کچھ اِن الفاظ میں درج ہے۔

"قرونِ وسطیٰ کی عیسائیت نے انسان کے ارضی کردار کا مطالعہ کیا اور اس نتیجہ پر پہنچے کہ انسان بعد از موت، اللہ تعالیٰ کے رحم کا محتاج ہے، اس پر انسان دوستوں نے انسانی زندگی کی قدر و قیمت کو.. زندگی قبل از موت.. ، کے تناظر میں دیکھا اور زندگی سے بھرپور لطف اندوز ہونے پر زور دیا۔ مزید برآں انسان کی عظیم صلاحیتوں کا اعتراف بھی کیا۔"(4)

اس تعریف سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ انسان دوست (Humanist) بنیادی طور پر، انسانی عظمت کے قائل ہیں اور یہ سمجھتے ہیں کہ انسان کو اپنی صلاحیتوں پر اعتماد کرتے ہوئے، ان کا بھرپور استعمال کرنا چاہیے۔انسان دوستی کی ایک اور تعریف کے مطابق:-

"ہیومنزم، ایک ذہنی رویہ ہے، جو کہ بنیادی طور پر انسان، اُسکی صلاحیتوں، اُس کے معاملات، دُنیاوی خواہشات اور اُسکی فلاح و بہبود پر توجہ دیتا ہے۔ یہ لاطینی زبان کے لفظ Humanu سے ماخوذ ہے، جس کا مطلب انسان (Human) ہے۔ دراصل لاطینی زبان کا لفظ Homo، انگریزی زبان کے لفظ((Man فرد اور لاطینی زبان کا لفظ (Homines) انگریزی زبان کے لفظ (Mankind) کے مترادف ہے۔"(5)

ان تعریفوں سے یہ بات سامنے آتی ہے کہ انسان دوستی ایک فلسفیانہ نظریہ ہے جو انسان کو عظیم، عاقل اور خود مختار دیکھنا چاہتا ہے۔ یہ چاہتا ہے کہ انسان اپنے فیصلوں میں آزاد ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ انسان دوستی ایسا فلسفہ ہے جو عظمتِ بشر کا اقرار کرتا ہے۔ یہ ایسی انفرادی آزادی اور مواقع کی حمایت کرتا ہے، جس میں فرد پر سماجی اور ارضی ذمہ داریاں بھی عائد ہوں۔ یہ ایسے معاشرے کی بھی حمایت کرتا ہے۔

"جس میں انسانی حقوق اور سماجی انصاف میسر ہو۔ یہ معاشرہ مافوق الفطری عقائد سے آزاد ہو۔

یہ فلسفہ انسان کو فطرت کا حصہ سمجھتا ہے اور اعلیٰ اقدار پر ایمان رکھتا ہے۔ خواہ یہ اقدار مذہبی، اخلاقی، سماجی اور سیاسی ہوں۔ مزید یہ کہ ان اقدار کا ذریعہ، انسانی تجربات اور ثقافت ہو۔ اس طرح انسان دوستی، انسانی زندگی کے مقاصد، نظریاتی اور تصوراتی خیالات کی بجائے انسانی ضروریات اور دلچسپی کی اشیاء سے حاصل کرتی ہے۔ یہ فلسفہ اس بات پر بھی زور دیتا ہے کہ انسانیت کو اپنی منزل حاصل کرنے کے لئے، اپنی ذمہ داریاں قبول کرنی چاہییں۔"(6)

اگر مغربی مکاتیبِ فکر کی انسان دوستی کی تعریفوں کو مدِ نظر رکھا جائے تو کچھ اس طرح کے نکات سامنے آتے ہیں۔ جن کے مطابق انسان دوستی، اُردو زبان کی اصطلاح ہے۔ یہ انگریزی کے لفظ Humanism کا ترجمہ ہے۔ یہ ایک فلسفہ، نظریہ، عقیدہ اور رویہ ہے۔ یہ انسان، اُس کی صلاحیتوں، اُس کے معاملات، اُسکی دُنیاوی خواہشات کا مطالعہ کرتا ہے۔ یہ انسان کی فلاح و بہبود پر توجہ دیتا ہے۔ یہ فلسفہ انسانی عظمت کا قائل ہے اور اُس کے تسلیم کیے جانے پر زور دیتا ہے۔

اس کے مقابل، اگر ہم اسلام کے تصورِ انسان دوستی پر نگاہ ڈالیں تو یہ حقیقت سامنے آتی ہے کہ حضرت آدمؑ سے لے کر حضرت محمد ﷺ تک ہر نبیِ مکرم نے انسانی عظمت کے اعتراف کرنے پر زور دیا۔ انسان کی ابتداہی میں فرشتوں کو یہ حکم دے کر، کہ انسان کو سجدہ کرو، اللہ تعالیٰ نے انسانی عظمت کا معیار قائم کر دیا۔ اس کے ساتھ ہی یہ بھی واضح کر دیا کہ اگر کسی نے انسان کی عظمت کو تسلیم نہیں کیا، تو اُسے ابلیس قرار دیکر دھتکار دیا گیا۔ یوں، میرے نزدیک، اسلام میں انسان دوستی کا تصور بہت قدیم بھی ہے اور مسلسل بھی۔ یہی وجہ ہے کہ ہم یہ کہہ رہے ہیں کہ اسلام کے تصور انسان دوستی کی دو خوبیاں، اہلِ مغرب کے تصورِ انسان دوستی سے مختلف بھی ہیں اور نمایاں بھی۔ وہ یہ کہ اللہ تعالیٰ، انسان کو خاص خصوصیات سے مُتصف دیکھنا چاہتا ہے۔ اور یہ کہ یہ خوبیاں، انسان کی ذات میں اُسی وقت آسکتی ہیں، جب وہ، اسلام کی تعلیمات پر ایمان لائے گا۔ فلسفۂ اسلام کی روشنی میں، انسان دوست:

"اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھتے ہیں(2:2)۔ آخرت پر یقین رکھتے ہیں(4:2)۔ اللہ تعالیٰ کے نام پر صدقہ و خیرات کرتے ہیں(27:40)۔ اپنا جان و مال اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں (9:111)۔ خواہشاتِ نفس پر قابو رکھتے ہیں(5:23)۔ خود بھی رحم کرتے ہیں اور دوسروں کو بھی رحم کرنے کی تلقین کرتے ہیں(17:90)۔ راست گو ہیں(2:23)۔ لالچ سے پرہیز کرتے ہیں(16:64)۔(القرآن)"(7)

سرائیکی برِصغیر پاک و ہند کی قدیم ترین زبانوں میں سے ایک زبان ہے۔ آریائوں کی کتابِ

مقدس، رگ وِید، بھی یہیں وادی ئِ سندھ میں تخلیق ہوئی۔ بُدھ مَت بھی اسی علاقے میں موجود رہا۔ مزید یہ کہ یہاں پر موجود دیگر مذاہب اور عقائد کے مذہبی اکابرین اپنے اپنے انداز میں، لوگوں کو راہِ حق اور انسان دوستی کا راستہ دکھاتے رہے۔ اسلام نے بھی انسان کو آفاقی اور ابدی حقیقتوں سے روشناس کرایا۔ اسلام کی تعلیمات میں یہ بات تسلسل سے آتی رہی کہ دُنیاوی مال و دولت عارضی شئے ہے۔ بقا، صرف اخلاقی قدروں کو ہے۔ وادیِٔ سندھ کی اخلاقی اور انسان دوستی کی شاعری پر تبصرہ کرتے ہوئے ڈاکٹر علمدار حسین بخاری لکھتے ہیں:

"ان میں مختلف مذہبی و ثقافتی روایات کے لئے قبولیت اور برداشت اور ان کے ساتھ بقائے باہمی (Co-existence) کی جد وجہد کا انتہائی دلکش منظر نامہ اُبھرتا چلا جاتا ہے۔ اس لئے گنانوں میں زیادہ تر محبت اور امن وآشتی کا پیغام ملتا ہے۔ اِن میں بھگتی تحریک کے زیرِاثر ہونے والی شاعری کی طرح احترامِ انسانیت، رواداری، دُنیا کے عارضی اور فانی ہونے پر یقین کی بنا پر حرص وہوس سے پرہیز اور دیگر اخلاقی مضامین کا مخصوص انداز میں اظہار ملتا ہے۔"(8)

یہ سب اس خطے کی انسان دوستی کا پس منظر بنتا ہے۔ یہ پس منظر سندھی صُوفیا کے پیش منظر بھی تھا۔ وادی سندھ اپنی وسعت کی طرح اپنی قدروں میں بھی وسعت رکھتی ہے۔ روحل فقیرؒ، اِسی وادیِٔ سندھی کی ایک میٹھی اور مَن بھاونی آواز ہیں۔ انسان دوستی کی یہ قدریں وہاں کی شاعری کا پس منظر بنتی ہیں۔ فقیری، انسان دوستی کی ایک خوبصورت قدر ہے۔ یہاں تو فقیر، روحلؒ سئیں کے نام کا حصہ ہے۔ آپؒ کے والدِ محترم کا نام شاہو فقیر تھا۔ روحل فقیرؒ کا سنِ پیدائش 1733ء یا 1734ء بتایا جاتا ہے۔(9)

روحل فقیر تھر کے علاقے عمرکوٹ کے قریب پیدا ہوئے، آج بھی وہاں روحل واءِ کے نام سے گاؤں موجود ہے۔ آپ کا تعلق بلوچ قوم کی شاخ زنگیجا سا تھا۔

"میاں غلام شاہ، روحل فقیر سئیں کی تمام صفات سے پوری طرح واقف تھا۔ نرم مزاج، نمانتا سے متصف، حرص وہوس سے پاک۔ میاں صاحب، اُن کے سرپرست بن گئے۔"(10)

بندے یوں ہی معزز نہیں بن جاتے۔ زمانہ اُسی وقت ہی کسی کا احترام کرتا ہے، جب وہ اپنے کردار سے اپنے آپ کو لائقِ احترام ثابت کرتا ہے۔ میاں غُلام شاہ کے ہاں ملازمت کے بعد، روحل فقیرؒ نے، اپنے عمل سے اپنا مقام و مرتبہ بنایا۔ میاں غلام شاہ نے اُنہیں توشہ خانہ کا انچارج مقرر کر دیا۔ مگر، روحل فقیرؒ، اتنا بڑا عہدہ حاصل کرنے کے باوجود، فقیر، ہی رہے۔ حقیقت یہ کہ، یہ فقیر، خالی فقیر ہی نہیں تھا، ایک جہاں دیدہ اور دُور اندیش انسان تھا۔ میاں غلام شاہ کی وفات کے بعد، اُن کے بیٹے اور نئے

بننے والے حکمران کی بابت روحل فقیرؒ کواندازہ لگانے میں نہ تودیر ہوئی اور نہ غلطی۔ روحل فقیرؒ کواندازہ ہو گیا تھا کہ اب حالات ویسے نہیں رہیں گے۔ اُنہوں نے حکمران کے سامنے کلمہ ئِ حق ادا کیا، ملازمت سے استعفی دیااور نئی منزل کی تلاش میں نکل پڑے۔ کئی علاقوں کی سیر کی۔اسی سیر و سیاحت کے دوران میں،اُنکی ملاقات شاہ عنایت اللہ سے ہوئی اور آپ اُن کی مریدی میں آگئے۔

روحل فقیر سندھی، ہندی، سرائکی، مارواڑی اور فارسی میں شاعری کہ ہندی میں آپ کو مہارت حاصل تھی۔ ہندی میں آپ کے چار رسائل بہت مشہور تھے۔(12)

روحل فقیرؒ سئیں،ایک بے چین روح تھے۔ سیر و سیاحت اور نئی دُنیاؤں کی تلاش نے اُنہیں ایک جگہ ٹکنے نہ دیا۔آپ پھر سیاحت کو نکل پڑے۔ اسی دوران میں اُنہیں جودھ پُور جانے کا اتفاق ہوا، جہاں اُن کی ملاقات راجہ بجیا سنگھ سے ہوئی۔اُسے بھی روحانیت کی تعلیم دی۔ ایک عرصہ تک ہندو سادھوں سے بھی ملاقات رہی۔ پھر وہاں سے بھی روانہ ہوپڑے۔ لیکن زندگی کو کہیں نہ کہیں تو رُکنا ہوتا ہے۔ زندگی کے سفر میں چلتے چلتے اُن کی چادر کاایک پلو،ایک چھوٹی کنڈی(ایک خودرو پودا) میں اُلجھ کے رہ گیا۔آپ نے پہلے تو،اسے چھڑوانے کی کوشش کی، مگر پھر اسے غائبی اشارہ اور حکمِ ربّی سمجھتے ہوئے وہیں ڈیرے لگا لئے۔اِسی نسبت سے اس جگہ کا نام "کنڈری"پڑ گیا۔ روحل فقیرؒ سئیں نے اپنی وفات (1804ء) تک یہیں قیام پزیر رہے۔

روحل فقیرؒ سئیں کو فقیری اور انسان دوستی کہاں سے ملی،اس کے سارے اشارے شاہ عنایت اللہ شہید کی طرف جاتے ہیں۔ شاہ عنایت اللہ سلسلہ قادریہ کے ایک نامور بزرگ تھے۔ شاہ عنایت اللہ کے بارے بتایا جاتا ہے کہ آپ ملتان کے رہنے والے تھے۔ ظاہری اور روحانی تعلیم مکمل کرنے کے بعد، اُنہوں نے ٹھٹھہ (سندھ)، میں سکونت اختیار کرلی۔

> ”روحل فقیر کے کلام کے مطالعے سے پتہ چلتا ہے کہ آپ کہ شاعری میں تصوف کا رنگ نمایاں نظر آتا ہے۔آپ کی شاعری کی زبان سادہ لیکن فصیح و بلیغ ہے۔“ (12)

روحل فقیرؒ سئیں کو انسان دوستی کی ساری قدریں، اپنے پیر و مرشد سے عطا ہوئیں تھیں۔ روحل فقرؒ،خوددار بھی تھے اور استحصالی طبقہ سے شدید متنفر بھی۔ یہی وجہ ہے کہ میاں غلام شاہ کی وفات کے بعد،وزارت سے استعفی دے کر، پھر،سے فقیری اختیار کرلی۔ شاہ عنایت اللہ صُوفی اور انسان دوست تھے۔ یہی دونوں خوبیاں،روحل فقیرؒ سئیں میں بھی تھیں۔

سلسلہ قادریہ کے بزرگوں کی ایک خوبی یہ بھی ہے اُن کا میل جول تمام عقائد کے لوگوں سے

یکساں رہتا ہے۔ شاہ عنایت اللہ شہید، سئیں سچل سرمستؒ، سئیں قادر بخش بیدلؒ اور روحل فقیرؒ سئیں کے پاس مسلمان، ہندو، سب لوگوں کا آنا جانا لگا رہتا تھا۔ اِن آنے والوں میں سے متعدد لوگ مخلص اور دلی طور پر معتقد بھی تھے۔ بندے سے اسی جُرأت نے، روحل فقیرؒ کے طفیل سندھ میں، وسیع المشربی، وسیع القلبی اور اعلی ظرفی کی روایت کو آگے بڑھایا۔ انسان دوستی کی یہ اقدار پُر امن معاشرہ کی تشکیل میں مدو معاون ثابت ہوتی ہیں۔ تحمل، برداشت اور خاص طور پر مذہبی برداشت، معاشروں کو پُر امن اور خوشحال رکھتی ہے۔ یہ قدریں امن اور ترقی کی بنیاد ہیں۔ آج کی مذہبی عدم برداشت اور تنگ نظری نے، منفی بنیاد پرستی کو جنم دیا ہے۔ منفی بنیاد پرستی نے، انتہا پسندی کو، اور انتہا پسندی نے دہشت گردی کو جنم دیا ہے۔ آجکل وسیع پیمانے پر نظر آنے والی دہشت گردی، قتل وغارت، دھماکے، اندھا دُھند فائرنگ، سب عدم برداشت اور تنگ نظری کی پیداوار ہیں۔

روحل فقیر سئیںؒ کی تعلیمات اور مذہبی افکار نے اُن کے زمانے اور آنے والے تمام زمانوں کو، وسیع المشربی عطا کی ہے۔ وسیع المشربی نے ہمیشہ امن، سلامتی، رواداری، محبت، اخلاص اور برابری کی فضا قائم کی ہے۔ بُغض، حسد، نفرت، لسانی، فرقہ پرستی اور طبقاتی اختلافات کا خاتمہ اسی سے ہی ممکن ہے۔ انسان دوستی کی یہ قدریں، انسانیت پسندی کو فروغ دیتی ہیں۔ ایک پُر امن معاشرہ، اسی سے ہی معرضِ وجود میں آئے گا۔ انسان دوستی کی قدروں میں ایک قدر، راضی بہ رضا الٰہی رہنا ہے۔ تسلیم ورضا میں بڑا سُکھ رکھا ہے۔ روحل فقیر سئیںؒ فرماتے ہیں۔

زاری وِچ رہیں، توڑیں ملے دلاسا
ایہ جگ بازیگر دی بازی، رکھیں نہ بھرواسا
ڈاڈھے نال شراکت کیہنی، کِن تولا، کِن ماسہ
روحل تھی رضا تے راضی، پائیں سُکھ سواسا

(ترجمہ): جگ میں چاہے کچھ بھی پالو، کرنا پھر بھی عاجزی
یہ دُنیا سب اس کا کھیل ہے، کسی کا کیا اعتبار
زوراور سے کیسی شراکت، کیا تولا، کیا ماسہ
روحل اُس کی رضا پہ راضی، پائے سُکھ ہر بار

اِس دُنیا میں تو اپنے لئے جینا بھی بہت مشکل کام ہے، اور جو، لوگ دوسروں کے لئے جیتے ہیں، وہ تو بہت ہی مشکلات کا سامنا کرتے ہیں۔ چونکہ انسان دوستی دوسروں کے لئے جینے کا نام ہے، اس لئے انسان دوست کو بھی قدم قدم پہ مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ البتہ فرق یہ ہے کہ اپنے لئے جینے والے،

بعض اوقات تو اپنی زندگی میں مر، مِٹ جاتے ہیں، یا، پھر اُن کی موت کے کچھ عرصہ بعد، اُن کا نام لیوا، بھی کوئی نہیں ہوتا، جبکہ انسان دوست اپنی موت کے بعد بھی، اَمر ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ اُن کا ہر عمل فلاحِ بشر کے لئے ہوتا ہے۔

ن نوبت وَجدی عِشقاں والی، پیر اُٹھائیں کوں پاوے
بار براہ دا او کھا ڈاڈھا، سر ڈے کے سور ھیہ چاوے

ترجمہ: جب عشق کی نوبت بجتی ہے، تو اُسے سُن کر ہمت والے ہی میدان میں آتے ہیں
عشق کا بار اُٹھانا بہت ہی مشکل ہے۔ اِسے اُٹھانے کے عوض، سر، پیش کرنا پڑتا ہے۔

سلسلہ قادریہ میں یہ خیال عام ہے، کہ "جاگ بِناں دودھ جمدے ناہی" کہ جیسے جاگ کے بغیر دودھ، دہی نہیں بنتا، اِسی طرح کسی مرشد کامل کے بغیر، منزل تک پہنچنا محال ہے۔ روحل فقیر سئیں ؒ بھی اسی نظریہ کے تحت، ایک مرشد کامل کا ہاتھ تھامے، انسان دوستی کے راستے پر چلتے رہے۔ مرشد نے اُنہیں عشق کی بَھٹی میں ڈال کر، سونے سے کندن بنا دیا۔

کامل مرشد راہ بتایا روحل، وِچوں روحِ اللہ، پایا
آخر ذات ملی وِچ ذاتیں ڈیندا عشق آگاہی ہے

واقعی، عشق اپنی ذات اور ذاتِ الٰہی سے آگاہی دیتا ہے۔ جب انسان کو یہ آگاہی حاصل ہو جاتی ہے، کہ وہ کس عظیم ذات کا حصہ ہے، تو، وہ سب سے پہلے اپنے مَن کا میل اُتارنے کے عمل میں لگ جاتا ہے۔ مَن پر میل کی سب سے پہلی تہہ، طمع، کی ہوتی ہے۔ جب انسان یہ تہہ اُتار لیتا ہے تو، انسان دوستی کی راہ پر آجاتا ہے۔ اس صراطِ مستقیم پر مسلسل چلنے والا گیانی (انسان دوست)، بالآخر اُس عظیم تر انسان دوست (اللہ تعالی)، کی قُربت میں پہنچ جاتا ہے۔

طالب ترک کریں جے طمع نال تمامی
ہفت ولایت تیڈے خادم، سجن صاف سلامی
تُوں صاحب دا، صاحب تیڈا، رَمز نہ جانے عامی
روحل موت نہ مارے تیکوں جے ہویوں عرش مقامی

ترجمہ: اگر طالب طمع اور حرص کے تمام باتیں چھوڑ دے تو۔ اے طالب: ہفت ولایت بھی
تیرے خادم بن جائیں گے، اور تمام لوگ صاف دلی سے تجھے سلامی پیش کریں گے اے

طالب، تُوں صاحب (اللہ تعالی) کا، اور اللہ تعالی تیرا ہو جائے گا۔ یہ راز کی بات ہے جو عام بندے کی سمجھ میں نہیں آئیگی۔ اے روحل، اگر تُوں نے اپنا تعلق عرش والے سے جوڑ لیا، تو، تجھے (تیرے نام کو) موت بھی نہیں آئے گی۔

عاجزی، انکساری اور راضی بہ رضائے الٰہی، انسان دوستی کی نمایاں قدروں میں سے ہیں۔ راضی بہ رضائے الٰہی کی ایک عمدہ مثال ہمیں کربلا میں نظر آتی ہے تو، کبھی حضرت ابراہیمؑ اور حضرت اسماعیلؑ کے عمل کی صورت میں۔ ایک انسان دوست حضرت اسماعیلؑ کو چھری کے نیچے لٹا دیتے ہیں تو دوسرے انسان دوست کربلا کے میدان میں اپنے پیاروں کو، خود اپنے ہاتھوں سے موت کی طرف روانہ کرتے ہیں۔ اتنی بڑی قربانیاں دینا، عام انسان کے لئے ممکن نہیں۔ روحل فقیر سئیںؒ اس موقعہ پر بھی یہی کہتے ہیں کہ " ہر حالت دے وِچ راہندے راضی، شامت آوے یا راحت " یعنی انسان دوست ہر حالت میں راضی رہتے ہیں خواہ اُنہیں سکون ملے یا سزا۔ روحل فقیر سئیںؒ کے مطابق انسان دوستی، ایسا عشق ہے، جو، ہر شخص نہیں کرتا۔ بارِ خلافت سوائے انسان کے کوئی نہیں اُٹھاتا۔

جیم جڈاں کر سر، تے چایم، بار محبت والا
حال عجائب سر تے آیا، ہر دم حیرت والا
ہر جا راگ ربوبی گاوے، مطرب وحدت والا
سَبھ دی ہمت ناہیں روحل، جانے ہمت والا

ترجمہ: جب سے میں نے سر پہ اٹھایا، بار محبت والا
عجب حال نظر میں آیا، ہر دم حیرت والا
ہر جا راگ ربوبی گائے، مطرب وحدت والا
سب میں ہمت کہاں تھی روحل اُٹھائے ہمت والا

نُور اور ظُلمت میں ہمشہ سے جنگ جاری ہے۔ نُور، کا کام اندھیروں کو ختم کرنا ہے۔ حرص، لالچ، خود غرضی، تعصب، کوتاہ اندیشی، بے ایمانی، عدم برداشت، ظُلم، ناانصافی، عدم مساوات، عدم رواداری وغیرہ، یہ سب ظُلمت کی علامتیں ہیں۔ جبکہ احساسِ عظمتِ بشر، فلاح، بشر، احترامِ آدمیت، وسیع القلبی، وسیع المشربی، تحمل مزاجی، رواداری، برداشت، نرم مزاجی اور جمہوریت وغیرہ، انسان دوستی کی اقدار ہیں۔ جب انسان، ان اچھی اقدار کو، پریم پیالا، سمجھ کر پیتا ہے، تو، اُس کے اندر وہ نُور پھوٹتا ہے کہ کائنات اپنے سارے سربستہ رازوں سمیت، اُس کے سامنے منکشف ہو جاتی ہے۔ اُس انسان دوست پر، ربوبی رنگ

چڑھنا شروع ہو جاتا ہے۔ وہ سر مستی میں آکر "سدا مگن متوالا" ہو جاتا ہے۔

عین عنایت کیتی ساقی، ڈِتس پریم پیالا
پیون نال شراب طہورا، اندر تھیا اُجالا
لُوں لُوں دے وِچ تھئی خوشحالی، مِٹیا ڈُکھ کشالا
روحل رنگ ربانی رَتا، سدا مگن متوالا

ترجمہ: عین عنایت اُس ساقی کی، بخشا پریم پیالا
پیتے ہی وہ شراب طہورا، اندر ہوا اُجالا
سب تَن اندر آئی خوشحالی، ختم درد کشالا
روحل رنگ وہ لال ربوبی، سدا مگن متوالا

روحل سئیںؒ نہ صرف سُرخ رنگ ربوبی، میں رنگے جاتے ہیں بلکہ وہ اس رنگ میں سدا، مگن متوالے رہنا چاہتے ہیں۔ اس سرخ ربوبی رنگ کی وضاحت بھی وہ خود کرتے ہیں۔ وہ بتاتے ہیں کہ انسان دوستی کی مثبت اقدار ہی، دراصل سُرخ رنگ ربوبی ہیں۔

جیم جہاں دُنیا دا طالب، چھوڑ تنہیں دی یاری
حرص، ہوا، تکبر کوں، تک ماریں کیبر کاری
جنہاں عشق اللہ دا چایا، تنہاں تیڈی تاری
روحل تھی قربان تنہاں تُوں، جنہاں ممتا ماری

ترجمہ: جیم جہان دنیا کے طالب، چھوڑ تُوں اِن کی یاری
حرص، ہوا، تکبر سب کو، مارو ضرب کاری
عشق اللہ سے کرنے والے، مدد کریں تمہاری
روحل ہوں قربان میں اُن پر، "میں" جنہوں نے ماری

انسان دوستوں کی منزل، دراصل، اُس عظیم انسان دوست کا قُرب حاصل کرنا ہے، جس کی انسان دوستی میں کوئی شک نہیں۔ جو، اس کائنات کی ازل اور ابد ہے۔ جو، لازوال ہے۔ جو، آبد اور لاآبد ہے۔ جس کی قربت حاصل کرنے کے لئے تمام مذاہب کے مفکر، رَشی اور صُوفی سرگرداں ہیں۔ روحل فقیر سئیںؒ جانتے ہیں کہ اُس کا قُرب حاصل کرنے کے لئے اپنے مَن کے میل کو دھونا پڑتا ہے۔ دُنیاداری کی حرص کو ختم کرنا پڑتا ہے۔ دُنیاوی شان و شوکت کی خواہش ترک کرنی پڑتی ہے۔

"جو شخص فنا فی اللہ ہو جاتا ہے، وہ کشف و کرامات کی خواہش نہیں رکھتا۔ اور نہ ہی وہ دُنیاوی شان و شوکت کی خواہش رکھتا ہے۔"(13)

روحل فقیر سئیںؒ کے مطابق، جو لوگ انسان دوستی کی اقدار پر عمل پیرا رہتے ہیں، وہ ایک نہ ایک دن قُربِ الٰہی حاصل کر لیتے ہیں۔ جو، اس کائنات کی برات کا مرکز ہے۔

ایہہ سنسار ٹھگاں ٹھگ بازی، اکھیں نال ڈِٹھو سے
ڈیکھ تماشا مُحب مِلن دا، ایہو فکر پیو سے
چشمہ آب حیاتی دا، دِل اندر گھول لدھو سے
روحل وِچ رِنداں دی مجلس، نوشہ گول گھدو سے

ترجمہ: یہ جگ ٹھگ ٹھگوں کی بازی، آنکھوں سے سب دیکھا
جب دیکھا اُس مُحب کا جلوہ، اُس کا فکر ہوا
چشمہ آب حیاتی کا، مجھے دل کے اندر ملا
روحل بیچ رِندوں کی مجلس، دولہا ڈھونڈ لیا

یہ رِندوں کی مجلس کیا ہے۔ رِند، استعارہ ہے درد کے مارے لوگوں کا، حالات کی چکی میں پسے ہوئے عوام کا۔ بے سہارا محتاجوں کا، لاوارثوں اور ضرورت مندوں کا۔ یہ استعارہ ہے مظلوموں کا۔ خستہ حالوں کا۔ یا، پھر اُن لوگوں کا، جنہوں نے بادشاہوں اور اُمراء کی محافل ترک کر کے، اِن رِندوں کی مجلس کو ترجیح دی۔ یہی وہ لوگ ہیں، جو کائنات کے اُس مرکز کو ڈھونڈ لیتے ہیں، اور ابدی طور پر، اُس کی حضوری کا شرف حاصل کر لیتے ہیں۔

جج حضور تنہس کوں لکھیا، سچی سِک جنہیں دی
دل دریا محبت دے وِچ، تانگھیں تانگھ تنہیں دی
رہن بے پرواہ ہمیشہ، کیا پرواہ کہیں دی
روحل رنگ ربانی لاگا، پُنی آس اُنہیں دی

ترجمہ: جج حضوری اُن کی قسمت، سچی سِک ہے جن کی
دل دریا محبت اندر، سچی طلب ہے جس کی
بے پروا رہیں یہ ہر دم، کیا پرواہ ہو کس کی
روحل جس نے رنگ لگایا، پوری آس اُسی کی

اسلام میں انسان دوستی کا بنیادی ماخذ، ذاتِ باری تعالیٰ ہے۔ کیونکہ وہ ذات، سب سے بڑی انسان دوست ہے۔ حضرت روحل فقیرؒ بھی اُس عظیم انسان دوست کی ہستی میں غرق ہوئے۔ فنا فی اللہ ہوئے، کیونکہ یہیں سے اُنہیں باقی باللہ کی سند عطا ہونا تھی۔ اُنہیں عشق حقیقی کی آگ میں جلنے کی لذت نے مسحور و مسرور کر دیا تھا۔ عشق کی یہ ہلکی ہلکی آنچ، ایک دن شعلہ بن گئی۔ آگ۔۔۔ عشقِ مجازی کی ہو یا عشقِ حقیقی کی۔۔۔، یہ جنگل کی آگ کی طرح، جسم کو بھی چوفیر (چاروں اطراف سے) لگتی ہے۔ یہ حقیقتِ حق کی تلاش کی آگ ہے۔ اُس نور تک رسائی، اِتنی آسان بھی نہیں ہے۔ اس میں دو چار بہت سخت مقام آتے ہیں۔ لوگ اس منزل تک پہنچنے کے لئے چلے کاٹتے ہیں۔ تسبی پڑھتے ہیں۔ ماتھے پر محراب بھی بن جاتے ہیں۔ حج و زکواۃ، نماز و روزہ کا اہتمام بھی کرتے ہیں۔ مگر سب کی تقدیر میں حضوری نہیں ہوتی۔ ہاں، اُس عظیم انسان دوست تک رسائی کا ایک ہی راستہ ہے اور وہ اُس کی مخلوق سے پیار، کرنا ہے۔ اور روحل فقیرؒ اسی راستے پر چلے اور انسان دوستی کی منزل کا پا لیا۔

حوالہ جات:

1. احیاءالعلوم بمعنی علوم کو زندہ کرنا۔ حوالہ نقل از مولوی فیروزالدین (مرتب) فیروزالغات۔۔ فیروز سنز، لاہور۔ س/ن۔ ص۔74
2. ڈاکٹر گل عباس اعوان۔۔ اُردو شاعری میں انسان دوستی (ولیؔ سے اقبالؔ تک)۔ عثمان پبلیکیشنز، اردو بازار لاہور۔ 2008ء۔۔ ص۔02
3. www./infidels.org/org/aha/definitions.
4. Encyclopedia Britinica Vol 14. Chicago USA 1962. Page 876.
5. Encyclopedia Britinica Vol 14. Chicago USA 1962. Page 876.
6. The American Humanist Association's official definition of Humanism.
7. القرآن
8. ڈاکٹر علمدار حسین بُخاری۔۔ سرائیکی میں صُوفیانہ شاعری۔۔ اسلام کا پیغامِ رواداری۔۔ (مشمولہ عصرِ حاضر میں پاکستان جی صوفی شاعرن جی کلام جی اہمیت۔۔ شعبہ سندھی۔ وفاقی اُردو یونیورسٹی، کراچی۔ جون 2012ء۔ ص۔98
9. ڈاکٹر نصراللہ خان ناصرؔ۔۔ سرائیکی شاعری دا ارتقاء۔۔ جھوک پبلیشرز ملتان۔ باراول 2007ء۔ ص۔580
10. ڈاکٹر جاوید چانڈیو۔۔ (مرتب) سویل۔۔ شعبہ سرائیکی۔۔ اسلامیہ یونیورسٹی بہاولپور۔ 1997ء۔۔ ص۔259
11. ڈاکٹر عنایت حسین لغاری۔ ''عمر کوٹ کے دو بڑے شاعر روحل فقیر اور مراد فقیر'' ماہوار نئیں زندگی حیدرآباد 2005ع، ص18
12. حوالہ ایضاً، ص19
13. حضرت سلطان باہوؒ۔۔ امیر الکونین۔۔۔ 1332ھ۔ ص۔04

ڈاکٹر مزمل حسین
پرنسپل گورنمنٹ پوسٹ گریجوئٹ کالج
کوٹ سلطان، لیہ

فکر فرید اور تہذیبوں کا تصادم:
ایک تحقیقی اور تجزیاتی مطالعہ

CLASH OF CIVILIZATIONS AND CONCEPT OF FAREED: AN ANALYTICAL ANALYSIS

Abstract

The ideal maxim of the "world" being a global village is faced with the grim threat of flying to bits due to the excessively materialistic approach of the modern man. Since man has fallen a prey to the menace of the loaves and fishes, one hardly comes across a precedence of humanity, integrity, morality and solidarity among the petty pursuits taken up by the modern man. This decline has led us to the dread of the clash of civilizations. In the wake of the given dismal situation, the only possible remedy to cure the diseased civilization is to resort to 'mysticism'. The only way to avert the impending threat of the clash of civilizations is to incorporate the teaching and the beliefs of the mysticism among the masses in the literal sense of the word. Though, every single mystic preaches love and harmony, yet Khawja Ghulam Fareed stands head and shoulders above the rest owing to his rich intellect and poetic grandeur. Thus the intellect of Fareed has the potential to serve as an antidote against the malady of the clash of civilizations. The present study explores the instances of solidarity in the intellect of Fareed to serve as a solution to the grave problem of the clash of civilizations.

سرد جنگ کے خاتمے کے ساتھ ہی مسلم دنیا زمانے میں ذلیل ورسوا ہو کر رہ گئی ہے۔ نوے کی دہائی میں یہ باتیں سامنے آنے لگی تھیں کہ ترقی یافتہ دنیا جسے مہذب دنیا کا نام بھی دیا جاتا ہے کو متحد رکھنے کے لیے شاید اب کسی بڑے عفریت کی ضرورت ہے(۱)۔ روس کے بکھراؤ اور مد مقابل سپر پاور کی معدومیت نے یہ بڑا عفریت مذہبی جنونیت کی صورت میں امریکہ اور اہل یورپ کے مقابل لا کھڑا کیا ہے۔

جب تک دنیا میں دو عالمی طاقتوں کے زیر اثر دو واضح بلاک رہے تو تضاد سیاست اور معیشت تک محدود رہا۔ اگرچہ سرمایہ دارانہ بلاک نے سوشلسٹ بلاک کو مات دینے کے لیے اپنے بعض اتحادیوں کو مذہب کے گھن چکر میں پھنسائے رکھا اور انہیں جمہوریت اور لبرل ازم سے کوسوں دور رکھا بطور خاص اکثر اسلامی ریاستیں اپنے اپنے عوام کو مذہب کے تحفظ کے لیے جہاد کے درس دیتی رہیں اور تعلیمی اداروں اور میڈیا کو ایک خاص طرح کے مائنڈ سیٹ کی تشکیل دینے میں مگن رکھا اور جونہی کولڈ وار کا خاتمہ ہوا تو یہ کمزور اور اپنی اپنی رائے سے عاری ریاستیں بڑے مخمصے کا شکار ہو گئیں(2)، جہاں ترقی پسند لیفٹ کے نظریات رکھنے والے ممالک کے لوگ یکلخت بے سایہ ہونے لگے اور خود کو بے یار و مددگار اور تنہا محسوس کرنے لگے وہاں خفیہ فنڈز سے چلنے والی مذہبی تنظیمیں بھی سرپرستی سے محروم اور معاشی بحرانوں کا شکار ہونے لگیں۔ ایک عرصے تک مذہبی جنونیت کو سچ سمجھنے والے کئی طبقات اور گروہ یہ باور کرنے لگے کہ ان کے دکھوں کی ذمہ دار مہذب دنیا ہے اور اس جانب کبھی توجہ ہی نہ دی کہ ان کا تنہا اور غریب رہ جانے کی وجہ ان کی ریاستی پالیسیاں اور ذہنی پس ماندگی ہے، انہوں نے روح عصر کو سمجھے بغیر ہی اپنا سفر جاری رکھا یہ تمام عقیدے کی غلط تشریح کی پیداوار ہیں۔ اسلام جو سلامتی سے عبارت ہے اس کا حالیہ جنونیت سے دور کا واسطہ بھی نہیں۔ مغرب والوں نے اس تضاد کو مزید بڑھانے کے لیے " تہذیبوں کا ٹکراؤ" کا تصور پیش کر کے مسلم اور نان مسلم ورلڈ کو دو الگ الگ خانوں میں منقسم کر کے رکھ دیا ہے۔(3)

اس تلخ عالمی منظر نامے میں مسلم دنیا کو ایک نئے بیانیے کی ضرورت ہے کچھ بین الاقوامی سیاسی چالیں اور کچھ عقیدے کی غلط تشریح نے ہماری دنیا کی جو شناخت متعارف کروائی ہے وہ جنونیت، انتہا پسندی، عدم برداشت، تشدد، تعصب، کام چوری، کاہلی اور مفاد پرستی کے حوالے سے پوری دنیا میں مسلمانوں کا یہی پورٹریٹ پینٹ ہو رہا ہے۔ اور پاکستان میں محرومیوں اور رد کرنے کی پالیسیوں کے بموجب بطور خاص سرائیکی وسیب پر یہ انگلی اٹھائی جانے لگی ہے کہ دہشت گردی کی بڑی نرسری یہیں تیار ہو رہی ہے۔(4) اسی طرح کے ماحول میں اب ضرورت محسوس ہونے لگی ہے اور سوال پیدا ہوا ہے کہ مسلم دنیا کو اس عفریت سے کیسے بچایا جا سکتا ہے۔ یہ ایک عجیب مخمصہ ہے جو برصغیر پاک و ہند میں اورنگزیب عالمگیر کی وفات کے فوری بعد ظاہر ہونے لگا تھا اور جزیرۃ العرب میں طویل شخصی حکومتوں نے اندر ہی اندر ایک بے چینی اور افراتفری کے بیج کو نمو دینے کے حالات پیدا کیے رکھے۔ 1857ء کے بعد تو یہاں عجیب طرح کی ذہنی کشمکش پیدا ہونے لگی تھی اور غالب جیسا شاعر چلا اٹھا تھا کہ:

"ایمان" مجھے روکے ہے جو کھینچے ہے مجھے "کفر"
"کعبہ" میرے پیچھے ہے "کلیسا" مرے آگے (5)

اسی مخمصے اور افراتفری نے ایک جگہ طالبان اور دوسری جگہ داعش جیسی یلغار کو جنم دیا اور ستم ظریفی دیکھئے کہ ان یلغاروں کی سفاکیت کے خلاف بننے والا مسلم ممالک کا اتحاد بھی ایک اور مخمصے کو ظاہر کر رہا ہے، کہیں یہ مسلم دنیا کے خلاف عالمی سازش تو نہیں یا پھر اس دنیا کی اپنی کج رویوں اور غفلتوں کا منطقی انجام ہے؟ دنیا میں کہیں بھی عیسائی، بدھ، یہودی، ہندو یا کسی اور مذہب کے نام پر نام نہاد دنیا کا حوالہ ہی نہیں ملتا سوائے ہم مسلمانوں کے۔ اس لیے بعض اوقات تو یہ تہذیبوں کا تصادم اہل اسلام کے خلاف متحد ہونے کا سبب لگتا ہے کیونکہ سرد جنگ کے خاتمے کے بعد فرسٹ ورلڈ کو متحد کرنے کا کوئی اور ہتھیار بچا ہی نہیں ورنہ تو دنیا گلوبل ویلج کے نام پر سکڑ کر رہ گئی ہے اور دنیا کا یہ اختصار نااہل اور نکمی اقوام کے لیے محرومیوں کی پختہ بنیاد ہے، ایسے ہی مسلمانوں کو اپنے رویوں میں اساسی تبدیلی کی ضرورت ہے اور یہ رویہ صوفیانہ طرز احساس ہی سے بدلا جا سکتا ہے۔ بقول ڈاکٹر انوار احمد: آئی ایم ایف کے سابق مینجنگ ڈائریکٹر H.J. Witte Veen کی ایک کتاب کا آج کل بہت چرچا ہے۔ "Sufisim in Action" جس میں موجود ورلڈ آرڈر اور تہذیبی کشمکش کے حوالے سے یہ کہا گیا ہے کہ دنیا کو تحمل اور رواداری کی ضرورت ہے اور یہ ضرورت صوفی کی تعلیمات اور عمل ہی پوری کر سکتا ہے۔ اسی طرح جس گلوبلائزیشن کا خوف ہم پر مسلط کیا گیا اس میں بھی ہر انسان دوست اس عالمی گائوں میں سبزے، روشنی، پانی اور پرندے کی موجودگی کو جس امید کے سہارے یقینی بنانا چاہتا ہے وہ صوفی کے تخلیقی عمل سے اخذ ہوتی ہے۔ آگے چل کر نکلسن کے حوالے سے کہتے ہیں: " تصوف اس حالت کا نام ہے جس میں تمام حسیں ایک ہی حس میں متحد ہو جاتی ہیں[۶] " ملا اور صوفی میں تو فکر اور کردار کا بہت فاصلہ ہے مگر شریعت اور تصوف میں تضاد نہیں۔ مراد یہ ہے کہ ہم صوفیانہ رویے ہی سے خود کو مہذب دنیا کا حصہ بنا سکتے ہیں۔ اسے عقیدے اور مذہبی جنونیت کے ہتھیار سے ہرگز نہیں۔ کیونکہ تصوف کی بنیاد احترام آدمیت اور باہمی پیار و محبت پر ہے جبکہ عقیدہ جس کی تشریح ہی من پسند اور نظریہ ضرورت پر کی گئی ہو وہ تقسیم اور منافرت کو جنم دے گا۔ عبدالجمیل خان نے اپنی کتاب The politics of language, Urdu/ Hindi, An artificial Divide" میں نہایت مناسب بات کہی ہے کہ زبان اور کلچر وحدت کا درس دیتے ہیں اور آپس میں جوڑ کر رکھنے والے حرکیاتی اور کلیت پسند ہیں جبکہ مذاہب عموماً تقسیم پسند اور فرقوں میں قابل تقسیم ہوتے ہیں[۷]۔ اس لیے زبان، کلچر اور تہذیب کے مباحث فنون لطیفہ کے ملبوس میں فروغ پیدا ہوتے ہیں تو تہذیبی جرٔت اور احترام انسانیت کا ماحول جنم لیتا ہے۔ خواجہ غلام فریدؒ کا ظہور برصغیر پاک و ہند کے اس دور میں ہوا جب کالونیل عہد یہاں آخری سانسیں لے رہا تھا، انیسویں صدی کا نصف آخر آنے والی تاریخ کا تعین کرنے لگا تھا۔ بیسویں صدی کا نصف اول تاریخ برصغیر پاک و ہند کے لیے نہایت اہم ثابت ہوا، ویسے انہی پانچ

دہائیوں میں دو عالمی جنگیں ہوئیں اور یہ فیصلہ ہو گیا کہ اب برطانوی سامراج کی طبعی عمر پوری ہو چکی ہے اور دنیا دو متضاد فکر کو لیے الگ الگ حصوں میں بٹ کر آگے کی طرف سفر کرنے لگی اور دونوں بلاکس اپنے اپنے سیاسی اور معاشی مقاصد حاصل کر کے نئے سماجی اور سیاسی معاہدوں میں مصروف ہو گئے ایسے میں پیدا ہونے والے خلا کے لیے محروم، اداس اور بے یار و مددگار دنیا کے لیے نئے افکار کی ضرورت بہر حال موجود ہے مگر نئی اور ترقی پسندانہ لبرل سوچ سے عاری قیادتوں نے تشدد اور انتہا پسندی کا خاتمہ طاقت سے کرنے کا ذریعہ اختیار کیا ہے جبکہ ہمارے پاس احترام آدمیت سے عبارت صوفیانہ افکار موجود ہیں اور دنیا اب اس حقیقت کو جاننے لگی ہے کہ اکانومی کے مقابلے میں اقدار مقدم ہوں تو معاشرے بقا آتے ہیں۔ اگر معیشت اور بلند عمارات قوموں کی شناخت ہوتیں دبئی اور ابو ظہبی اس وقت سپر پاور کہلانے کی حقدار ٹھہرتیں۔ اس حوالے سے عکسی مفتی نے بڑے پتے کی بات کہی ہے:

> "اب تو اکانومی کا ان داتا ورلڈ بنک بھی اس بات کو سمجھ چکا ہے کہ معاشی ترقی کے لیے معاشرتی اقدار اور ثقافت اہمیت رکھتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ اس بنک نے کئی ایک Enthropologist کی خدمات حاصل کیں ہیں۔ رقم کتنی بھی قرض میں دے دی جائے وہ سب رائیگاں ہو جاتی ہے۔ اگر ثقافتی اقدار اس ترقی کو قبول کرنے کو تیار نہ ہوں معاشی ترقی اسی صورت میں ممکن ہے کہ ثقافتی اقدار اس سے ہم آہنگ ہوں۔ مادی سائنسوں کو دور تھا۔ چونکہ اب تک مادی دنیا کو سمجھنا اور قدرت پر غلبہ حاصل کرنا، قدرتی عوامل کو فتح کرنا بھی انسان کی ترجیح رہی ہے۔ لیکن مستقبل کی سائنس اپنا رخ خود انسان کی طرف موڑے گی۔ یہی وجہ ہے کہ تمدن، ثقافت اور معاشرتی علوم مستقبل کے علوم ہیں۔" (8)

آج انسان جس مقام پر آن ٹھہرا ہے وہ تہذیبی کشمکش کا مقام ہے۔ برصغیر پاک و ہند میں تیرویں صدی سے لے کر انیسویں صدی تک کا طویل عہد ایسی ہی کشمکش سے عبارت تھا۔ اس وقت انسان کے قلبی سکون اور تہذیب کے تحفظ کے لیے یہاں نامور صوفیا اور ان کی صوفیانہ شاعری نے جنم لیا۔ آج ایک بار پھر تہذیب و تمدن کو صوفیانہ طرز احساس کی ضرورت آن پڑی ہے۔ اس لیے خواجہ فرید کہتے ہیں:

نہ ماہی نہ منجھیاں ڈسدیاں   اکھیاں وسدیاں، دلڑیاں پھسلدیاں

جندڑی تھئی بھا بھیلی وو یار (9)

اس تناظر میں خواجہ صاحب جدید ترین صوفی شاعر ہیں جنہوں نے دکھوں، نفرتوں اور تعصبات سے ہٹ کر اپنے عہد کی دنیا کو مشاہدہ کر لیا تھا۔ اسے شانت، پاکیزہ اور پرامن بنانے کے لیے روا داری کا درس دیا تھا اور اس دعا کے طلب گار ہوئے تھے۔

عالی، ادنی، جو جگ جیوے میں وانگے بئی کئی نہ تھیوے

ڈکھڑی، وانڈھی، ویلھی وویار (10)

[دنیا میں جو بھی ادنی عالی ہے، جیتا رہے، خدا کرے، مجھ جیسی کوئی اور نہ ہو، دکھی۔ الگ تھلگ، بیکار اے دوست]

خواجہ سائیں آج کے نام نہاد تہذیبی تصادمات میں ایک صلح کا راستہ دکھاتے ہیں وہ تو سری کرشن جی اور رام چند جی کو بھی پاکیزہ ہستیوں کے ذیل میں دیکھتے ہیں اور ویدوں کو بھی نظر استحسان سے دیکھتے ہیں۔ ''مقابیس المجالس'' میں دلچسپ پرائے میں ایسے واقعات، مکالمے اور تشریحات پیش کرتے ہیں جن کا تعلق عالمگیر محبت، رواداری، جذب مستی اور پاکیزہ باطنی کیفیات سے ہے، سرائیکی زبان کے متوالے اس شاعر نے اردو زبان اور دیگر زبانوں میں مہارت حاصل کر کے ان کا اعتراف کیا جو اس بات کا غماز ہے کہ آپؒ نفرت کے رویوں کو سخت ناپسند کرتے ہیں۔

نہ کر بے پروائی و ویار

آ مل سانول مائی و ویار

[اے دوست بے پروائی نہ، سانولے محبوب آکر مل] (11)

اساں سو بدمست قلندر ہوں

کڈیں مسجد ہوں کڈیں مندر ہوں

[ہم خاص، خالص سرشار قلندر ہیں، کبھی مسجد اور کبھی مندر میں ہیں] (12)

خواجہ سئیں تہذیب انسانی میں تمام تضادات کو یکسر رد کرتے ہیں اور ہر عقیدے کا اعتراف کرتے ہیں:

تینوں مسجد ، مندر ، دیر کہوں

تینوں پوتھی تے قرآن کہوں (13)

[تجھے مسجد، مندر، دیر کہوں۔ تجھے پوتھی اور قرآن کہوں]

تسبیح کہوں، زنار کہوں

تینوں کفر کہوں ، ایمان کہوں (14)

[تسبیح کہوں زنار کہوں تجھے کفر کہوں، ایمان کہوں]

دیر، کشت ، دوارہ ، مندر

مسجد، منبر وسریا (15)

[بت خانہ، آتش کدہ، دوارہ، مندر، مسجد، منبر سب بھولے]

ہک دے سانگے ہک دی سوں ہے
خیر بھلی، شر وسریا (16)

[ایک کی خاطر ایک کی قسم ہے، خیر بھولی شر، بھولا]

ہر ویلھے "ہر" یاد اسانوں
ہور امانہر وسریا (17)

[ہر وقت "محبوب" ہی یاد ہے دیگر تمام فروعی باتیں ہم بھول چکے ہیں]

ویساں کیچ فریدؔ نہ مڑساں
سنج، بردا ڈر وسریا (18)

[فرید! کیچ جانے سے نہیں مڑوں گی، سنسان ویرانے کا ڈر بھولا]

اس طرح کے لاتعداد اشعار خواجہ فریدؒ کے کلام میں جلوہ افروز ہیں جن سے یکسانیت، برابری اور عالمگیریت کا تاثر اپنی پوری توانائی کے ساتھ موجود رہتا ہے۔ ان اشعار میں اتنی تخلیقی توانائی موجود ہے کہ صرف سرائیکی وسیب نہیں بلکہ پورا ملک ان کے کلام میں اپنی اجتماعی شخصیت کی پہچان کرا سکتا ہے۔ ثقافتی اور تہذیبی حوالے اور تخلیقی رنگ جب تک قوموں کی شناخت کے حوالے رہتے ہیں تب تک قومیں باوقار اور پر امن رہتی ہیں۔ ہمارے ہاں جس تخلیقیت اور اجتماعیت کا خلا پیدا ہوا ہے وہ بنیادی طور پر نظریاتی بانجھ پن کی وجہ سے ہوا ہے۔ ہر دور کی مہذب دینا ہمیشہ اپنے تہذیبی ورثے سے جڑی ہوتی ہے ہمارے ہاں المیہ یہ ہوا ہے کہ ہم نے کبھی اپنے تہذیبی ورثے کو اپنے من میں سمویا ہی نہیں ۱۹، خواجہ سئیں یا ان کے قبیل کی دیگر شخصیات کے ہاں جگہ جگہ تحفظ اور پیار کے درس موجود ہیں مگر ہم نے کسی اور جہاں میں اپنی پناہ ڈھونڈی ہے۔ آج تہذیبوں کے تصادم کے فلسفے کے پیچھے جو عفریت چھپا بیٹھا ہے اس کا فکر فریدؒ سے قلع قمع کیا جا سکتا ہے۔

خواجہ فریدؒ اپنی سماجی اور معاشی حیثیت میں ایک شہزادے تھے پھر بھی بار بار روہی کے لق و دق صحرا کی طرف نکل جایا کرتے رہتے تھے وسوں کی سہولتوں کو خیر باد کہہ کر ٹف ماحول میں جانا آسان نہ تھا مگر وہ دنیا کو ایک پیغام دینا چاہ رہے تھے کہ مذاہب سے جڑت سماج کے لیے Binding Force ثابت نہیں ہو گی۔ مگر اپنی تہذیب، ثقافت اور دھرتی سے وابستگی انسانی حوالوں کو نئے رنگ اور نئے انگ عطا کریں گے۔ چولستانی نباتات اور اس کی جنگلی حیات، اس کی فضا اور سروں سے عبادت اس کی تیز ہوائیں دراصل پیار پریت کے نغمے ہیں جو تہذیبی تصادم کو رد کرتے ہیں، اس لیے وہ اپنے من میں مظاہر فطرت

کو جذب کر کے عالمگیر محبت کے پرچارک دکھائی دیتے ہیں۔

پولی لانڑی دارتبہ عالی   ملک ملھیر دی نازو چالی

ٹوکاں کردی دھوڑی والی   کیسر، مشک، عنبیر تے (20)

[ملک ملھیر کے طور طریقے نازوانداز والے ہیں۔ وہاں کی بوٹی اور لانڑی کا تو اعلیٰ مقام ہے وہاں کی ریت، غبار تو زعفران، مشک اور عنبر بیر پھبتیاں کستے ہیں]

آج وقت نے ثابت کر دیا ہے کہ دنیا کو تقسیم کرنے کی وجہ عقیدے کی وہ غلط تشریح ہے جس نے زمینی فاصلے کم ہونے کے باوجود انسانوں کو تہذیبوں کے تصادم کا خوف دلا کر راتوں کا سکون چرا لیا ہے ایسے میں فکر فریدؒ کی طرف رجوع کرنے کے امکانات بڑھنے لگے ہیں۔ خواجہ سئیں جگہ جگہ فطرت سے ہمکلام ہوتے دکھائی دیتے ہیں۔ فطرت کے ساتھ یہی دوستی انہیں انسانوں کے قریب کرتی ہے، ان کے کلام میں مسجد، دیر، کشت، دوارہ، مندر: تمام محبت کے استعارے ہیں، ان کی فکر آفتاب عالم تاب کی مانند ہے جس سے ایک ہی وقت میں تمام مذاہب اور عقائد کے لوگوں حظ اٹھاتے ہیں۔ کہا جاتا ہے کہ ادب کا مخاطب انسان کا باطن ہوتا ہے اور باطن حساس، پاکیزہ اور لطیف ہے یہ لطافت اور حساسیت نفرت اور تعصب سے آلودہ ہو جاتی ہے۔ جس کی وجہ سے انسان ناک کی سیدھ میں دیکھنے لگتا ہے اور اسے اپنے سوا سب برا اور گندا دکھائی دینے لگتا ہے تو مسائل اور الجھنیں بڑھنے لگی ہیں، یہی الجھنیں عدم برداشت اور انتہا پسندی سے پیدا ہوئیں اگر آج کے انسان نے خود کو ان الائشوں سے محفوظ کرنا ہے تو انہیں فکر فرید کے صوفیانہ طرز احساس کی چھائوں میں آکر ستانا ہوگا، نہیں تو روز بروز ٹکرائو اور تصادم کے خطرات لاحق رہیں گے۔

ہے گھر میرا سکھ مندر   معمور خفی دے اندر!!!

جتھ بحر محیط دا بندر   اتھ ہر جنسوں ملن سوغاتاں (21)

مراد یہ ہے کہ تہذیبوں کے تصادم کے گیت الاپنا اس وقت زیادہ آسان ہو جاتا ہے جب شاطر اور چالاک طبقے اور سوفسطائی قسم کے دانشور عقیدے کی غلط مگر من پسند تشریح کر کے انسانوں کو آپس میں بانٹنے کی مذموم کوششیں کرتے ہیں۔ ایسے میں متصوفانہ افکار بطور خاص خواجہ غلام فریدؒ جیسے صوفی کی فکر کا پھیلائو انسانوں میں Binding Force کا کام کرے گی کیونکہ خواجہ سئیں نے اپنے صوفیانہ طرز احساس کو زمین اور تہذیب و ثقافت کے ساتھ ملا کر ایک عالمگیر اور لازوال محبت کی تلقین کی ہے۔ دھرتی سے جڑت انسانوں کو قریب کرتی ہے اور یہ رویہ تعصب اور پست ذہنیت کو جڑ سے اکھیڑ دیتا ہے۔ ٹوٹ پھوٹ کے اس عہد میں نہ صرف ہمیں بلکہ نفرت اور خوف میں لتھڑی اس پوری کائنات کو ایسی ہی فکر کی ضرورت ہے جو احترام آدمیت کو مستحکم بنیاد فراہم کرے گی۔

مآخذ

1. مزمل حسین،ڈاکٹر،ہماری نجات تصوف میں ہے۔ مشمولہ، نثریات، چوک اعظم: آرٹ لینڈ 2015) ص 101۔
2. ایضاً ص 103۔
3. پروفیسر نواز صدیقی، تہذیبوں کی کشمکش اور پاکستان، روزنامہ داور، لیہ 21 جنوری 2013۔
4. ایضاً۔
5. غالب، اسداللہ خان، دیوان غالب (لاہور: مکتبہ جمال، 2010) ص 351۔
6. انوار احمد، ڈاکٹر، فکر فرید کا عصری حوالہ، مشمولہ مضمون، نخلستان ادب، ادبی مجلہ، گورنمنٹ صادق ایجرٹن کالج، بہاول پور، 2006ء، ص 28۔
7. مزمل حسین، ڈاکٹر، کلام فرید ماں دھرتی سے محبت کی ایک مثال، روزنامہ خبریں، ملتان 25 مارچ 2015ء۔
8. عکسی مفتی، پاکستانی ثقافت، (لاہور: الفیصل پبلشرز، 2014ء) ص 26۔
9. غلام فریدؒ، خواجہ، دیوان فرید (با تحقیق) مجاہد جتوئی، مرتبہ؛ (رحیم یار خان: سرکار راز تاج دار لائبریری 2014ء) ص 46۔
10. ایضاً، ص 46۔
11. ایضاً، ص 55۔
12. ایضاً، ص 88۔
13. ایضاً، ص 91۔
14. ایضاً، ص 91۔
15. ایضاً، ص 60۔
16. ایضاً، ص 60۔
17. ایضاً، ص 60۔
18. ایضاً، ص 60۔
19. مزمل حسین، ڈاکٹر، نثریات، ص 103۔
20. ایضاً، ص 543۔
21. ایضاً، ص 350۔

محمد صدیق ملک
لیکچرر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

ڈاکٹر حاکم علی برڑو
اسسٹنٹ پروفیسر، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

سندھی اور سرائیکی کا لسانی، تہذیبی اور ثقافتی اشتراک

THE LINGUISTICAL, CULTURAL AND HISTORICAL COMPARISON OF SINDHI AND SARAIKI LANGUAGE

Abstract

In this research article, a survey of common cultural, historical and linguistic features of two great languages of the Indus Valley i.e. Sindhi, Saraiki has been presented. Actually, these two languages have been developed in the same atmosphere, same climate, same historical period and under the same supervision.

In spite of the above mentioned facts, these two languages have different constant status and identity.

زبانیں درختوں کی مانند ہوتی ہیں جو پھلتی پھولتی بھی ہیں اور ثمر بار ہو کر پھل اور نئے پودے بھی پیدا کرتی ہیں۔ بعض زبانیں حوادثِ زمانہ کا شکار ہو کر نیست و نابود بھی ہو جاتی ہیں اور یہ ایسی زبانیں ہوتی ہیں جو تحریر و تقریر کی زبانیں نہیں ہوتیں اور ان کا دامن دولتِ علم وادب سے خالی ہوتا ہے اور وہ صرف دوسروں کے علم وادب پر انحصار کرتے ہیں۔

سندھی اور سرائیکی وادی سندھ کی دو قدیم زبانیں ہیں جو ایک ہی خطے اور یکساں آب و ہوا میں ارتقاء کی منزلیں طے کرتی رہی ہیں۔ سندھی اور سرائیکی زبانوں کو نہ تو لسانی نقطہ ء نظر سے جُدا کیا جا سکتا ہے، نہ ہی تہذیبی و تاریخی اور ثقافتی نقطہ ء نظر سے۔ کیونکہ ان دونوں زبانوں کا مرکز و منبع ایک ہی ہے۔ دونوں زبانیں ایک ہی چشمے سے سیراب ہوتی رہی ہیں۔ حتیٰ کہ ایک ہی حکومت اور ایک ہی سرپرستی کے زیر اثر رہی ہیں۔ جیسا کہ نور علی ضامن حسینی کا بیان ہے:

> ”رقبہ، تسلسل اور اس کا طور و عرض وادی سندھ کے مورخین کے لیے باعث حیرت اور انکشاف بن جاتا ہے۔ صاف معلوم ہوتا ہے کہ گوہڑپہ اور موہن جودڑو ان حدود سے ذرا باہر

پڑتے ہیں۔ مگر ہو نہ ہو سرائیکی زبان کا پانچ ہزار سال پہلے کی تہذیب ''وادی سندھ'' کے ساتھ کوئی گہرا تعلق ضرور پڑتا ہے۔'' (1)

سرائیکی زبان کا اگر تہذیبی تناظر میں جائزہ لیا جائے تو سندھی کی طرح اس کا زمانہ بھی موہن جو دڑو اور ہڑپائی دور سے جا ملتا ہے اور سندھی اور سرائیکی کا لسانی جغرافیہ بھی ایک ہی بنتا ہے۔اس بارے میں جان ہمیز کے بیان کا حوالہ دیتے ہوئے ڈاکٹر سجاد حیدر پرویز لکھتے ہیں:

''سندھی دریائے سندھ کے نچلے حصے کی وادیوں میں ملتان سے ساحل بحر تک بولی جاتی ہے۔ یہ پورب میں راج پوتانہ کی ہندی بولیوں سے مل جاتی ہے اور پچھم میں بلوچی بولی سے مل جاتی ہے''۔(2)

درج بالا بیان سے صاف عیاں ہے کہ جان ہمیز سندھی اور سرائیکی کا کوئی الگ سے جغرافیہ متعین نہیں کر سکا جو کہ سندھی اور سرائیکی کے باہم مظبوط رشتے کی دلیل ہے۔اور اسی طرح سندھی اور سرائیکی زبانوں کے باہم رشتے اور لسانی اشتراک کا ذکر کرتے ہوئے ڈاکٹر عبدالمجید میمن سندھی بیان کرتے ہیں:

''سندھی اور سرائیکی زبانوں میں صرفیات، صوتیات اور نحویات کے نقطہ نظر سے گہری مماثلت پائی جاتی ہے۔ باوجود اس کے کہ دونوں زبانیں الگ اور مستقل حیثیت رکھتی ہیں''۔(3)

سرائیکی اور سندھی کے لسانی اشتراک کے بارے میں ڈاکٹر نبی بخش خان بلوچ تو یہاں تک لکھتے ہیں کہ:

''سرائیکی لسانی لحاظ سے سندھی کی سگی بہین معلوم ہوتی ہے۔''(4)

سندھی اور سرائیکی کی قدامت پر غور کریں تو وادی سندھ میں دراوڑ قوم فاتحین کی حیثیت سے آٹھ ہزار سال قبل مسیح میں وارد ہوئی۔دراوڑ قوم کے لوگ بحیرہ روم سے آئے تھے۔ یہ قوم میسوپوٹیما، عراق اور بلوچستان سے ہوتی ہوئی وادی سندھ میں داخل ہوئی اور اپنی مشہور تہذیب کے مراکز موہن جو دڑو اور ہڑپہ قائم کیے۔اس وقت مقامی قومیں سست اور کاہل ہو چکی تھیں اور دراوڑ قوم کافی مہذب اور طاقتور تھی اور سندھی، سرائیکی ثقافت پر اپنے اثرات بھی مرتب کیے۔

چھٹی صدی سے پالی، دردئی اور دراچڑہ زبانیں بھی وادی سندھ کے لسانی ڈھانچے کو متاثر کرتی رہیں۔اسی زمانہ میں وادی سندھ میں ایک نئی قوم پشاچہ کا حوالہ بھی ملتا ہے۔اس قوم نے موجودہ سندھی اور سرائیکی زبانوں پر بہت ہی گہرے اثرات چھوڑے۔اس بارے میں ایچ ٹی لمبرک کا قول ہے:

''لہٰذا (سرائیکی) اور سندھی کا دارد ک بولیوں سے حروفِ علت کے حوالے سے اشتراک ہے''۔(5)

ڈاکٹر مہر عبدالحق کے مطابق سندھی اور سرائیکی زبانوں کی تشکیل میں دردستان سے آنے والوں

کی زبان پساچی کو کلیدی حیثیت حاصل ہے۔اس بارے میں ڈاکٹر مہر عبدالحق لکھتے ہیں:

''اس علاقے کی قدیم زبان کو دردستان سے آنے والوں کی زبان پساچی اپ بھرنش نے بہت متاثر کیااور قدیم زبان نے ایک نئی صورت اختیار کرلی۔ دراچڑہ اپ بھرنش وہ آخری زبان تھی جس کے بعد اس علاقے میں سرائیکی اور سندھی بولے جانے لگیں''۔(6)

آریائی قوموں کی گرفت جب وادی سندھ میں کمزور پڑنا شروع ہوئی تو عربوں نے وادی سندھ میں اقتدار حاصل کیا۔ محمد بن قاسم کی سندھ اور ملتان تک کی فتوحات نے عربوں کے لیے وادی سندھ میں قیام اور کاروبار کے دروازے کھول دیے۔اس دور میں خطہ سندھ نہ صرف اسلام کی روشنی سے منوّر ہوا بلکہ اس دور میں عربی کو مقبولیت ملی اور عام بول چال کی زبان میں بھی عربی زبان کے عمل دخل کی ابتداء ہوگئی اور سندھی اور سرائیکی میں عربی زبان کا ذخیرہ شامل ہونے لگا۔

فارسی کے اثرات وادی سندھ میں دارایوش (512ق م) کے زمانے سے پڑنا شروع ہو گئے تھے۔ جس کی وجہ سے فروشتی رسم الخط رائج ہوا جس سے سندھی اور سرائیکی یکساں مستفید ہوتی رہیں۔ سندھی زبان کے رسم الخط کے حوالے سے ڈاکٹر سجاد وحید پرویز لکھتے ہیں:

''سندھی اور سرائیکی کو اکثر بہنیں کہا جاتا ہے۔ کیونکہ ان کے بولنے میں بہت تھوڑا فرق پایا جاتا ہے۔البتہ رسم الخط میں فرق بہت زیادہ ہے۔ ہوا یوں کہ 1853ء میں حکومت برطانیہ کے حکم سے ارنسٹ ٹرمپ کی نگرانی میں ایک رسم الخط کمیٹی قائم ہوئی۔ جس کا سربراہ ایلیس نام کا ایک اسسٹنٹ کمشنر تھا۔اس کے دس ممبران میں دو انگریز آفیسر برٹن اور اٹیک کے علاوہ سندھ سے چار مسلمان اور ہندو ممبر تھے۔(7)

درحقیقت انگریزوں کی یہ ایک سازش تھی جس کی وجہ سے وادی سندھ کے علم و ادب کے خزانے کو ایک ایسے رسم الخط سے منسلک کردیا گیا جس کی وجہ سے یہ علمی و ادبی خزانہ صرف اہل زبان سندھیوں تک محدود ہو کر رہ گیا۔اور سرائیکی بولنے والے اس رسم الخط کی وجہ سے صحیح طور پر سندھی خطے کے علم و ادب سے ناآشنا ہوتے گئے۔ کیوں کہ انگریزوں کو سندھی علم و ادب سے جذبہ حب الوطنی اور جذبہ حریت کی مہک آتی تھی اور وہ اسے اپنے اقتدار کے لیے خطرہ سمجھتے تھے۔ سندھی اور سرائیکی جو صدیوں سے اکھٹے رہ رہے تھے اور ایک دوسرے کی طاقت تھے ان کو بانٹ دیا گیا۔ جبکہ خطہ سندھ سے صوفی شعرا کی کثیر تعداد سرئیکی میں بھی اپنا کلام بیان کرتے رہے ہمیں جو اس بنات کی قوی دلیل ہے کہ ان کے حلقہ ارادت میں آس پاس ان کے کلام سے مستفید ہونے والے موجود رہے ہیں۔اور وہ آج تک ایک دوسرے سے خلوص، محبت اور سچائی کے رشتے سے سرشار ہیں۔دوسرا ستیم یہ ہوا کہ سرائیکیوں نے

بجائے سندھی رسم الخط اپنانے کے بجائے اپناالگ سے رسم الخط بنا کے مزید حدیں پیدا کر دیں۔

جبکہ یہاں پروفیسر دلشاد کلانچوی کے بیان کو نظرانداز نہیں کیا جاسکتا۔ وہ اپنے بیان میں لکھتے ہیں:

''ویسے بھی رسم الخط کو چھوڑ کر سرائیکی اور سندھی دوالگ الگ زبانیں ہونے کے باوجود آپس میں بہنیں نظر آتی ہیں اور دونوں میں مٹھاس، گھلاوٹ اور فصاحت ایک جیسی ہے''۔(8)

اس حقیقت سے زیادہ تر سندھی اور سرائیکی محققین متفق ہیں کہ سرائیکی زبان کو نام وادی سندھ سے عطا ہوا۔ جبکہ اہل سندھ اپنی زبان سمجھتے رہے ہیں اور صرف لہجے اور سمت کی بنیاد پر اسے ''سرو'' کی کہتے تھے۔ جیسے کہ سرائیکی میں ''اُبھا'' (مشرق) اور تماں (مغرب) کے الفاظ مروج ہیں۔ اس بارے میں محمد اسلم رسول پوری کا بیان دیکھیں:

'' میرے خیال میں اس حقیقت سے کوئی انکار نہیں کر سکتا کہ سندھ میں شرع سے سرائکی کا وہی نام مستعمل رہ گیا اور ہمارے پاس وہیں سے آیا۔ ورنہ یہاں تو اس زبان کو علاقے یا سمت کی بنیادوں پر ملتانی، اُچّی، ہندی، ڈیرہ والی، بہاولپوری، ہندکی، لہندا، جگدالی اور جٹکی کہا جاتا رہا ہے۔(9)

لیکن احسن واگھا اور حکیم فقیر الٰہی بخش سرائی سرائیکی کو سندھی لفظ ''سرو'' سے منسوب کرنے سے انکاری ہیں۔ وہ اپنے بیان میں لکھتے ہیں:

''سرائی قوم کے اکثر لوگ ''سرا'' کے باشندے ہیں جو بھکر اور ملتان کے درمیانی علاقے کا نام تھا۔ اسی لیے انہیں سرائی کہنے لگے۔ سرائی قوم کی مادری زبان سرائیکی ہے۔(10)

یہاں یہ بات غور طلب ہے کہ جھل مگسی، جعفرآباد، بلوچستان، وادی سندھ، ملتان اور راجستھان تک کی زبان کو کیسے بھکر اور ملتان کے درمیان مقیّد کیا جاسکتا ہے۔

جہاں تک سندھی اور سرائیکی کا تہذیبی تعلق ہے تو اس سے بھی قطعاً انکار ممکن نہیں کہ یہ خطے کی دونوں عظیم زبانیں تاریخی لحاظ سے ایک جیسی تہذیبوں کے زیر اثر رہی ہیں۔ جن میں دراوڑی تہذیب، آریائی تہذیب اور اسلامی تہذیب نمایاں مقام رکھتی ہیں۔ بقول ڈاکٹر طاہرہ منیر:

''وادی سندھ اور اس کے دریائوں کی تہذیب کا شمار قدیم ترین تہذیبوں میں ہوتا ہے تو پنجاب میں بھی آبادی کی نشاندہی تین لاکھ سال سے زائد عرصہ تک کی جاچکی ہے۔ اسی طرح بلوچستان کا سندھ سے تاریخی رشتہ قائم ہے۔ کیونکہ یہاں بھی وہی تہذیب رائج تھی جو وادی سندھ میں قائم تھی۔(11)

وادی سندھ میں تہذیبی عمل دراوڑوں کے دور سے شروع ہوتا ہوا نظر آتا ہے۔ جس کے نتیجے میں یہاں شہر بسنے لگے اور ایک شہری نظام متشکل ہونے لگا۔ باہمی تجارت اور لین دین کا رواج موجود تھا اور یہاں

کے لوگ ذرائع مواصلات سے بھی واقف تھے۔ شواہد سے پتہ چلتا ہے کہ بیل گاڑی رسل ورسائل اور مال برداری کے لیے استعمال ہوتی تھی۔ دراوڑی تہذیب کی وسعت کے بارے میں قیس مسیح دیروی لکھتے ہیں:

''تہذیبی اور صنعتی حوالے سے یہ لوگ بہت اونچے معیار کے مالک تھے۔ وادی سندھ کی دراوڑ تہذیب کا دائرہ آج کے صوبہ پنجاب، سندھ، سرحد، جنوبی بلوچستان کے علاوہ بھارت کے صوبہ پنجاب، ہریانہ راجستھان اور گجرات کے کچھ علاقوں تک پھیلا ہوا تھا۔''(12)

اسی طرح قیس مسیح آریائی تہذیب کے حوالے سے مزید آگے چل کر لکھتے ہیں کہ:

''آریا جفاکش اور جنگجو تھے۔ لیکن تہذیب وتمدن کی اعلیٰ اقدار سے ناآشنا تھے۔ جبکہ سرائیکی خطہ تہذیب یافتہ تھا اور ملتان کے تمدنی مراکز کی وجہ سے اس میں شہریت موجود تھی''۔(13)

ایسے ہی ڈاکٹر عبدالمجید میمن سندھی اپنی تحقیق میں وادی سندھ کی لسانی، تہذیبی، تجارتی اور مذہبی وسعت کے ابرے میں لکھتے ہیں:

''قدیم زمانے میں ایک لمبے عرصے تک سندھ، پنجاب اور کشمیر حکومت سندھ میں شامل رہے۔ آریائوں کی آمد سے پہلے ان علاقوں کے آپس میں لسانی، تہذیبی، تجارتی اور مذہبی تعلقات تھے۔(14)

یہ حقیقت ہے کہ سیاسی طور پر آریائوں کو وادی سندھ میں غلبہ حاصل ہو گیا۔ وادی سندھ کی زرخیزی اور دریائوں نے ان کے دل موہ لیے۔ انہوں نے ویدوں میں دریائوں کے قصید سے لکھے۔ دریائے سرسوتی توان کی خاص عقیدت کا مرکز تھا۔ اس کے باوجود ان کی اخلاقی پستی کا سبب طبقاتی درجہ بندی تھی۔ اس بارے میں ڈاکٹر مقبول گیلانی لکھتے ہیں:

''وادی سندھ کی تہذیب پر جس دوسری قوم نے اثرات ڈالے وہ آریا ہیں۔ جو آریا یہاں مستقل آباد ہو گئے تو انہوں نے اپنی مذہبی اور تاریخی سرمائے کو رگ وید کی شکل میں محفوظ کر لیا۔ ذات پات کے مسئلے کھڑے کیے۔ انسانوں میں اونچ نیچ کے مقام بنائے''۔(15)

اس میں بھی شک نہیں کہ وادی سندھ کے لوگوں نے یہاں کی تہذیب کی تخلیق کی۔ حملہ آور وقت کے ساتھ ساتھ یہاں کی تہذیب کا حصہ بن گئے۔ مقامی اور دراوڑی باقیات اور آریا نے اتنا عرصہ باہم رہنے کے بعد ایک دوسرے میں مدغم ہو گئے۔ بقول ڈاکٹر غلام حیدر سندھی:

''سب اہل سندھ بن کر اپنے وطن، ثقافت اور زبان کے اجتماعی مفادات کے محافظ اور پاسبان رہے''۔(16)

دراوڑی اور آریائی تہذیبوں کے زوال کے بعد جب وادی سندھ میں اسلامی تہذیب کا آغاز ہوتا

ہے تو اس سے سندھی اور سرائیکی زبانیں یکساں اثر لیتی ہیں۔ اس مثالی، مربوط، منظم اور لازوال تہذیب اور نظامِ حیات کی کرنیں خلافتِ راشدہ کے زمانے میں یہاں پہنچیں۔ مگر ولید بن عبدالمالک کے زمانے میں مستقل طور پر سندھ کے لیے محمد بن قاسم کی کمان میں لشکر روانہ کیا۔ اس نے مکران، سندھ اور ملتان تک کا علاقہ فتح کر لیا۔ بقول عتیق فکری:

"اب مستقل طور پر عرب قبیلے آباد ہو گئے اور سندھ اور ملتان میں باقاعدہ اسلامی حکومت قائم ہو گئی"۔ (17)

وادی سندھ کی تہذیبی بنیادیں قبل از تاریخ کی گہرائیوں تک پہنچتی ہیں۔ وادی سندھ در حقیقت تہذیبوں کا ایک قدیم ترین گہوارہ رہی ہے۔ جس پر وقتاً فوقتاً کئی حملہ آور قومیں اپنا اثر ڈالتی رہی ہیں۔ آخری مظبوط اور لازوال اثر اسلامی تہذیب کا ہے۔

وادی سندھ اور سرائیکی خطے کی تاریخ محض جنگجوئی سے وابستہ نہیں۔ بلکہ اس کی جڑیں زبان و ادب، فن تعمیرات، غذا اور غذائی عادات، لباس، زیورات، ظروف اور سب سے بڑھ کر سوچ و فکر اور عقائد و عبادات تک کے انقلابات میں یکساں پوشیدہ ہیں:

"111ہجری میں تمیم بن زید کے دور حکومت میں ملتان کا تعلق زیریں سندھ سے ٹوٹ گیا اور سندھی اور ملتانی دونوں زبانیں علیحدہ علیحدہ ترقی پانے لگیں۔ (18)

یہ انتظامی تبدیلی اپنی مگر تک وادی سندھ سے لسانی تہذیبی تجارتی، معاشی اور معاشرتی رشتے آج بھی اسی طرح قائم و دائم ہیں۔ آج کے الیکٹرانک میڈیا نے علاقائی زبان و ادب اور ثقافت کو اس قدر قریب تر کر دیا ہے کہ سندھی اور سرائیکی زبانیں قومی سطح پر ایک دوسرے سے الگ نظر نہیں آتیں۔

بھیرو مل آڈوانی یوں رقم طراز ہیں:

"سرائیکی زبان معنٰی سندھ اور سندھو سدی کے سرے یعنی اوپر حصے والی زبان" (19)

صوتیات کے لحاظ سے دیکھا جائے تو ہمیں معلوم ہو گا کہ سندھی اور سرائیکی زبانوں میں وہ صوتیات ایک جیسے ہیں اور دونوں یکسانیت بھی ہے جیسے کہ:

ٻ، ڄ، ڃ، ڏ، ڳ، گ

یہ آوازیں سنسکرت میں نہیں ہیں اور نہ کوئی پراکرت میں موجود ہے۔ سندھی اور سرائیکی زبان کے یہ منفرد آوازیں کسی قدیم اور ایک زبان کی نشاندہی کرتی ہیں۔ بھیرو مل آڈوانی پھر یوں رقم طراز ہیں:

سندھی میں ٻ، ڄ، ڏ، ڳ یہ چار نج سندھی الفاظ ہیں اگر یہ الفاظ جب آتے ہیں تو وہ نج سندھی الفاظ شمار کیا جاتا ہے۔ مثال طور ڄيڄ ٻڌڻ ڏيڻ ڳائڻ یہ چاروں لفظ نہ سنسکرت میں نہ کسی

پراکرت زبان میں ہیں پھر ہم نہیں وہ کدھر سے لے کر آئیں ہیں؟

مزید لکھتے ہیں کہ سرائیکی بولنے والوں سے نہایت قدیم زمانے سے لے کر کلھوڑہ ور میروں کی ی تک۔ زیادہ تر لین دین کی وجہ سے ان سے سیکھتے ہیں۔ سرائیکی میں یہ چاروں حروف موجود ہیں:

دم دم سان ڏي دل تي سڄڻان ديان ڳالهيان

ڏاڍا فراق لڳڙا، بره ٻاليان (بيڪس) (20)

اس حوالے سے اور بھی مثالیں دی ہیں:

سندھی	سرائیکی
ڏيٺ	ڏيوٹ
ڏند	ڏند
ڏسٹ	ڏيکٹ

حوالہ جات

1. سید نور علی ضامن حسینی، معارف سرائیکی، ملتان، سرائیکی ادبی بورڈ، 2009ء ص20
2. سجاد حیدر پرویز، ڈاکٹر، مختصر تاریخ زبان وادب سرائیکی، اسلام آباد، مقتدرہ قومی زبان، طبع دوم، 2012ء ص1
3. عبدالمجید میمن سندھی، ڈاکٹر، لسانیات پاکستان، اسلام آباد، مقتدرہ قومی زبان، 1992ء، ص301
4. بلوچ نبی بخش، ڈاکٹر، سندھی بولی ئیں ادب جی تاریخ، شمارہ3، پاکستان اسٹڈی سینٹر، سندھ یونیورسٹی، جام شورو، 1990ء، ص33
5. ایچ ٹی لمبرک سندھ اے جنرل انٹروڈکشن ص396
6. مہر عبدالحق، ڈاکٹر، ملتانی زبان اور اس کا اردو سے تعلق، بہاولپور اردو اکادمی، 1967ء ص95,94
7. سجاد وحید پرویز، ڈاکٹر، مختصر تاریخ زبان وادب سرائیکی، ص13
8. دلشاد کلانچوی، پروفیسر، سرائیکی لسانیات، بہاولپور، اکادمی سرائیکی ادب، 2008ء، ص26
9. محمد اسلم رسول پوری، سرائیکی زبان اوندا رسم الخط تے آوازاں جام پور (راجن پور) 1980ء، ص49
10. حکیم فقیر الٰہی بخش سرائی، سرائیکی زبان کی وجہ تسمیہ، مضمون، مشمولہ، ہفت روزہ بشارت، مظفر گڑھ، 22 دسمبر 1960ء
11. طاہرہ نیر، ڈاکٹر اردو شاعری میں پاکستانی قومیت کا اظہار، کراچی، انجمن ترقی اردو پاکستان، 1999ء ص، 429
12. قیس مسیح، سرائیکی تاریخ، ملتان، جھوک پبلشرز 2010ء، ص29
13. قیس مسیح، سرائیکی تاریخ، ص31,30
14. میمن عبدالمجید سندھی، ڈاکٹر، لسانیات پاکستان، ملتان، مقتدرہ قومی زبان، 1992ء، ص19
15. مقبول گیلانی، ڈاکٹر، سرائیکی زبان وادب، ملتان جھوک پبلشرز، 2011ء، ص50
16. غلام حیدر سندھی، ڈاکٹر، سندھی زبان وادب کی مختصر تاریخ، مقتدرہ قومی زبان، 1999ء، ص50
17. عبدالحمید عتیق فکری، علامہ العتیق العتیق، بہاولپور، سرائیکی ادبی مجلس 1971ء، ص115
18. مہر عبدالحق، ڈاکٹر، ملتانی زبان اور اس کا اردو سے تعلق، ص102
19. آڈوانی، بھیرومل مھرچند، سندھی بولی جی تاریخ، سندھی ادبی بورڈ، جام شورو، 2004ء، ص82
20. آڈوانی بھیرومل مھرچند، سندھی بولی جی تاریخ، ص86

ڈاکٹر سمیرا بشیر
شعبہ اردو، وفاقی اردو یونیورسٹی، کراچی

”لاجونتی“ کا نفسیاتی اور تحقیقی مطالعہ

THE ISLAMIC AND HISTORICAL NOVEL OF ALLAMA RASHID - UL - KHAIRI

Abstract

Rajindar Singh Bedi'a short story "Lajwanti" is a master piece story based on the communal riots. In this story, the mental state of a woman who has been rescued from her kidnapper and her husband's psyche is narrated. Lajwanti's abduction transformed the stern Sundar Lal into a new. He formed a committee named "Dil Mein Basao" and stressed on rehabilitating and reinstating those kidnapped women who are rescued or from the kidnappers.

He emphasize this so that they could live a respectful and honorable life but Sundar Lal's sympathies and affectionate treatment made Lajwanti's miseries even more deplorable and in spite of their utmost efforts, they could not restore their relationship to the old term. This is the tragedy that be fell Sundar Lal and his wife as a consequence of the communal riots.

فسادات کے موضوع پر راجندر سنگھ بیدی نے صرف ایک افسانہ ”لاجونتی“ لکھا۔ ”لاجونتی“ نہ صرف بیدی کا شاہ کا افسانہ ہے، بلکہ فسادات کے موضوع پر لکھے جانے والے تمام افسانوں میں اسے خاص اہمیت حاصل ہے۔

بیدی نے اپنے افسانوں میں عورت کی زندگی کے مختلف پہلوون اور اس کی سماجہ حیثیت کو بیان کیا ہے۔ مختلف رشتوں کے حوالے سے اس کی محبت، ایچار اور پاکیزگی جیسے اعلیٰ او صاف کو قدر کی نگاہ سے دیکھا ہے۔اس کے علاوہ معاشرے میں اس کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں اور ناروا سلوک کے نفسیاتی اثرات کا بھی جائزہ لیا۔

> ”ان کے افسانوں کی عورت بنیادی پر ایک گھر ہستن ہے دکھ ہو یا سکھ ہر طرح سے زندگی جھیلتی ہے۔“ (1)

مختصراً یہ کہ بیدی کے افسانوں کے نسوانی کردار خوب صورت بھی ہیں اور خوب سیرت بھی۔

> ”لاجونتی میں ایک بازیافتہ عورت اور اس کے شوہر کی نفسیاتی کیفیات کو بیان کیا گیا ہے۔ اس کے ساتھ ہی معاشرے کے تنگ نظر اور مجبور لوگوں کا مغویہ عورتوں (خصوصاً جونتی) کے

ساتھ ناروا سلوک، مذہبی پروہتوں کا مغویہ بازیافتہ عورتوں کے خلاف پروپیگنڈا وغیرہ ایسے اوصاف ہیں جنھوں نے اس افسانے کو انفرادی حیثیت دے دی ہے۔ جیسا کہ ڈاکٹر سلیم آغا قزلباش نے تبصرہ کرتے ہوئے کہا ہے کہ ''فسادات کے زاویے سے ان کے افسانے ''لاجونتی'' ایک اعلیٰ پائے کی تخلیق کہا جاسکتا ہے اس افسانے میں حقیقت نداردا ور جذبات ندارد و کے حسین سنگم کے علاوہ نفسیائی ژوف بینی کا ثبوت بھی مہیا کیا گیا ہے۔'' (2)

لاجونتی، سندر لال، نارائن باوا، لال چند اور رسالو اس افسانے کے خاص کردار ہیں۔ افسانے ہیرو سندر لال ایک سخت مزاج دیہائی شخص ہے جب کہ اس کی بیوی لاجونتی جو افسانے کی ہیروئن ہے اور مزاجاً ہنس مکھ اور نرم طبیعت ہے۔ اس لیے وہ سندر لال کی مارپیٹ اور ہر قسم کی تلخی کے جاتی ہے۔ جس سے سندر لال کو بھی اپنی غلطیوں کا احساس نہ ہوسکا۔ لاجونتی نے سندر لال کو اس کی تمام خامیوں دل سے قبول کر لیا تھا، اور دونوں کی زندگی اچھی گزر رہی تھی کہ تقسیمِ ہند کا فیصلہ ہو گیا، اور ہندو مسلم فسادات جو پہلے سے شروع ہو چکے تھے۔ اس اعلان کے بعد شدت اختیار کر گئے اور لوگوں کو کئی تقوانات کا سامنا کرنا پڑا۔ لوٹ مار قتل وغارت گری اور اچانک ہجرت کرنے کو وجہ سے ہر طرف ہلچل، بدامنی اور قیامت کا سماں پیدا ہو گیا۔ بہت سی عورتیں اغوا کرلی گئیں۔ اس کے بعد ان کے ساتھ جو وحشیانہ سلوک کیا گیا اسے الفاظ میں بیان کرنا ممکن نہیں۔

اغوا ہونے والی عورتوں میں لاجونتی بھی شامل تھی۔ اغوا ہونے کے بعد نہ صرف لاجونتی کو کرب ناک کیفیات سے دوچار ہونا پڑا، بلکہ لاجونتی کی جدائی نے سندر لال کو بھی ایک نیا انسان بنا دیا جو حساس، رحم دل اور دوسروں کے کام آنے والا تھا۔ لاجونتی سے بچھڑنے بعد سندر لال کو اس کے ساتھ کی ہوئی زیادتیوں کا شدت سے احساس ہوا، اور اس نے اپنے آپ سے عہد کیا کہ اگر لاجونتی اسے دوبارہ مل گئی تو وہ اسے دل میں بسالے گا۔

> ''۔۔۔۔ تقسیم کے بعد انسانیت اور انسانی اقدار پر اس کا اعتماد فزوں تر ہوا جب تک زندہ رہا شرف انسانیت کے حق میں آواز بلند کرتا رہا اس کا انداز تحریر بیانیہ ہے لیکن اتنا متمول کہ وہ گہری سے گہری نفسیائی حقیقت کو بھی باآسانی گرفت میں لے کر ہمارے ادراک کا حص بنا دیتا ہے۔'' (3)

اس خیال کے ساتھ ہی اسے تمام مغویہ عورتوں سے ہمدردی محسوس ہوئی اور اس نے سوچا کے محلّے میں جہاں ''پھر بساو''، ''کاروبار میں بساو''، ''زمین پہ بساو'' نام کی کمیٹیاں لوگوں کی بہتری کے لیے کام کررہی ہیں۔ وہاں ''دل میں بساو'' نام سے بھی جو کمیٹی تشکیل دی گئی ہے جس کا مقصد مغویہ اور باز

یافتہ عوتوں کو معاشرے میں قبول کرنا اور انھیں عزت دینا تھا۔ وہ اس کمیٹی کے مقاصد کو پورا کرنے کے لیے ہر ممکن کوشش کرے گا۔ ووٹوں کی اکثریت حاصل کرنے اور لوگوں کت متفقہ فیصلے کے بعد سندر لال کو ''دل میں بساو'' کمیٹی کا سیکریٹری مقرر کر دیا گیا۔ سندر لال نے اپنے فرائض نہایت خوش اسلوبی اور ایمان داری سے انجام سیے اپنے مقصد کی تکمیل کے لیے اس نے مندر کے قدامت پرست نرائن باوا کی مخالفت کا بھی ڈٹ کر مقابلہ کیا جو کمیٹی کے مقاصد کے سخت خلاف تھی اور مغویہ اور بازیافتہ عورتوں کو قبول کرنے کے حق میں نہ تھا۔

''...اور وہ یہی سوچتا: ایک بار صرف ایک بار جو مل جائے تو میں اسے سچ مچ ہی دل میں بسالوں گا لوگوں کو بتادوں گا ان بے چاری عورتوں کے اغوا ہو جانے میں ان کا کوئی قصور نہیں، وہ سماج جوان معصوم اور بو قصور عورتوں کو بول نہیں کرتا، انھیں اپنا نہیں لیتا ایک گلا سڑ سماج ہے اور اسے ختم کر دینا چاہیے۔ وہ ان عورتوں کو گھر میں آباد کرنے کی تلقین کیا کرتا اور انھیں ایسا مرتبہ دینے کی دور خواست کیا کرتا جو گھر میں کسی بھی عورت، کسی بھی ماں، بیٹی، بہن یا بیوی کو دیا جاتا ہے اور کہتا انھیں اشارے اور کنائے سے بھی ایسی باتوں کی یاد نہیں دلانہ چاہیے جو اس کے ساتھ ہوئیں کیوں کہ ان کے دل زخمی ہیں، وہ نازک ہیں، چھوئی موئی کی طرح ہاتھ بھی لگاوگے تو مرجھا جائیں گھے۔'' (4)

ایک طرف ''دل میں بساو'' کمیٹی کے ممبران مغویہ بازیافتہ عورتوں کو قبول کرنے اور گھر میں باعزت طریقے سے بسانے کے لیے سر توڑ کوششیں کر رہے تھے دوسری طرف نارائن باوا مغویہ اور بازیافتہ عورتوں سے لوگوں کو متنفر کرنے کی ہر ممکن کوشش کر رہے تھے۔ اس طرح محلّے ملا شکور کے کچھ لوگ سندر لال کے حمایتی بن گئے اور کچھ لوگوں کو نارائن باوا کے خیالات سے اتفاق تھا نارائن باوا کے ہر قسم کی تراکیب آزمانے کے بعد بھی جب سب کو قائل نہ کرستے تو انھوں نے مذہب کا سیارا لیا اور اپنے خیالات سے ہم آہنگ کرنے کے لیے رام اور سیتا کی کتھا سنائی۔

اور لوگوں کو بتایا کہ جب رام چندر نے سیتا کو راون کے ساتھ اتنے دن گزارنے کے بعد دوبارہ اپنے گھر میں بسالیا تھا تو ایک دھوبی کے کہنے پر اس نے سیتا کو گھر سے نکال دیا تھا۔ اس لیے کہ رام چندر معاشرے کے ہر فرد کی بات کو اہمیت دیتا تھا۔

مذہب کا سہارا بھی نارائن باوا کو ان کے مقصد میں کامیاب نہ کرسکا، اور سندر لال نے اپنے ان مضبوط دلائل کے ذریعے نارائن باوا کے مذہبی دلائل کو غیر تسلی بخش اور سطحی ثابت کر دیا۔

''سندر لال نے کہا، ''میں ایک بات تو سمجھتا ہوں باوا کہ رام راج میں دھوبی کی آواز تو سنی

جاتی ہے لیکن رام راج کی چاہنے والے سندر لال کی اواز نہیں سنتے... شری رام سِتیا تھے ہمارے پر یہ کیا بات ہے باواجی! انھوں نے دھوبی کی بات کو ستیہ سمجھ لیا، پر اتنی بڑی مہارانی کے ستیہ پر وہ شواش نہ کپائے... اس میں کیا قصور تھا سیتا کا؟ کیا وہ بھی ہماری بہت سی ماوں بہنوں کی طرح ایک چھل اور ایک کپٹ کی شکار نہ تھی؟ اس میں سیتا کے ستیہ اور ستھ کی بات ہے یا رکشن راون کے وحشی پن کی بات ہے؟ جس کے دس سر انسان کے ہیں لیکن ایک اور سب سے بڑا اسر گدھ کا ہے۔'' (5)

ان دلائل کے بعد نارائن باوا کے پاس کوئی مناسب جواب نہ رہا اور اس کے ساتھی بھی سندر لال کی باتوں سے بہت متاثر ہوئے اور انھوں نے ''سندر لال زندہ'' کے نعرے لگانا شروع کر دیے۔

سندر لال نے جو کچھ کہا کر کے دکھایا اور جب لاجونتی بازیاب ہو کر آئی تو سندر لال نے اسے سچے دل سے قبول کر لیا، لیکن اپنی خوشی میں اپنے فرائض اور دوسروں کے دکھ نہ بھولا اور ''دل میں بساو'' کمیٹی کے لیے خلوص اور سچائی سے کام کرتا جیسے لاجونتی کی بازیابی سے پہلے کر رہا تھا۔

سندر لال نے اپنے رویّے اور باتوں سے لاجونتی کو یہ احساس نہ ہونے دیا کہ وہ ایک مغویہ عورت ہے۔ سندر لال ماضی میں لاجونتی پر جو ظلم کر چکا تھا اُس کی تلافی کے لئے سندر لال کے پاس یہی موقع تھا۔ اب اُس نے لاجونتی کو ''دیوی'' کہنا ہی نہیں، بلکہ دیوی کی طرح محترم اور لاجونتی کے پودے کی طرح نازک سمجھنا بھی شروع کر دیا۔ سندر لال اس حقیقت سے بہت اچھی طرح واقف تھا کہ لاجونتی کے اغوا ہونے میں اس کا کوئی قصور نہیں، بلکہ لاجونتی سمیت تمام مغویہ اور بازیافتہ عورتیں زندہ رہ کر جس بہادری اور حوصلے سے لوگوں کی نفرت اور حقارت کو برداشت کر رہی ہیں وہ مرنے سے زیادہ مشکل ہے۔

سندر لال کے حسن سلوک سے شروع میں تو لاجونتی بہت خوش ہوئی لیکن یہ خوشی زیادہ دن تک نہ رہ سکی، اور لاجونتی کو ایسا محسوس ہونے لگا کہ سندر لال نے اسے ''دیوی'' بنا کر اس پر بڑا ظلم کیا ہے جس سے سندر لال لاجونوی کے درمیان فاصلے پیدا ہوا گئے ہیں جو صرف اس صورت میں سمٹ سکتے ہیں اگر وہ دوبارہ ''لاجونتی'' بن جائے۔ لاجونتی کو سندر لال کی ہمدردی اور احترام سے زیادہ اس کی محبت کی ضرورت تھی۔ وہ نہ تو خود ''دیوی'' بن کر رہنا چاہتی تھی اور نہ ہی سندر لال کو اپنا پجاری بنانا چاہتی تھی، بلکہ وہ چاہتی تھی کہ وہ دونوں میاں بیوی کی حیثیت سے زندگی گزاریں۔ سندر لال اس سے پہلے کی طرح لڑنے جھگڑنے اور مارنے پیٹنے کے بعد اسے منائے۔

''وہ سندر لال کی وہی پرانی لاجونتی ہو جانا چاہتی تھی جو گاجر سے لڑ پڑتی تھی اور مولی سے مان جاتی تھی، لیکن اب لڑائی کا سوال ہی نہ تھا۔ سندر لال نے اسے محسوس کرا دیا جیسے وہ لاجونتی

نہیں، بلکہ کانچ کی کوئی چیز ہے جو چھوتے ہی ٹوٹ جائے گی اور جو شیشے میں اپنا سراپا کی طرف دیکھتی اور آخر اس نتیجے پر پہنچتی کہ وہ اور سب کچھ تو ہو سکتی ہے لاجو نہیں ہو سکتی۔" (6)

اس افسانے میں بیدی نے یہ بات ثابت کردی کہ فسادات کے دوران کسی بھی قسم کی زیادتیوں کا شکار ہونے کے بعد جن لڑکیوں کو قبول کر لیا گیا وہ بھی اپنے پرانے ماحول میں واپس نہ آ سکیں۔ ان لڑکیوں کو بے قصور جاننے کے باوجود لوگوں نے ان کے ساتھ ایسا رویہ اختیار کیا کہ وہ اپنی ہی نظروں میں گر گئیں۔ لوگوں ہمدردیاں بھی انھیں مصنوعی لگیں اور انھیں ان سیاہ دونوں کی یاد دلائی ہیں جن کو بھول جانا چاہتی تھیں۔

"۔۔۔"لاجونتی" میں بھی عورت کے نازک ترین احساسات کی نمائندگی کی گئی ہے۔ بنیادی مسئلہ شوہر کی طرف سے عدم تفہیم ہے۔"(7)

لاجونتی سے شدید محبت رکھنے کے باوجود سندر لال اس کے دل اصل تمنّا کو نہ سمجھ سکا۔ ایسی ناسمجھی اور بے خبری ہی لاجونتی کو پرانے ماحول میں آنے میں سب سے بڑی رکاوٹ بنی۔

سندر لال یہ بھی نہ سمجھ سکا کہ اس کے آنگن میں لاجونتی کا جو بونا دوبارہ آن لگا ہے۔ وہ اب گیتوں والی لاجونتی سے مزاجاً اور فطرتاً مختلف ہے کہ ہاتھ لگانے کے بجائے، ہاتھ نہ لگانے کے باعث: کملا رہا ہے، مرجھا رہا ہے نافہمی کے ہاتھوں اجڑ رہا ہے، یعنی:

لاجو آئی بھی پر نہ آئی
وہ بس گئی ر اجڑ گئی۔ (8)

ایک بیوی اور عورت کے لیے اس سے بڑا سانحہ تقسیم اور کیا ہو سکتا ہے۔ تقسیم کے بعد یہ مسئلہ محض لاجونتی کا نہ تھا ایسی لاجونتیاں سیکڑوں نہیں ہزاروں تھیں جنھوں نے کچھ نہیں تو نفسیاتی مسائل ہیٔ پیدا کر دیے تھے۔

حواشی

1. نسائی شعور کی تاریخ عصمت جمیل ص ۱۵۷ مقتدرہ قومی زبان پاکستان، طبع اول ۲۰۱۲ اسلام آباد۔
2. جدید اردو افسانے کے رجحانات، ڈاکٹر سلیم آغا قزلباش انجمن ترقی اردو پاکستان ۲۰۰۰ کراچی ص ۲۶۲
3. اردو افسانہ فن، ہنر اور متنی تجزیہ، "ڈاکٹر اقبال آفاقی" فکشن ہاوس ۲۰۱۲ لاہور ص ۱۳۸
4. لاجونتی، راجندر سنگھ بیدی، نیا ادارہ، طبع دوم ۱۹۸۶، ص ۱۲۴
5. لاجونتی محوالہ بالا ص ۱۳۰۔۱۲۹
6. لاجونتی محوالہ بالا ص ۱۴۲۔۱۴۱
7. نسائی شعور کی تاریخ، محوالہ بالا، ص ۱۵۸
8. بیدی نامہ، شمس الحق عثمانی، مکتبہ جامعہ، نئی دہلی، ص ۲۳۸

ڈاکٹر داؤد عثمانی
لیکچرار اردو، گورنمنٹ بوائز ڈگری کالج، بلدیہ ٹاؤن، کراچی
ڈاکٹر یاسمین سلطانہ
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ اردو، وفاقی یونیورسٹی، کراچی

علامہ راشد الخیری کی اسلامی اور تاریخی ناول نگاری

THE ISLAMIC AND HISTORICAL NOVEL OF ALLAMA RASHID - UL - KHAIRI

Abstract

Allama Rashid ul Khairi (1868-1936) really strived hard through his writing to reforms the social and intellectual outlook of his time. He did his utmost to focus the upliftment of women, and motivatated them to participate in the building of their society. He used his unique craft of narrating stories. He also wrote some Islamic historical novels in which he did not fictionalize the historical accounts and preferred to portray the facts and characters of the history in accordance with the reliable sources of the writings which were also corroborated by the subsequent historians. His writing has been proved to be as a vehicle for indulging his target audiance towards their remarkable past. In this article, focus has been given on his novels with special reference to how they reformed the society. This article aims at determining how much he being a novelist succeeded in inspiring his readers.

Keywords: Allama Rashid-ul- Khairi, Islamic Historical Novelist

علامہ راشد الخیری جنوری ۱۸۶۸ء کو دہلی میں پیدا ہوئے اور ۳/ فروری ۱۹۳۶ء کو اس جہانِ فانی سے رخصت ہوئے۔ ان کے جدّ امجد کا تعلق صحابیٔ رسول عکرمہ بن ابو جہل آل بنی عکرمہ سے تھا جن کے ایک فرزند عہدِ شاہجہان میں دہلی آکر شہزادوں اور شہزادیوں کے معلم مقرر ہوئے۔ جہاں انھیں نسلاً بعد نسلاً خاندانِ شاہانِ مغلیہ کے استاد رہنے کا شرف حاصل رہا۔ اس کے علاوہ ان کے بزرگوں نے مدارس قائم کر کے تشنگانِ علوم و فنون کو دینی تعلیم سے بھی سیراب کیا۔ علامہ راشد الخیری نے بھی اپنی پوری زندگی قلم کے ذریعے اصلاحِ معاشرت، حقوقِ نسواں اور تربیتِ نسواں کا علم اٹھائے رکھا۔ علامہ کا طرزِ ادا اور اندازِ بیان اس قدر درد انگیز اور پر تاثیر تھا کہ علی عباس حسینی نے انھیں خواتین کا سرسید کہا۔ علامہ کی

تخلیقات کی مقبولیت اور قبولیت کا اندازہ اس بات سے بہ خوبی لگایا جا سکتا ہے کہ سوائے چند ایک کتابوں کے ان کی تمام تصانیف کی ایک سے زائد اشاعتیں منظر عام پر آئیں۔ جن میں بعض تو تعلیمی نصاب میں بھی شامل رہیں اور یہ اعزاز اردو ادب میں بہت کم ادیبوں کو نصیب ہوا ہے۔

علامہ راشد الخیری کثیر التصانیف مصنف تھے انھوں نے گیارہ اصلاحی و معاشرتی ناول لکھے۔ نو اسلامی تاریخی ناول تحریر کیے اور افسانوں کے سینتیس اور مضامین کے چوبیس مجموعے منظرِ عام پر آئے۔ تاریخ و سیرت پر چھ کتابیں شائع ہوئیں۔ اس کے علاوہ دو شعری مجموعے اور ایک تالیف کردہ کتاب شائع ہوئی۔ علاوہ ازیں ان کی ادارت و نگرانی میں ماہنامہ ''عصمت''، ''تمدن''، ''بنات''، ''جوہر نسواں'' اور ہفتہ وار ''سہیلی'' بھی شائع ہوئے۔ اس کے علاوہ علامہ موصوف کو اسلام، قرآن اور تاریخ اسلام سے خاص دلچسپی تھی اور انھوں نے اس سمت میں بھی اپنے قلم کے جوہر خوب دکھائے ہیں۔ درج ذیل سطور میں علامہ خیری کی اسلامی تاریخی ناول نگاری کا ایک مختصر جائزہ لیا گیا ہے۔

اسلامی و تاریخی ناول

''ماہ عجم''۔ یہ راشد الخیری کا پہلا تاریخی ناول ہے۔ علامہ راشد الخیری نے یہ تاریخی ناول مولوی ممتاز علی صاحب ایڈیٹر 'تہذیب نسواں' کے صاحبزادے سید امتیاز علی تاج کی فرمائش پر لکھا تھا۔ اس کی اولین اشاعت ۱۹۱۸ء میں ہوئی۔ ماہ عجم میں حضرت عمر فاروقؓ کے عہد میں ایران کی فتح کے لیے مسلمانوں کی جانبازی اور جرأت و شجاعت کے کارناموں کو بیان کیا گیا ہے۔ ماہ عجم کا مطالعہ کریں تو تاریخ کے اوراق خود بخود کھلتے چلے جاتے ہیں۔ بقول رازق الخیری:

> ''مبصرین کا خیال ہے کہ مشرق میں اس پایہ کی ٹریجڈی نہیں لکھی گئی۔ بہادر یار جنگ مرحوم سے ۱۹۴۶ء میں میری ملاقات ہوئی تو انھوں نے فرمایا تھا: ماہ عجم ۱۸ دفعہ پڑھ چکا ہوں۔'' (۱)

تاریخی واقعات کے ساتھ ساتھ عشق نامراد کا بڑا ہی دردانگیز قصہ بھی بیان کیا گیا ہے۔ جس سے ناول کی دلکشی میں مزید اضافہ ہو گیا ہے۔ ناول کا پلاٹ کچھ اس طرح سے ہے کہ ماژندران کے بادشاہ کی ایک خوبصورت بیٹی ہے اس کے سوا بادشاہ کی اور کوئی اولاد نہ تھی۔ بادشاہ اپنی بیٹی کو اپنے دورِ حکومت میں ہی تخت شاہی پر بٹھا دیتا ہے۔ شہزادی کے تخت نشین ہوتے ہی گرد و نواح کی ریاستوں میں فتنہ اٹھنا شروع ہوتا ہے۔ اصفہان کا شہزادہ ملکہ سے شادی کا خواستگار ہوتا ہے لیکن اس کے ساتھ دوسری ریاستوں کے والیان بھی شہزادی کو پانے کے متمنی تھے۔

مذکورہ ناول کے حوالے سے پروفیسر وقار عظیم لکھتے ہیں:

''علامہ مرحوم نے ماہ عجم میں کردار نگاری بڑی کامیابی سے کی ہے اور مناظر کی مصوری بھی اچھے انداز میں ہے۔ قصے کی دلکشی بھی کہیں کم نہیں ہونے پاتی۔ پلاٹ میں روانی اور تسلسل بھی اور فنی نقطہ نظر سے سسپنس کی بھی کمی نہیں۔'' (۲)

''آفتاب دمشق''

علامہ راشد الخیری کا یہ ناول پہلی بار ۱۹۱۸ء(۳) میں شائع ہوا اور ۱۹۶۴ء تک اس کے دس ایڈیشن شائع ہوئے۔ (۴) مسلمانوں اور عیسائیوں کے درمیان ان تمام تاریخی جنگوں کا بیان ہے جو کہ مسلمانوں نے دمشق کی فتح کے لیے لڑیں۔ شام کی فتح کا واقعہ اس وقت کا ہے جب مسلمانوں نے مملکت عربیہ کے آس پاس کی تمام غیر مسلم سلطنتوں اور صوبوں میں توحید کا پرچم بلند کر دیا تھا۔ لیکن کچھ خطے ایسے بھی تھے جہاں کے لوگ اسلام کی سعادت سے محروم تھے۔ کہیں لوگ آگ کی پرستش میں مشغول تھے تو کہیں تثلیث کے ماننے والے خدائے وحدہ لاشریک کے ساتھ شرک میں مبتلا۔ جیسا کہ علامہ راشد الخیری صدیق اکبرؓ کا خطبہ نقل کرتے ہیں:

''آس پاس کے لوگ یہاں وہاں کے آدمی ادھر ادھر کی خلقت صراط مستقیم پر آگئی، مگر ابھی خدا کا ملک وسیع اور دنیا کی آبادی بڑی ہے اور تمھارا فرض ہے کہ تم اس نعمت کو جو ہادی برحق نے تم کو دی مخلوق خدا میں تقسیم کرو۔ یہ درست کہ خدا کا پیارا اور مسلمانوں کا دلدار ہماری آنکھ سے او جھل ہو گیا۔ مگر اس کی امانت ہمارے ہاتھوں میں موجود ہے۔ کتاب اللہ ہمارے سامنے ہے اس سے بہتر رفیق اس سے اچھا صلاح کار اس سے افضل رفیق کون ہو گا؟ کیا تم اپنے سرتاج کے یہ الفاظ فراموش کر گئے کہ شام عنقریب اسلام سے مزین ہو گا۔ اب وقت ہے کہ بسم اللہ کرو جانیں لڑاؤ گلے کٹاؤ اور اغیار کی سرزمین کو کلمہ ء حق سے جگمگا دو۔''(۵)

تاریخی ناولوں میں تاریخ کو ایک کہانی کی طرح بیان کرنا ایک الگ بات ہے لیکن اس کا نقشہ اپنے تخیل سے کھینچ دینا ناول نگار کی ایک فن کارانہ صلاحیت کی دلیل ہے۔ راشد الخیری نے ناول کو ایک کہانی کی طرح ہی بیان کیا ہے لیکن اس خوبی سے بیان کیا ہے کہ اس کے ایک ایک نشیب و فراز سے قاری مکمل طور پر محظوظ ہو سکے۔ مسلمانوں اور رومیوں کی معرکہ آرائی کے علاوہ ناول میں جو سب سے اہم اور قابل ذکر پہلو ہے وہ ملکہ سلمونیہ اور یونس کی داستان عشق ہے۔ یہ داستان شروع سے آخر تک ناول کا ایک جزو بنی رہتی ہے اور زمانے کے مختلف نشیب و فراز سے گزر کر کچھ اس طرح اپنے اختتام کو پہنچتی ہے کہ

قاری کے دل پر ایک حیرت انگیز تاثر چھوڑ جاتی ہے۔ ملکہ سلمونیہ کا مسلمانوں کی جانب مانوس ہونا مسلمانوں کی ثابت قدمی کی دلیل ہے اور پھر کیلوث اور وردان کا اس پر ظلم و ستم ڈھانا، اذیت دینا حق و باطل کے فرق کو صاف ظاہر کرتا ہے۔

ناول کی زبان نہایت سادہ اور سلیس ہے جس سے قاری کو کسی تاریخی واقعہ کو سمجھنے میں کوئی دقت نہیں ہوتی۔ راشد الخیری نے تاریخ کے خشک مضمون کو بھی اس طرح بیان کیا ہے کہ قاری اس میں محو ہو جاتا ہے۔ ناول میں جہاں تاریخ کو بیان کیا گیا وہیں انسانی فطرت کی بہترین عکاسی بھی کی گئی ہے۔

''عروس کربلا''

یہ علامہ راشد الخیری کا ایک شاہکار تاریخی ناول ہے۔ جیسا کہ نام سے ہی اندازہ ہوتا ہے کہ ناول میں واقعات کربلا کو بیان کیا گیا ہے۔ مذکورہ ناول ۱۹۱۹ء میں پہلی مرتبہ شائع ہوا۔ طبع ثانی ۱۹۳۳ء میں ہوئی، نظر ثانی اور بعض ترامیم و اضافے کیے گئے۔ اس کا بارھواں ایڈیشن ۱۹۷۸ء میں علامہ راشد الخیری اکیڈمی، کراچی سے شائع ہوا۔ (۶) اس ناول میں ایک تاریخی واقعہ کو جس خوبی سے بیان کیا گیا ہے اس سے علامہ راشد الخیری کی علمی لیاقت کا اندازہ ہوتا ہے۔ ساتھ ساتھ عبید اور روز کی عشقیہ داستان بھی زینت قرطاس ہے۔ ایک معصوم بچی کا ایک کشتی میں پیدا ہونا، حالات سے مجبور ہو کر ایک عیسائی کے گھر میں پرورش پانا اور پھر آخر میں یزید کی موت کا سبب بننا۔

ناول کا آغاز ڈرامائی انداز میں ہوتا ہے:

> ''رات کے وقت ایک روز جب بارش شدت سے ہو رہی تھی اور جنگل کی غضب ناک وحشت کا پتا صرف بجلی کی چمک دے رہی تھی۔ وادی کنعان سے آتے ہوئے دو اونٹ کنارِ نیل پر پہنچے۔ پانی اپنی طاقت اور ہوا اپنی قوت کا اظہار زور و شور سے کر رہے تھے کہ اونٹ کی آواز نے ہوا میں گونج کر سکوت شب کو توڑا، بجلی چمکی اور اس کے ساتھ ہی ایک عرب نے باآواز بلند کہا:
>
> سلام علیکم یا شیخ! کشتی تیار ہے مگر پانی ہموار نہیں۔
>
> ''دونوں اونٹ بٹھائے گئے ایک پر سے اسباب اور دوسرے پر سے دو آدمی ایک مرد اور ایک عورت نیچے اترے۔ عورت نے ملاح سے کہا: مجھے معلوم ہے کہ دریا میں سخت طوفان برپا ہے لیکن جس طرح بھی ہو مجھے جمعہ سے قبل دمشق پہنچنا ہے تم دریا کا مطلق خیال نہ کرو اور بسم اللہ کرو۔'' (۷)

علامہ راشد الخیری نے عروس کربلا میں واقعات شہادت کو اس طرح منظم کیا ہے کہ پڑھنے والے کو اہم تاریخی معلومات بھی حاصل ہوتی ہیں اور وہ اندازِ بیان سے لطف اندوز بھی ہوتا ہے۔ علامہ نے زبان و بیان کے معیار کو اس خوبی سے قائم رکھا ہے کہ پورے ناول میں کہیں جھول نظر نہیں آتا۔ ایک مغموم کر دینے والے واقعے کو اس اسلوب میں بیان کیا ہے کہ اس میں حسن پیدا ہو گیا۔ دل رنجیدہ تو ہوتا ہے لیکن ساتھ ہی علامہ کی فنکارانہ صلاحیت کا اعتراف بھی کرتا ہے۔

عروسِ کربلا کے متعلق سید محمود مؤرخ لکھتے ہیں:

> "یہ مولانا کے تمام تاریخی ناولوں میں ممتاز ہے۔ مولانا کے اس ناول کی مقبولیت کو دیکھ کر کئی صاحبوں نے اس طرز پر ناول لکھے مگر عروس کربلا کے سامنے سب ہیچ ہیں۔ مولانا نے مصر کے عیسائی مصنف جرجی زیدان کے ان حملوں کا بھی جو اس نے دبی زبان سے اسلام پر کیے بڑی قابلیت سے عروس کربلا میں جواب دیا۔ یہ ناول بیان کی دلآویزی اور پلاٹ کی دلچسپی کے اعتبار سے بھی جرجی زیدان کے ان ناولوں پر فوقیت رکھتا ہے جو تاریخ اسلام کے متعلق لکھے گئے۔" (۸)

"محبوبہ خداوند"

پہلی بار ۱۹۱۹ء میں اور ۱۹۶۳ء تک اس کے نو ایڈیشن شائع ہوئے۔ اسلامی تاریخ حق و باطل کی کشمکش سے بھری پڑی ہے۔ انہی میں فتح طرابلس بھی ایک اہم مقام رکھتی ہے جو کہ چالیس ہزار فرزندان توحید اور کم و بیش اس سے چار گنا زیادہ تعداد میں عیسائی اور یونانی افواج کے درمیان حرب پیائی کے بعد میسر ہوئی۔

طرابلس کے زمینی خداوند کار تھیسٹ کی فرضی خدائی کے تذکرے اس قدر عروج پر پہنچے کہ ان کی صدا صحرائے عرب کی وادیوں میں گونجی۔ حضرت عبداللہ بن سعد نے امیر المومنین حضرت عثمانؓ سے اجازت طلب کر کے افریقہ پر چڑھائی کر دی۔ موجودہ زمانے میں افریقہ ایک براعظم کا نام ہے۔ مگر اسی خطہ میں افریقہ نام کی ایک چھوٹی سی ریاست تھی جو کہ طرابلس اور طنجہ کے درمیانی علاقے پر پھیلی ہوئی تھی۔ حضرت عثمانؓ کی اجازت ملنے کے بعد حضرت عبداللہ بن سعد نے دس ہزار فوج کے ساتھ مصر سے خروج کر کے علاقہ برقہ کے سرحدی رئیسوں کو مغلوب کیا اس کے بعد طرابلس کو کوچ کیا۔ یہاں آپ کا مقابلہ پہلے رومیوں سے ہوا۔ رومیوں نے سرزمین طرابلس سے نکل کر آپ کا مقابلہ کیا لیکن شکست کھا کر بھاگ نکلے۔ چونکہ حضرت سعد کا مقصد طرابلس کو فتح کر کے وہاں کی عوام کو راہِ حق کی

دعوت دینا اور کارتھیسٹ کے مکر و فریب سے آزاد کرانا تھا اس لیے آپ نے طرابلس کے بادشاہ گریگوری سے زبردست مقابلہ کیا اور فتح حاصل کی۔

تاریخ اس محترم و مکرم خلیفہ کی دانائی کو داد دیتی ہے جس نے اپنی دور اندیشی سے مسلمانوں کے تھکے ہارے لشکر میں جان پھونک دی۔ اس وقت جب کہ حضرت سعد کا لشکر تکان سے چور تھا اس وقت خلیفہ وقت نے ایک فوج ترتیب دے کر ان کی مدد کے لیے حضرت عبداللہ بن زبیرؓ کی قیادت میں روانہ کر دی۔

ناول نگار نے طرابلس کی فتح اور مسلمانوں کی جانبازی کی داستان جس صداقت اور خوبی سے بیا ن کی ہے اس سے مصنف کے زورِ بیان کا اندازہ ہوتا ہے۔ ناول میں تاریخ کو جیتا جاگتا دیکھا جا سکتا ہے۔ لشکر اسلام کے ساتھ کارتھیسٹ اور اس کی جادو گری کے پیچ و خم کو بھی خوبی سے بیان کیا گیا ہے۔ راشد الخیری نے کارتھیسٹ کا تعارف اس طرح کرایا ہے:

''بارقہ کا مشہور منجم کارتھیسٹ جس کے وعدے اور پیشین گوئیاں روز بروز لحہ بہ لحہ صداقت کے قریب پہنچ رہی تھیں۔ ایک افریقہ میں کیا دور دور مشہور ہوتا جا رہا تھا۔ عیسائی دنیا اس کی پرستش کر رہی تھی۔ وہ نہ صرف آئندہ کے مفصل حالات بتا رہا تھا بلکہ اس کا وعدہ تھا کہ میرے تمام معتقد اپنی تکالیف اور مصیبت سے باخبر ہو کر قبل از وقوع اس کا علاج کر سکتے ہیں اور اثرات محفوظ رہیں گے۔ اس کی زندگی تکلیف سے قطعاً علیحدہ تھی کنارہ دریا پر ایک بوسیدہ خانقاہ اس کا مسکن تھی جہاں وہ راہبوں کی سی زندگی بسر کرتا تھا۔ چیلوں کی تعداد ہزاروں سے زیادہ تھی اور شہرت و کامیابی ہر روز اس تعداد میں اضافہ کر رہی تھی۔ موت و زیست اکثر حالات میں اس کی فرمانبردار تھیں۔ سخت سے سخت مرض میں اس کی توجہ یقیناً صحت تھی۔'' (۹)

محبوبۂ خداوند ایک دلچسپ تاریخی ناول ہے۔ جنگ کے واقعات پڑھ کر یوں محسوس ہوتا ہے کہ جیسے فریقین کی افواج ایک دوسرے کے مقابل کھڑے ہو کر ناول نگار کے اشارے کی منتظر ہوں۔ ناول میں بے شمار مناظر تاریخ کے جھروکوں سے اس طرح نکل کر ہمارے سامنے آتے ہیں کہ جن کو پڑھ کو قاری بے ساختہ داد دینے پر مجبور ہو جاتا ہے۔ جس وقت نو مسلم یوسف کو شیر کے سامنے چھوڑا جاتا ہے اس وقت کا ایک منظر ملاحظہ فرمائیے:

''رات کے چار ہی بجے سے خندق پیامیری کے چاروں طرف لوگ صف آرا ہونے شروع ہو گئے اور طلوعِ آفتاب سے قبل زمین آدمیوں سے پٹ گئی۔ مرد اور عورتیں، بوڑھے اور جوان، بچے اور بڑے سب آموجود ہوئے۔ ادھر نقارہ بجا اور ادھر شیر کا پنجرہ خندق میں ڈال کر کھولا گیا۔ شیر تین روز سے بھوکا تھا۔ خندق میں پہنچتے ہی دو تین دفعہ اس زور سے دہاڑا کہ

دیکھنے اور سننے والوں کے پتے دہل گئے۔ وسط میں دو طلائی کرسیاں برابر رکھی گئیں۔ایک پر گریگوری اور دوسری پر خداوند کار تھیسٹ جلوہ افروز ہوئے۔ خداوند کے آنے سے پہلے جس وقت تشریف آوری کا غلغلہ بلند ہوا تو خلقت صف بستہ کھڑی ہوگئی اور صورت دیکھتے ہی سب نے اپنی گردنیں نیچی کرلیں۔'' (۱۰)

اس طرح کے کئی مناظر راشد الخیری کے تخلیقی ذہن کی عمدہ مثالیں پیش کرتے ہیں۔ قاری کو یوں محسوس ہوتا ہے کہ وہ بھی طرابلس کی خلقت میں موجود ہے۔

''اندلس کی شہزادی یا تائید غیبی''۔ علامہ راشد الخیری کا یہ ناول پہلی بار جنوری ۱۹۲۰ء میں اور چوتھی مرتبہ جون ۱۹۳۳ء میں حمیدیہ پریس دہلی سے شائع ہوا۔ یہ ناول اس خاک اندلس سے متعلق ہے جہاں سے مسلمانوں میں ہزاروں اور لاکھوں صورتیں پیدا ہوئیں۔ ملکوں پر حکومت کرنے والے اٹھے دنیا میں زندگی کا جائز حق رکھنے والے پیدا ہوئے۔ دیکھنے دکھانے کے لائق سپوت اس ماں کی گود میں کھیلے اور تاریخ کو جگمگا دینے والے چاند اسی آسمان سے نمودار ہوئے۔ یہ اس زمانے کی داستان ہے کہ اسلامی سلطنت کا چراغ سرزمین اندلس میں ٹمٹما رہا تھا۔(۱۱)

ابوالحسن نے سلطنت کی خاطر اپنے باپ ابوعبداللہ کو قتل کیا۔ مگر اسے بھی کچھ حاصل نہ ہوسکا۔ فرڈیننڈ نے مکار و دغاباز ابوالحسن کو شکست دے کر اسلامی سلطنت کا خاتمہ کر دیا۔ فرڈیننڈ کے بعد ملکہ الفیٹیا تخت نشین ہوئی۔ وہ بہت حسین اور دانشمند تھی۔ لیکن اسے تخت پر بیٹھے کچھ زیادہ عرصہ نہ ہوا تھا کہ سانپ نے کاٹ کھایا۔ وہ بظاہر مردہ معلوم ہونے لگی اور اسے اسی حالت میں دفن کر دیا گیا۔ ملکہ الفیٹیا کے بعد تخت پر حق اس کے چھوٹے بھائی فریڈرک کا تھا۔ مگر چونکہ وہ ابھی کم عمر تھا اس لیے شہزادہ جیمس کو موقع مل گیا اور وہ رعیت اور ارکان سلطنت کو دھوکا دے کر تخت و تاج کا مالک بن بیٹھا اور تخت نشین ہوتے ہی ظلم و ستم کا بازار گرم کر دیا۔ ادھر ملکہ الیفیٹا کی لاش کو مسلمان چرواہا نکال کر لے گیا اور علاج کرکے اچھا کرلیا۔ شہزادی الفیٹیا چرواہے کی صداقت آمیز باتوں سے اس قدر متاثر ہوئی کہ مسلمان ہوگئی۔ چرواہا (عاصم) اور ملکہ الیفیٹا ہی اس ناول کے مرکزی کردار ہیں۔ علامہ راشد الخیری لکھتے ہیں:

''پتھر سے ہیرا، کیچڑ سے موتی، جھونپڑی سے شال، گدڑی کا لال عاصم کی دوسری مثال گڈریے تو کیا بنوامیہ جیسے بااقبال بھی پیدا نہ کرسکے۔ خلوص نے جس کے نام کی اور محبت نے جس کے کام کی قسم کھائی، صداقت جس کی چیری، شرافت جس کی کنیز، ایمان جس کو پیارا، انصاف جس کو عزیز۔''(۱۲)

اس ناول میں مولانا نے دکھایا ہے کہ مسلمان خواہش کے بندے اور نفس کے غلام ہرگز نہیں۔ بات کے دھنی اور دل کے غنی ہیں۔ محبت کی زنجیران کے قدموں میں تاج شاہی کو ٹھکرانے والی اور خلوص کا دریا ان کے سینے میں نفسانی سمندر کو تہ و بالا کرنے والا ہے۔

''شاہین ودراج''

یہ علامہ راشد الخیری کا پہلا تاریخی ناول ہے جو ۱۹۰۸ء میں مخزن میں بالاقساط شائع ہوا۔ اس ناول کی اشاعت سے مخزن کے خریداروں میں چھ سو خریداروں کا اضافہ ہوگیا۔ ۱۹۲۱ء میں مولوی ممتاز علی نے مصنف سے اجازت لے کر اسے پہلی مرتبہ دارالاشاعت پنجاب لاہور سے شائع کیا۔

اس ناول کا موضوع کوئی مشہور تاریخی واقعہ نہیں ہے۔ بلکہ ملکہ شاہین کا ایک دیہاتی دراج سے معاشقہ ہے۔ تاہم نقادوں نے ملکہ شاہین کی موجودگی کی بنا پر اسے تاریخی قصہ قرار دیا ہے۔ قصے کی ابتدا ریاست کے ایک شاہی جلوس سے ہوتی ہے۔ جلوس میں شہزادی اپنی پوری آب وتاب اور تزک واحتشام سے نظر آتی ہے۔ مصنف نے اس کی کیفیت کو بہت دلکش انداز میں بیان کیا ہے:

> ''شہزادی ایک مشکی گھوڑے پر سوار، منہ پر نقاب، خراماں خرام رعیت کو دیکھتی بھالتی سلاموں کے جواب دیتی چلی آتی تھی۔ خوشی کا وقت جشن کا روز کامیابی کی توقع انصاف کا یقین سینکڑوں اللہ کے بندے اپنی اپنی حالات زار کا اظہار کر رہے تھے۔ محتاج صدقات سے مالامال مظلوم دادرسی سے نہال نہال یہ کیسی اچھی گھڑی تھی کہ بڑے سے چھوٹے تک جس کے چہرے پر نظر پڑتی تھی ہشاش بشاش دکھائی دیتا تھا۔'' (۱۳)

جشن نوروز کا یہ جلوس ہی شاہین اور دراج کی ملاقات کا سبب بنتا ہے۔ یہ دراج کی خوش قسمتی تھی کہ اسے شہزادی کی جان بچانے کا موقع ملتا ہے۔ اس جاہل دہقان کو اس کا قطعی احساس نہ تھا کہ اس کے اس عمل سے ملکہ کے دل پر کیا اثر ہوا ہے۔ ملکہ کے اضطراب کا یہ عالم تھا کہ:

> ''بجائے اس کے کہ وہ نہال ہوتی بالکل افسردہ تھی۔ چپ چاپ چلی اور گم سم آئی۔ اتری تو مغموم کھڑی ہوئی تو افسردہ۔ بیٹھی تو محزوں اور لیٹی تو مردہ۔'' (۱۴)

اس کے بعد دراج کو ملکہ کی جان بچانے کا ایک اور موقع ملتا ہے۔ شاہین تو پہلے ہی دراج کی شجاعت پر مرمٹی تھی اب اور قریب آگئی۔ ملکہ نے ہر چند یہ کوشش کی کہ کسی طرح ممکن ہو دراج کے احسان کا بدلہ چکایا جائے۔ شاہین کی یہی کوشش اسے دراج کے اتنے قریب کر دیتی ہے کہ دونوں کو ایک دوسرے سے عشق ہو جاتا ہے۔ علامہ راشد الخیری نے مذکورہ ناول کے تمام کرداروں میں دراج کو جو

اہمیت دی ہے وہ بے مثل ہے۔ دراج جاہل گنوار ہے لیکن اپنی جہالت میں بھی اسے اپنی ایمانداری اور وفاداری کا پاس رہتا ہے۔

زبان وبیان اور کہانی کے اعتبار سے یہ ایک دلچسپ ناول ہے۔ قاری کا ذہن صدیوں پہلے کی ثقافت میں محو ہو جاتا ہے۔ یہ بھی اندازہ ہوتا ہے کہ دور جدید ہو یا دور قدیم انسان فطری طور پر ہمیشہ سے عشق میں قربان ہوتا آیا ہے۔ مذکورہ ناول میں دراج نے اپنی جان قربان کر کے اس بات کا ثبوت پیش کیا ہے۔

"در شہوار"

علامہ راشد الخیری کا یہ تاریخی ناول پہلی بار ۱۹۲۱ء میں اور دوسری مرتبہ مئی ۱۹۲۲ء میں حمیدیہ پریس دہلی سے شائع ہوا اور اتنا مقبول ہوا کہ ان کی حیات میں اس کے پانچ ایڈیشن شائع ہوئے۔

اس ناول میں ایران اور ماژندران میں آویزش کی داستان بیان کی گئی ہے۔ اس آویزش کا بنیادی سبب ماژندران کی ملکہ سبطورا ہے۔ ایک طرف ایرانی شہزادہ فیلوس اس کا طلبگار ہے تو دوسری طرف ماژندرانی سپہ سالار بہرام کو وہ خود پسند کرتی ہے۔ فیلوس ایک ماہ تک ملکہ کا مہمان رہتا ہے اور پھر ملکہ کے حصول کے لیے ماژندران پر حملہ کرتا ہے۔ شدید جنگ کے بعد بہرام کامیاب ہوا اور ملکہ کی ماں نے سبطورا اور بہرام کی شادی کر دی۔

مذکورہ ناول تاریخ کے ایک ایسے باب سے متعلق ہے جس سے عام پڑھنے والے کو دلچسپی کم ہی ہو سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مصنف نے زیادہ زور تاریخی واقعات پر دینے کے بجائے عشق و محبت کی کہانی پر دیا ہے اس لیے اسے زیادہ سے زیادہ محدود تاریخی پس منظر میں لکھی گئی رومانی داستان کہہ سکتے ہیں۔

"یاسمین شام"

علامہ راشد الخیری کا یہ ناول پہلی مرتبہ ۱۹۲۱ء میں شائع ہوا۔ (۱۵) اور قیام پاکستان سے قبل اس کے سات ایڈیشن شائع ہوئے۔ (۱۶) اس ناول میں مصنف نے ایران اور دمشق کی فتوحات کا مختصر ذکر کر کے شام پر مسلمانوں کے حملے اور فتوحات کا ذکر کیا ہے۔ مسلمانوں کے سپہ سالار حضرت ابوعبیدہؓ تھے۔ حمص اور بعلبک شام کے دو مشہور شہر ہیں۔ حضرت ابوعبیدہ نے پہلے حمص ہی کا رخ کیا۔ حضرت خالد بن ولیدؓ بھی ان کے ہمراہ تھے۔ فتح کے بعد حضرت خالدؓ دمشق، عمر بن عاصؓ، اردن اور ابوعبیدہؓ حمص میں متعین ہوئے۔ قیصر کے لشکر کا سپہ سالار ہامان تھا۔ یرموک کے مقام پر جنگ ہوئی۔ مسلمانوں کے لشکر میں اکثریت بدر کے مجاہدین کی تھی۔ عیسائی فوج کی تعداد تین لاکھ تھی۔ جبکہ مسلمان پچاس ساٹھ

ہزار تھے۔ مسلمانوں نے بیت المقدس پر حملہ کیا۔ عیسائیوں نے شرط پیش کی کہ مسلمانوں کا خلیفہ خود آئے۔ حضرت عمرؓ صرف ایک غلام کے ہمراہ ایک اونٹ پر سوار ہو کر بیت المقدس پہنچے۔ اس طرح یہ شہر بغیر کشت و خون کے فتح ہو گیا۔

مذکورہ ناول میں تاریخی واقعات کے ساتھ ساتھ بلقیسیا اور پریٹس کے عشق کی داستان بھی بیان کی گئی ہے۔ بعد ازاں بلقیسیا اسد سے محبت کرتی ہے اور پریٹس کو بھول جاتی ہے۔ اپنی پوری زندگی وہ اسد کے لیے وقف کر دیتی ہے۔ آخر میں اسد سے اس کا نکاح ہو جاتا ہے۔ ناول میں ۱۲ھ سے لے کر ۱۶ھ تک کے واقعات مجملاً آئے ہیں۔

"تیغِ کمال"

یہ ناول ۱۹۲۳ء میں پہلی مرتبہ اشاعت پذیر ہوا۔(۱۷) علامہ راشد الخیری نے اس ناول میں ترکوں کی سیاسی زندگی اور معاشرت کو موضوع بنایا ہے۔

مذکورہ ناول کی کہانی ناول کے تاریخی مصطفیٰ کمال پاشا کے گرد گھومتی ہے۔ یہ وہ دور تھا کہ جب یونانیوں نے اتحادی فوجوں سے مل کر ترکی کو اپنے قبضے میں لے لیا تھا۔ تیغ کمال عیسائیوں اور فرزندان توحید کی معرکہ آرائیوں کا احاطہ کرتا ہے۔ ناول پر ایک عمیق نگاہ ڈالے سے اندازہ ہوتا ہے کہ اسلامی تاریخ کے اوراق ناول کے صفحات پر بکھرے ہوئے ہیں۔ مذکورہ ناول مصنف کے تحقیقی مطالعے کی غمازی کرتا ہے۔

داماد فرید پاشا اور اتحادی فوجوں کے درمیان ہونے والے معاہدے کا ذکر علامہ راشد الخیری اس طرح کرتے ہیں:

> "تثلیث کے جھنڈے چاروں طرف اڑ رہے تھے اور آزاد فارغ البال مسلمان نظر بندی کی زنجیروں میں جکڑے ہوئے مردوں کی طرح بے حس و حرکت پڑے ہوئے تھے کہ وزیر سلطنت عثمانیہ داماد فرید پاشا کے سامنے شرائط صلح پیش کی گئیں یہ شرائط در حقیقت ترکی سلطنت کے اقتدار کا خاتمہ اور موت کا پیام تھا۔" (۱۸)

ناول میں یونانیوں اور ترکیوں کی جنگوں کے ساتھ ساتھ مصطفیٰ کمال پاشا کے عشق کی داستان بھی رواں دواں رہتی ہے۔ شہزادی کون کوئسٹ محض مصطفیٰ کمال پاشا کی شجاعت و اخلاق کے قصے سن کر ہی اس پر عاشق ہو جاتی ہے۔ جب کہ اٹلی فرانس اور برطانیہ کے شہزادے بھی کون کوئسٹ کے حسن و جمال پر اس حد تک عاشق ہوتے ہیں کہ اپنے قاصد شہزادی کی خدمت میں روانہ کرتے نہیں تھکتے۔ کئی بار تو یہ قاصد گزارش و التماس کے ساتھ دھمکی بھی دیتے نظر آتے ہیں لیکن شہزادی اپنا فیصلہ مصطفیٰ کمال پاشا

کے حق میں ہی کرتی ہے۔ جب کہ مصطفیٰ کمال پاشا کو اس کا اندازہ بھی نہیں ہوتا۔ اگرچہ مصنف نے بہت خوبصورتی سے اس داستان کو بیان کیا ہے لیکن تحقیقی نقطہ نظر سے یہ داستان عشق حقیقت سے بالاتر ہے۔ مصطفیٰ کمال کی زندگی میں اس طرح کا کوئی واقعہ نہیں ملتا ہے۔ البتہ اس ناول میں مصطفے کمال پاشا کی قیادت میں لڑی گئی جنگوں کی معلومات بڑی خوبی سے قاری کو فراہم کی گئی ہیں۔

شہزادی کون کوئسٹ کی عشقیہ داستان اور ان تمام لوگوں کا ذکر جو غازی اعظم مصطفیٰ کمال پاشا پر فدا تھے۔ ناول کے آخر میں خوبصورتی سے بیان کیا گیا ہے۔ راشد الخیری لکھتے ہیں:

> ''ہر طرف امن وامان کا دور دورہ ہوا اور اسلام کی ترقی کے نعرے سنائی دینے لگے۔ ایک متفقہ درخواست سمرنا کی آبادی کی طرف سے اس خواہش کی پیش کی گئی کہ ہم غازیٔ اعظم کی صورت دیکھنا چاہتے ہیں اور ہماری دلی خواہش ہے کہ ہم اپنی آنکھیں اپنے فرماں روا کی زیارت سے روشن کریں۔ یہ درخواست جنرل نورالدین پاشا نے، جس پر ہزاروں مرد عورت کے دستخط تھے، غازی اعظم کی خدمت میں پیش کردی۔ تاریخ مقرر ہوئی اور سمرنا میں غازیٔ اعظم کی تشریف آوری کی تیاریاں ہونے لگیں۔ سمرنا اپنے فاتح کی آمد میں دلہن بنا تھا۔ چپہ چپہ اور کونا کونا سے مبارک باد کی صدائیں بلند ہو رہی تھیں اور ہزارہا مخلوق غازیٔ اعظم کے استقبال کے لیے باہر نکلی کھڑی تھی۔ غازیٔ اعظم کے داخلے کے وقت سلامی کی توپیں سر ہوئیں اور زندہ باد کے نعروں سے زمین آسمان گونج اٹھے۔ اسی وقت لوگوں نے ایک عجیب منظر دیکھا۔ ایک مہ جبین آکر غازیٔ اعظم کے قدموں پر گری اور کہا:
> غازیٔ اعظم پر میری جان ومال قربان۔ میں کون کوئسٹ ہوں۔''(۱۹)

جہاں تک راشد الخیری کے تاریخی ناولوں کی بات ہے ان میں بھی وہ اپنے مقصد سے غافل نظر نہیں آتے البتہ یہاں وہ مبلغ اسلام کا روپ اختیار کر لیتے ہیں۔ معروف تاریخی کرداروں کے ساتھ ساتھ اپنے تخلیق کردہ متوازی کرداروں کے ذریعے دین اسلام کی عظمت ذہن نشین کرانا ان کی اولین ترجیح دکھائی دیتی ہے۔ بنا بریں انھوں نے تاریخی ناولوں کے ذریعے بعض پادریوں اور عیسائی مصنفین کی غلط فہمیوں کو بھی دور کرنے کی کوشش کی ہے۔ تاہم یہ بھی حقیقت ہے کہ چند ایک مقامات پر ان کے قلم سے بھی کچھ ایسے واقعات درج ہو گئے ہیں جن کی تاریخ سے شہادت نہیں ملتی۔

حوالہ جات

1. عصمت، جولائی۔ اگست ۱۹۶۴ء، ص ۴۷
2. عصمت، فروری ۱۹۴۱ء، ص ۷۸

3. عصمت، جولائی۔اگست ۱۹۳۶ء، ص ۲۶۹
4. عصمت، جولائی۔اگست ۱۹۶۴ء، ص ۴۸۱
5. آفتاب دمشق، ص ۱۴
6. عصمت، جولائی۔اگست ۱۹۳۶ء، ص ۲۶۹
7. عروس کربلا، ص ۶۔۷
8. عصمت، جولائی۔اگست ۱۹۳۶ء، ص ۲۶۰
9. محبوبۂ خداوند، ص ۸
10. ایضاً، ص ۶۱
11. عصمت، جولائی۔اگست ۱۹۳۶ء، ص ۲۶۲
12. اندلس کی شہزادی، ص ۴
13. شاہین ودراج، ص ۱۱
14. ایضاً، ص ۱۳
15. عصمت، جولائی۔اگست ۱۹۳۶ء، ص ۲۷۰
16. عصمت، جولائی۔اگست ۱۹۶۴ء، ص ۵۰۳
17. عصمت، جولائی۔اگست ۱۹۳۶ء، ص ۲۷۰
18. تیغ کمال، ص ۹
19. ایضاً، ص ۱۳۶

کتابیات

1. راشد الخیری، علامہ، ''دُرِّ شہوار'' ، دفتر رسالہ تمدن، دہلی، بار دوم، مئی ۱۹۲۲ء
2. _____، ''ماہِ عجم'' ، دارالاشاعت پنجاب، لاہور، بار دوم، ۱۹۲۴ء
3. _____، ''اندلس کی شہزادی یا تائید غیبی'' ، رضیہ بنت حمید، دہلی، بار چہارم، جون ۱۹۳۳ء
4. _____، ''یاسمین شام''، عصمت بک ڈپو، دہلی، بار ششم، اگست ۱۹۴۳ء
5. _____، ''آفتاب دمشق''، عصمت بک ڈپو، دہلی، بار پنجم، ۱۹۴۶ء
6. _____، ''تیغ کمال''، عصمت بک ڈپو، دہلی، بار ہشتم، ۱۹۴۷ء
7. _____، ''محبوبۂ خداوند''، عصمت بک ڈپو، کراچی، نویں بار، مارچ ۱۹۶۳ء
8. _____، ''شاہین ودرّاج''، علامہ راشد الخیری اکیڈمی، کراچی، بار ہفتم، ۱۹۷۲ء
9. _____، ''عروس کربلا''، علامہ راشد الخیری اکیڈمی، کراچی، بارھویں بار، ۱۹۷۸ء

رسائل وجرائد

1. عصمت (ماہ نامہ، راشد الخیری نمبر) دہلی، جولائی۔اگست ۱۹۳۶ء،
2. _____ (ماہ نامہ) دہلی، فروری ۱۹۴۱ء،
3. _____ (ماہ نامہ، سوانح عمری علامہ راشد الخیری نمبر) کراچی، جولائی۔اگست ۱۹۶۴ء

ڈاکٹر عبدالرحمٰن یوسف خان
اسسٹنٹ پروفیسر، شعبہ عربی، وفاقی اردو یونیورسٹی، عبدالحق کیمپس، کراچی
ڈاکٹر عبدالغفور بلوچ
ایسوسئیٹ پروفیسر، شعبہ علوم اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی، عبدالحق کیمپس، کراچی
خلیل الرحمٰن اللہ بخش
ریسرچ اسکالر، شعبہ علوم اسلامیہ، وفاقی اردو یونیورسٹی، عبدالحق کیمپس، کراچی

خنساء رضی اللہ عنہا حالات زندگی اور شاعری ایک تحقیقی جائزہ

THE LIFE AND POETRY AL-KHANSA (R.A): AN ANALYSIS

Abstract

Al-Khansa' is the most celebrated poetess of eulogy (marthiyya) in Arabic literature. Nineteenth-century Arab critics assigned al-Khansa' to secondary status in the hierarchy of Arab poets, yet she perfected the inherited forms and themes of traditional elegies by adding new expressions, emotions and imagery. Her elegies about her brothers and children demonstrate a marked shift in emotions and imageries from previous elegies. Her eulogy for her two brothers a blood brother Mu'awiya and a half-brother Sakhr, both killed in skirmishes with rival neighboring tribes are characterized by their pagan metaphors and brought her much fame. After Mu'awiya's death in a raid, al-Khansa' beseeched Sakhr to take vengeance on the offending tribe. Sakhr successfully defeated the tribe and killed his brother's murderers, but he was fatally wounded in the battle. Al-khansa's focus on Sakhr in her elegies could be attributed to his generosity, for he shared his wealth with his sister on multiple occasions when her husband had squandered his money on gambling. Sakhr had suffered for a year before he died. The poems al-Khansa' wrote during that year and the elegies she wrote after his death are some of the finest elegies in Arabic literature.

ان کا اصل نام تماضر بنت عمر بن حارث بن الشرید السلمی ہے اور ان کا تعلق بنو سلیم سے ہے۔ ان کا لقب خنساء ہے اور یہ اپنے لقب سے ہی زیادہ مشہور ہیں۔(۱)

خنساء لقب پڑنے کی وجہ یہ تھی کہ ان کی ناک چھوٹی اور ناک کا بانسہ مرتفع تھا جس کو خوبصورتی کی علامت سمجھا جاتا ہے۔(۲)

خنساء زمانۂ جاہلیت میں پیدا ہوئیں۔ ان کے سن پیدائش میں اختلاف ہے لیکن راجح قول ۵۷۵ء آپ ﷺ کی ہجرت سے ۴۷ سال قبل کا ہے۔(۳) انہوں نے معزز اور شریف خاندان میں پرورش پائی۔ ان کے والد عمرو بن حارث عرب کے بلند مرتبہ اور باعزت شخصیت تھے۔

ان کے دو بیٹے تھے اور یہ اپنے دونوں بیٹوں صخر اور معاویہ پر فخر کرتے تھے اور ان کے اوصاف کی تشہیر کرتے تھے اور کہتے تھے کہ یہ قبیلہ مضر کے بہترین نوجوان ہیں۔ خنساء اپنے دونوں بھائیوں میں سب سے چھوٹی ہیں۔

یہ عرب کی خوبصورت ترین خاتون تھیں اسی وجہ سے عرب کے بہت سے سردار ان سے شادی کے خواہش مند تھے انہی میں سے ایک بنو مرہ کا سردار درید بن صمہ بھی تھا جو ان کی خوبصورتی سے بہت مرعوب تھا اور یہ ان کے بھائی معاویہ کا دوست اور حلیف بھی تھا۔ اس نے خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے شادی کا ارادہ ظاہر کیا تو انہوں نے صاف منع کر دیا اور کہا کہ میں اپنے قبیلے (بنو سلیم) میں ہی شادی کرنے کو ترجیح دیتی ہوں۔ چنانچہ انہوں نے اپنے چچا کے بیٹے سے شادی کی۔(۴)

انہوں نے کتنی شادیاں کیں اس میں اختلاف ہے:

بعض کہتے ہیں کہ ان کی تین شادیاں ہوئی ہیں۔ ان کے شوہروں کے نام یہ ہیں:

(۱) رواحی (۲) عبد العزیٰ (۳) مرداس

پہلی شادی کس شخص سے ہوئی اس میں بھی اختلاف ہے۔

لیکن اکثر مورٔخین کی رائے یہ ہے کہ ان کی دو شادیاں ہوئیں اور ان کے دو شوہروں کے نام یہ ہیں:

(۱) عبد العزیٰ (۲) مرداس

اور جن لوگوں نے تین شوہر شمار کیا ہیں ان کو مغالطہ ہو گیا ہے۔ اصل میں رواحی اور عبد العزی ایک ہی شخص کے دو نام ہیں۔ تو جن لوگوں نے تین کہا انہوں نے ان دونوں کو الگ الگ شمار کر لیا ہے۔

اس میں بھی ترتیب کا اختلاف ہے کہ پہلی شادی کس سے ہوئی لیکن اصح قول کے مطابق ان کی پہلی شادی عبد العزی سے ہوئی۔

لیکن عبد العزی سے شادی کے بعد کے حالات معلوم نہ ہو سکے۔ صرف اتنا معلوم ہو سکا ہے کہ عبد العزی اچھے شوہر ثابت نہ ہوئے اور ان کے ساتھ ان کی زندگی تکلیف میں گزری ہے۔

اب آیا عبد العزی نے ان کو طلاق دی تھی یا عبد العزی کا انتقال ہو گیا تھا تو راجح قول یہی ہے کہ

عبدالعزی نے ان کو طلاق دی تھی کیونکہ عبدالعزی ان کے بھائی معاویہ کے لشکر کے ۱۹افراد میں شامل تھا اور معاویہ کے ساتھ ہی قتل ہوا تھا۔اور قرائن سے یہ بھی معلوم ہوتا ہے کہ ان کی دونوں شادیاں ان کے بھائیوں کے مرنے سے پہلے ہوئی تھی کیونکہ بھائیوں کے مرنے کے بعد انہوں نے سوگ کا لباس پہن لیا تھااور ہر وقت ان کے غم میں رونا شروع کر دیا تھاتو سوگ کی حالت میں ان کی دوسری شادی کرنا محال ہے۔

بہر حال عبدالعزی کے بعد انہوں نے اپنے دوسرے چچا کے بیٹے مرداس سے شادی کی۔ یہ عبدالعزی کی بنسبت باوفا شخص ثابت ہوئے اور خنساء نے اپنے اشعار میں ان کی تعریف بھی کری ہے۔

یہ بات بھی لکھی ہے کہ مرداس کا انتقال بھی ان کے بھائیوں کے مرنے سے پہلے ہی ہو گیا تھا تب ہی ان کے بارے میں حضرت خنساء رضی اللہ عنہا سے مرثیہ منقول ہے ورنہ بھائیوں کے قتل کے بعد تو ان کو معاویہ اور صخر کا ہی غم لگ گیا تھااور وہ اسی غم میں گھلنے لگی تھیں اور صرف ان ہی کے بارے میں اشعار اور مرثیہ خوانی کرتی تھیں۔(۵)

عبدالعزی سے ان کی دو اولاد عمرو اور ابو شجرہ ہے۔

اور مرداس سے ان کے ۴ بیٹے (۱) عباس (۲) زید (۳) معاویہ (۴) ہبیرہ اور ایک بیٹی عمرۃ ہے۔(۶)

بھائیوں پر مصائب

حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کے دو بھائی معاویہ اور صخر تھے۔ یہ دونوں اپنے قبیلے کے سردار تھے اور اس زمانہ کے عرب کے خوبصورت نوجوان تھے۔

معاویہ بڑا بھائی تھا، اپنی قوم کا سردار، چمکتا ہوا سورج جس کے سامنے آنکھیں چندیا جائیں، جود و سخا اور ہدایا دینے میں انتہا کو پہنچا ہوا، انتہائی طاقتور، گھڑ سواری میں اس کا کوئی مقابل نہیں سوائے درید بن صمہ کے جو بنو جشم قبیلے کا شہسوار تھا۔ اسی وجہ سے معاویہ اور درید آپس میں دوست اور ایک دوسرے کے حلیف تھے۔

ایک روز معاویہ بازار عکاظ گیا اور وہاں وہ اپنی خوبصورتی اور گھڑ سواری کے جوہر دکھا رہا تھا کہ اس دوران اس کی ایک عورت سے وہاں ملاقات ہوئی جو بہت ہی خوبصورت تھی۔ معاویہ کو اس کی خوبصورتی بھا گئی اور یہ سمجھتے ہوئے کہ یہ بدکار عورت ہے اس کو دعوت گناہ دینے لگا۔ عورت نے اس کو اس حرکت سے روکا اور کہا کہ تم جانتے نہیں میں کون ہوں؟ میں ایک عرب کے سردار کے پاس ہوں اس کا نام ہاشم بن حرملہ غطفانی ہے۔

عورت کے اس طرح سے جواب دینے پر معاویہ کو جوش آیا اور اس نے کہا کہ اللہ کی قسم میں تم کو اس سے جدا کر دوں گا۔

عورت نے بھی کندھے اچکا کر چیلنج کرتے ہوئے کہا کہ تمہارا اور اس کا معاملہ دیکھ لیں گے۔

یہ عورت ہاشم کے پاس آئی اور اس نے سارا واقعہ اس کو کہہ سنایا اور معاویہ کی بات بھی اس کو بتادی۔ ہاشم یہ سنتے ہی غصہ میں آگیا اور غصے کی حالت میں معاویہ کے پاس گیا اور کہا کہ یہ جو کچھ میں نے سنا ہے کیا وہ سچ ہے؟

معاویہ نے کہا ہاں! میں چاہتا ہوں کہ میں تمہاری عورتوں کی آوازیں سنوں کہ وہ تم پر نوحہ کر رہی ہوں۔

ہاشم نے بھی معاویہ کے بالوں کی طرف اشارہ کرتے ہوئے کہا (معاویہ کے بال اس طرح چمکتے تھے گویا ان پر تیل لگایا ہوا ہے حالانکہ تیل نہیں لگا ہوتا تھا) میں بھی چاہتا ہوں کہ میں تمہارے ان بالوں سے بری ہو جاؤں (یعنی قتل کی دھمکی دی)

چنانچہ کچھ ہی دنوں بعد معاویہ بنو مرہ سے لڑنے کے لئے بنو سلیم کا لشکر لے کر نکلا۔ اس کے بھائی صخر نے منع بھی کیا لیکن اس نے اپنے بھائی کی ایک نہ سنی۔

جب معاویہ کا لشکر بنو مرہ کے علاقے میں پہنچا تو وہاں اس کے لشکر والوں نے دیکھا کہ پرندے ان کے لشکر پر منڈلا رہے ہیں اور ہرن ادھر سے ادھر بھاگ رہے ہیں۔ اس کے ساتھیوں نے اس سے بدفالی لی اور معاویہ کو واپس چلنے پر مجبور کیا آخر کار معاویہ اپنے لشکر کو لے کر واپس اپنے علاقے میں چلا گیا۔

ہاشم کو جب اس واقعہ کا معلوم ہوا تو اس نے کہا کہ معاویہ بزدلی کی وجہ سے واپس چلا گیا ہے۔

معاویہ کو ہاشم کی یہ بات معلوم چلی تو وہ بہت برانگیختہ ہوا اور اس نے دوبارہ لشکر تیار کیا اور اگلے سال لڑائی پر مصر ہو کر نکلا لیکن اس کے ساتھیوں نے ادھر ادھر پھرنے والے ہرنوں کو پھر بدفالی شمار کیا اور سارا لشکر واپس چلا گیا صرف ۱۹ آدمی اس کے ساتھ رہ گئے ان میں ایک بوڑھا شخص عبدالعزی بھی تھا اور یہ جنگ کے ارادے سے نہیں آیا تھا۔

معاویہ اور اس کے ساتھیوں نے ایک جگہ پڑاؤ ڈالا اور ایک گھاٹ پر پانی پینے آئے۔ وہاں قبیلہ جہینہ کی ایک عورت نے اس کو پہچان لیا (قبیلہ جہینہ بنو مرہ قبیلے کے حلیف تھے) تو وہ فوراً ہاشم کے پاس آئی اور اس کو خبر دی کہ معاویہ اپنے ۱۹ ساتھیوں کے ساتھ آپ سے لڑنے آرہا ہے اور وہ بہت ہی قریب ہے۔

ہاشم کو یقین نہ آیا اور اس کو شک ہوا کہ معاویہ اتنے کم افراد کے ساتھ لڑنے نہیں آسکتا۔ ہاشم نے اس عورت کو کہا کہ ہو سکتا ہے کہ تم پر تشبہہ ہو گیا ہو وہ معاویہ نہ ہو کوئی اور ہو۔

لیکن جب اس عورت نے معاویہ کا ایک ایک حلیہ بیان کر دیا تو ہاشم کو یقین آگیا اور وہ اپنے بھائی درید اور اپنی قوم کا ایک لشکر لے کر اس سے لڑنے کے لئے نکلا۔

دونوں لشکروں کے درمیان گھمسان کی لڑائی ہوئی اور بالآخر معاویہ اپنے ساتھیوں سمیت قتل ہو گیا۔

صخر کو جب اپنے بھائی معاویہ کے قتل کی خبر پہنچی تو وہ بنو مرہ کے پاس پہنچا اور ان سے پوچھا کہ معاویہ کو کس نے قتل کیا ہے۔ تو ہاشم نے اپنے اور اپنے بھائی درید کی طرف اشارہ کیا۔

صخر نے پوچھا: کیا تم نے اس کو کفن دفن بھی کیا ہے۔ تو انہوں نے کہا ہاں! دو چادروں میں کفن دفن کیا ہے۔

صخر نے کہا کہ مجھے اس کی قبر پر لے چلو۔ چنانچہ جب وہ اس کی قبر پر پہنچا تو خوب جزع فزع کرنے لگا۔ پھر اس کے گھوڑے شماء کے بارے میں دریافت کیا تو وہ اس کو دے دیا گیا۔

صخر نے ان کو کہا کہ میں ضرور اسی گھوڑے پر تم سے لڑائی کے لئے آؤں گا اور تم لوگوں کو ضرور قتل کروں گا۔ قتل کی دھمکی دے کر وہ وہاں سے چل پڑا۔ راستے میں بنو غطفان کے لوگوں نے اس کا پیچھا بھی کیا لیکن وہ ان کے ہاتھ نہ آیا۔

چنانچہ ایک سال بعد وہ شماء گھوڑے پر سوار ہو کر لڑائی کے لئے نکلا۔ اس نے بنو مرہ کے بہت سے لوگوں کو قتل کیا جن میں درید بھی تھا اور اس نے اپنے بھائی کا بدلہ لے لیا۔

پھر صخر ذی اثل (عرب کا ایک دن) کے دن بنو خفاف کا قائد بن کر نکلا اور بنو اسد بن خزیمہ پر حملہ آور ہوا۔ اس نے بنو اسد کو شکست فاش دی اور خوب غنیمتیں اور قیدی حاصل کیے۔ لیکن اس لڑائی میں اس کو نیزے کا ایک زخم لگا اور یہ ایسا زخم تھا کہ جس سے بڑے سے بڑا بہادر بھی مر جاتا ہے لیکن یہ مرا نہیں لیکن اس کی حالت ایسی ہو گئی کہ نہ زندوں میں تھا نہ مردوں میں۔ اس حالت میں یہ ایک سال سے زیادہ زندہ رہا۔ اس کے بعد اس کا انتقال ہو گیا۔ ان دونوں بھائیوں کے قتل کے بعد ہی حضرت خنساء رضی اللہ عنہا کی جزع وفزع اور مرثیہ خوانی شروع ہوئی بالخصوص صخر کی موت کے بعد ان کا رنج والم شدت اختیار کر گیا کیونکہ صخر بڑا محسن، محبت کرنے والا اور دلیر تھا۔(۷)

سن ۸ ہجری جس وقت وفود آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس آکر مسلمان ہو رہے تھے اسی میں ایک وفد بنو سلیم کا بھی آیا جن میں حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا موجود تھیں اور وہ سب کے سب مسلمان ہو گئے۔ اس وقت آپ کی عمر ۵۵ سال کی تھی۔(۸)

حزن وملال

ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ مسلمان ہونے کے بعد خنساء اپنے بھائیوں پر بے صبری سے رونا دھونا بند کر دیتی اور دین سے صبر وتسلی پا کر جاہلیت کا راستہ چھوڑ دیتی لیکن صخر کا صدمہ جانکاہ اس کے لئے صبر

وسکون سے بالاتر اور ناقابل برداشت تھا۔ چنانچہ وہ برابر اس پر روتی رہی اور مرثیے کہتی رہی یہاں تک کہ کثرت رنج وغم سے اس کی بینائی جاتی رہی۔(۹)

ایک مرتبہ حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا ام المؤمنین حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے پاس آئیں۔ حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کا استقبال کیا اور پھر ان کی حالت دیکھ کر ان کو نرمی سے سمجھانے لگیں کہ یہ سوگ وغیرہ اسلام کے ممنوعات میں سے ہے، اسلام ہمیں گریہ وزاری اور سوگ سے روکتا ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات ہو چکی ہے لیکن میں نے سوگ کا کوئی لباس نہیں پہنا۔

حضرت خنساء رضی اللہ عنہا نے سر جھکا کر کہا کہ مجھے اس کی ممانعت کا معلوم نہ تھا۔

یہ جواب سن کر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو ملامت کرنا چھوڑ دیا اور پوچھنے لگیں کہ آپ کی یہ حالت جو میں دیکھ رہی ہوں کیسے ہو گئی؟

انہوں نے سارا قصہ کہہ سنایا اور جو کچھ ان کے بھائیوں کے ساتھ ہوا تھا اور ان پر جو مصیبتیں آئی تھیں کہہ سنائیں، اور ان کے عمدہ اخلاق واطوار کے بارے میں بتایا اور کہا کہ اگر اسلام ان چیزوں سے منع کرتا ہے تو اللہ کی رحمت بہت وسیع ہے۔

اس پر حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا نے ان کو جانے دیا اور کچھ نہ کہا۔(۱۰)

حضرت عمر رضی اللہ عنہ اور حضرت خنساء رضی اللہ عنہا کا مکالمہ

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں ایک مرتبہ ان کے چچا کے بیٹوں نے حضرت خنساء رضی اللہ عنہا کی گریہ وزاری کی شکایت کی اور کہا کہ اے امیر المؤمنین! انہوں نے زمانہ جاہلیت اور اسلام میں رونے کی وجہ سے اپنی آنکھوں کو زخمی کر رکھا ہے۔ اگر آپ ان کو روکیں تو امید ہے کہ وہ اس سے رک جائیں۔

تو حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے حضرت خنساء رضی اللہ عنہا سے فرمایا کہ آپ نے اپنی آنکھوں کے گوشے کو کیوں نم اور زخمی کر رکھا ہے؟

انہوں نے جواب دیا کہ میری گریہ وزاری اور رنج والم قبیلہ مضر کے سرداروں پر ہے۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہا نے فرمایا کب تک روتی رہو گی اے خنساء! اللہ سے ڈرو اور موت کا یقین رکھو۔

انہوں نے کہا کہ میں اپنے باپ اور بھائیوں پر روتی ہوں جو قبیلہ مضر کے بہترین لوگ اور سردار تھے۔ اور میں موت کا یقین رکھتی ہوں۔

حضرت عمر رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ یہ جو تم کر رہی ہو اسلام کا طریقہ نہیں ہے۔ اگر کسی نے ہمیشہ رہنا ہوتا تو حضور صلی اللہ علیہ وسلم ہمیشہ رہتے۔ اور جن پر تم رو رہی ہو وہ زمانہ جاہلیت میں مارے گئے ہیں اور جہنم کا انگارا بن چکے ہیں۔

حضرت خنساء رضی اللہ عنہا نے کہا پھر تو میرا رونا اور رنج و غم اور زیادہ بڑھ جائے گا اور اب میرا رونا ان کے جہنم میں جانے کی وجہ سے ہوگا۔ (۱۱)

آخر کار تقاضائے عمر، مرور ایام اور مذہب نے ان کے زخم جگر کو مندمل کر دیا اور رنج والم ان کا اپنے بھائیوں پر سے ختم ہو گیا۔

اولاد کے ذریعے آزمائش

اولاد انسان کے لئے ایک سہارا اور سکون کا باعث ہوتا ہے لیکن بسا اوقات یہی اولاد آزمائش بھی بن جاتی ہے۔

اولاد کے بارے میں اللہ تعالیٰ نے قرآن میں فرمایا ہے:

انما اموالکم واولادکم فتنۃ

''تمہارا مال اور اولاد تمہارے فتنہ (آزمائش) ہے'' (۱۲)

اسی آزمائش سے حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا کو بھی گزرنا پڑا اور یہ آزمائش ان پر اپنے بھائیوں سے بھی زیادہ تھی۔

ابو شجرہ کا مرتد ہونا

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات کے بعد حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ خلیفہ بنے تو اس وقت ہر جگہ ارتداد کا فتنہ پھیلا ہوا تھا، ہر کوئی اسلام سے منحرف ہو رہا تھا انہی میں حضرت خنساء رضی اللہ عنہا کا ایک بیٹا ابو شجرہ بھی اسلام سے پھر گیا اور مرتد ہو گیا۔ حضرت ابو بکر صدیق رضی اللہ عنہ نے مرتدین کی سرکوبی کے لئے حضرت خالد بن ولید رضی اللہ عنہ کی قیادت میں لشکر بھیجا تھا تو بدقسمتی سے یہ (ابو شجرہ) مرتدین کی طرف سے شریک تھا اور کئی مجاہدین کے خون سے اپنے ہاتھوں کو رنگا تھا۔ (۱۳)

چار بیٹوں کی شہادت کے ذریعے آزمائش

حضرت عمر رضی اللہ عنہ کے زمانہ خلافت میں ۱۶ھ میں جنگ قادسیہ کی لڑائی ہوئی جس میں

حضرت خنساء رضی اللہ عنہا اپنے چاروں بیٹوں سمیت شریک ہوئین۔ لڑکوں کو لڑائی سے ایک دن پہلے بہت نصیحتیں کیں اور لڑائی کی شرکت پر بہت ابھارا۔

حضرت خنساء رضی اللہ عنہا کی وصیت

کہنے لگیں کہ میرے بیٹو! تم اپنی خوشی سے مسلمان ہوئے ہو اور اپنی ہی خوشی سے تم نے ہجرت کی۔ اس ذات کی قسم جس کے سوا کوئی معبود نہیں کہ جس طرح تم ایک ماں کے پیٹ سے پیدا ہوئے ہو اسی طرح ایک باپ کی اولاد ہو۔ میں نے نہ تمہارے باپ سے خیانت کی نہ تمہارے ماموں کو رسوا کیا نہ میں نے تمہاری شرافت میں کوئی دھبہ لگایا۔ نہ تمہارے نصب کو میں نے خراب کیا۔ تمہیں معلوم ہے کہ اللہ جل شانہ نے مسلمانوں کے لئے کافروں سے لڑائی میں کیا کیا ثواب رکھا ہے۔ تمہیں یہ بات یاد رکھنی چاہئے کہ آخرت باقی رہنے والی زندگی دنیا کی فنا ہو جانے والی زندگی سے کہیں بہتر ہے۔ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

یاایھا الذین اٰمنوا اصبروا وصابروا ورابطوا واتقوا اللہ لعلکم تفلحون

"اے ایمان والو! تکالیف پر صبر کرو اور (کفار کے مقابلہ میں) صبر کرو اور مقابلہ کے لئے تیار رہو اور اللہ سے ڈرتے رہو تاکہ تم پورے کامیاب ہو جاؤ" (۱۴)

لہٰذا کل صبح کو جب تم صحیح وسالم اٹھو تو بہت ہوشیاری سے لڑائی میں شریک ہو اور اللہ تعالیٰ سے دشمنوں کے مقابلہ میں مدد مانگتے ہوئے بڑھو اور جب تم دیکھو کہ لڑائی زور پر آگئی اور اس کے شعلے بھڑکنے لگے تو اس کی گرم آگ میں گھس جانا اور کافروں کے سردار کا مقابلہ کرنا۔ انشاءاللہ جنت میں اکرام کے ساتھ کامیاب ہو کر رہو گے۔

چنانچہ جب صبح کو لڑائی زوروں پر ہوئی تو چاروں لڑکوں میں سے ایک ایک نمبر وار آگے بڑھتا تھا اور اپنی ماں کی نصیحت کو اشعار میں پڑھ کر امنگ پیدا کرتا تھا اور جب شہید ہو جاتا تھا تو اسی طرح دوسرا بڑھتا تھا اور شہید ہونے تک لڑتا رہتا تھا بالآخر چاروں شہید ہوئے اور جب ماں کو چاروں کے مرنے کی خبر ہوئی تو انہوں نے کہا کہ اللہ کا شکر ہے کہ جس نے ان کی شہادت سے مجھے شرف بخشا، مجھے اللہ کی ذات سے امید ہے کہ اس کی رحمت کے سایہ میں ان چاروں کے ساتھ میں بھی رہوں گی۔ (۱۵)

شاعرانہ خصوصیات

حضرت خنساء رضی اللہ تعالیٰ عنہا عرب کی مایہ ناز اور بلند مرتبہ شاعرہ تھیں۔ عرب کی شاعر عورتوں میں اسلام سے قبل اور اسلام کے بعد کوئی ایسی عورت نہیں گزری جو متانت شعر، نزاکت لفظ اور

حلاوت صوت میں خنساء سے بازی لے جاتی بلکہ بسااوقات وہ ان صفات میں مایہ ناز شعراء سے مقابلہ کرتی ہے۔ فخر و مرثیہ کا حصہ اس کی شاعری میں زیادہ ہے۔ فخر میں اس لئے کہ اس کا باپ قوم کا سب سے بڑا اور معزز شخص تھا اور اس کے دونوں بھائی مضر قبیلہ کے بہترین فرد تھے۔ مرثیہ میں اس لئے کہ باپ اور بھائیوں کی موت نے اس کو سخت صدمہ پہنچایا اور اس نے ان پر بہت زیادہ رنج و غم کیا۔ اور غم کا خاصہ ہے کہ وہ احساسات میں شدت اور جذبات میں نزاکت پیدا کر دیتا ہے۔ جب یہ ایک مرد کی طبیعت میں جوش و روانی پیدا کر دیتے ہیں تو پھر ایک عورت کی طبیعت میں یہ کس درجہ اثر انداز نہ ہوں گے؟ اپنے بھائیوں کے قتل ہونے سے پہلے وہ دو یا تین شعروں سے زیادہ نہ کہتی تھی لیکن جب وہ مارے گئے تو اس کی آنکھوں سے آنسو اور دل سے اشعار امنڈنے لگے۔ چنانچہ اس نے ان دونوں کے نہایت پر سوز، حیرت انگیز و بے نظیر مرثیے کہے۔(۱۶)

اس کی شاعری میں تکرار بھی پایا جاتا ہے اس لئے کہ یہ اپنی شاعری میں ایک ہی طرز پر قائم رہی ہے اور وہ ہے مرثیہ اور رنج والم۔

بہر حال خنساء اپنی شاعری میں جاہلانہ اور بدویانہ طرز ہی پر قائم رہی اور اسلام سے متاثر نہ ہوئی نہ تھوڑا نہ بہت۔

ان کی شاعری کے بارے میں اقوال وآراء

علماء شعراء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ عورتوں میں ان سے بڑی شاعرہ نہ ان سے پہلے کبھی آئیں اور نہ بعد میں۔ اور یہی عورتوں میں سب سے بڑی شاعرہ ہیں۔

بشار کا قول

بشار کا قول ہے کہ کوئی بھی عورت جب شعر کہتی ہے تو اس کے کلام میں کوئی نہ کوئی کمزوری ضرور ہوتی ہے۔ کسی نے اس سے پوچھا کہ کیا خنساء بھی ایسی عورتوں میں سے ہیں؟ تو اس نے کہا کہ وہ شاعری میں مردوں پر بھی غالب ہے۔ اس لئے کہ اس کی شاعری میں مردانہ زور بیان اور زنانہ رقت وسوز اور نزاکت یکجا ہیں۔(۱۷)

نابغہ ذبیانی کا قول

نابغہ ذبیانی کا قول ہے کہ خنساء جن وانس میں سب سے بڑی شاعرہ ہیں۔(۱۸)

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا ان کے اشعار کو پسند فرمانا

جب خنساء رضی اللہ تعالی عنہا وفد کے ساتھ اسلام لے آئیں تو اس وقت انہوں نے شعر پڑھے۔ آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے ان کے اشعار سنے اور بہت پسند فرمائے اور مزید سنانے کی فرمائش کی اور فرمایا:

هيه يا خناس! ويؤمی بيده

''اور سناؤ اے خناس!'' (۱۹)

آپ ﷺ اور عدی بن حاتم کا مکالمہ

عدی بن حاتم نبی ﷺ کے پاس آئے اور کہنے لگے کہ ہم میں سب سے بڑا شاعر بھی ہے، سب سے بڑا سخی بھی ہے اور سب سے بڑا شہسوار بھی۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اچھا! ان کے نام تو بتاؤ۔ تو انہوں نے کہا کہ سب سے بڑا شاعر تو امرؤالقیس ہے۔ اور سب سے بڑا سخی حاتم بن عدی (یعنی میرے والد) ہیں اور سب سے بڑا شہسوار عمرو بن معدیکرب ہے۔

آپ ﷺ نے فرمایا: اے عدی! ایسی بات نہیں ہے۔ سب سے بڑی شاعرہ خنساء بنت عمر ہیں۔ اور سب سب زیادہ سخی محمد یعنی میں خود ہوں اور سب سے بڑا شہسوار حضرت علی بن ابو طالب رضی اللہ عنہ ہیں۔ (۲۰)

ان کی شاعری کا نمونہ

صخر کے مرثیہ میں یہ کہتی ہیں:

اعینی جودا ولا تجمدا	الا تبکیان لصخر الندی؟
الا تبکیان الجرئ الجمیل	الا تبکیان الفتی السید!
رفیع العماد، طویل النجا	د، ساد عشیرته امردا

''اے میری آنکھو! خوب آنسو بہاؤ اور خشک نہ ہو جاؤ، کیا مجسمہ جود وسخا صخر کے لئے تم آنسو نہیں بہاؤ گی؟ کیا اس خوبصورت بے باک جوان مرد پر تم سوگ نہیں کرتیں؟ کیا اس نوجوان سردار پر تم نہیں روتیں؟ جس کے خیمہ کے ستون بلند تھے، قدآور ہونے کی وجہ سے جس کی تلوار کا پرتلہ لمبا تھا، اور جو ڈاڑھی نکلنے سے پیشتر ہی نوجوانی میں ہی اپنی قوم کا

سردار بن چکا تھا۔"

مرثیہ و فخر میں وہ کہتی ہے:

تعرتنی الدھر نھسا وحزّا   وارجعنی الدھر ترعا وغمزا
وافنی رجالی فبادوا معاً   فاصبح قلبی بھم مستفزّا
کان لم یکونوا حمی یتقی   اذا الناس فی ذاك من عز بزّا

"زمانہ نے تکابوٹی نوچ کر میرا تمام گوشت کھالیا اور مار کوٹ کر مجھے بہت دکھ درد پہنچائے، میرے آدمیوں کو تباہ کر دیا اور وہ سب ایک ساتھ مر گئے، انہی کی وجہ سے میرا دل بے چین اور بے قرار ہے، ایسا معلوم ہوتا ہے کہ ایسی لڑائی میں جب کہ غالب آنے والا مال چھین لیتا ہے، وہ مرنے والے پناہ گزینوں کے لئے کبھی جائے پناہ ہی نہ تھے۔"

اس کے دیگر اشعار:

ان الزمان وما یفنی لہ عجب
أبقی لنا ذنباً واستؤصل الراس
ان الجدیدین فی طول اختلا فھما
لا یفسدان ولکن یفسد الناس

"زمانہ اور اس کی لافانی گردشیں بھی عجیب کرشمے دکھاتی ہیں، انہوں نے ہمارے لیے دُم کو تو باقی چھوڑ دیا اور سر کو جڑ سے کاٹ دیا، یہ دن ورات باوجود بار بار آنے جانے کے نئے رہتے ہیں اور ان میں خرابی پیدا نہیں ہوتی لیکن لوگوں میں تغیر اور خرابی ہوتی ہے۔" (۲۱)

وفات

یہ اپنے بیٹوں کی وفات کے بعد کئی سال تک زندہ رہیں اور بادیہ میں ان کا انتقال ہوا۔

ان کی سن وفات میں اختلاف ہے کہ ان کا انتقال کس زمانہ میں ہوا۔

مشہور قول اس میں ۲۴ھ اور ۲۶ ھ ہے۔ اور یہ بات قرائن سے معلوم ہوئی ہے کہ حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کے اول خلافت تک یہ زندہ رہیں ہیں۔(۲۲)

مراجع

* http://what-when-how.com/literature/al-khansa-literature

۱۔ تاریخ ادب عربی، استاذ احمد حسن زیات، ترجمہ عبدالرحمٰن طاہر سورتی، شیخ علامہ علی اینڈ سنز، لاہور، 1961، صہ 240

۲۔ احمد الھاشمی، جواہر الادب، مؤسسۃ المعارف، بیروت، الجزء الاول، ص ۱۲۷، ۱۲۸

۳۔ نوابغ الفکر العربی الخنساء، ڈاکٹر بنت شاطی، دار المعارف، بیروت، ص ۲۳

۴۔ ایضاً ص ۳۳

۵۔ ایضاً ص ۳۳

۶۔ ایضاً ص ۳۶، ۳۹

۷۔ ایضاً ص ۴۰

۸۔ ایضاً ص ۲۳

۹۔ تاریخ ادب عربی، ترجمہ ڈاکٹر طاہر سورتی، ص ۲۴۰

۱۰۔ نوابغ الفکر العربی الخنساء، ڈاکٹر بنت شاطی، دار المعارف، طبعہ ثانیہ، 1963، ص ۴۶

۱۱۔ نوابغ الفکر العربی الخنساء، ڈاکٹر بنت شاطی، ص ۴۷، دار المعارف

۱۲۔ سورۃ التغابن

۱۳۔ نوابغ الفکر العربی الخنساء، ڈاکٹر بنت شاطی، ص ۴۸، دار المعارف

۱۴۔ سورۂ آل عمران: ۲۰۰

۱۵۔ نوابغ الفکر العربی الخنساء، ڈاکٹر بنت شاطی، ص ۴۹، دار المعارف

۱۶۔ تاریخ ادب عربی، ترجمہ ڈاکٹر طاہر سورتی، ص ۲۴۱

۱۷۔ احمد الھاشمی، جواہر الادب، مؤسسۃ المعارف، بیروت، الجزء الاول، ص ۲۸

۱۸۔ دیوان الخنساء، شرح حمدو خماس، دار المعرفہ، بیروت، لبنان، الطبعہ الثانیہ، 2004، ص ۵

۱۹۔ محمد مہدی الاستنبولی، نساء حول الرسول، ص ۲۵۷

۲۰۔ نوابغ الفکر العربی الخنساء، ڈاکٹر بنت شاطی، ص ٦٦، دار المعارف

۲۱۔ تاریخ ادب عربی، ترجمہ ڈاکٹر طاہر سورتی، ص ۲۴۱

۲۲۔ نوابغ الفکر العربی الخنساء، ڈاکٹر بنت شاطی، ص ۵۴، دار المعارف

قاری بدر الدین
شعبہ عربی، وفاقی جامعہ اردو کراچی

عربی زبان و ادب اور اسکی اہمیت و فضیلت

THE RESPECT AND IMPORTANCE OF ARABIC LANGUAGE AND LITRATURE

Abstract

The annals of history of linguistics all languages evolved by the way of communication of people to each other but Arabic language is the only language that did not evolve by any communication means but directly descendent by Almighty Allah by his angle Jabriel. Language is old as mankind because this is language Allah was taught to Hazrat Adam the father of all humanity. That's why this language is the most admirable language of God who himself sent his message in Arabic language in Holy Quran, even the conversation of life after death will be in Arabic language. This language is classical language and will remain ever alive while other languages will lose their lives. The services of scholars for this language are recognized in every era. This research article tries to explore the importance of Arabic among other language. This contribution also shows a spot light on the services of scholars for Arabic which is unseen hundreds of years ago.

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ عالمی زبان وادب میں عربی زبان وادب کو بنیادی اہمیت حاصل ہے، عربی زبان اپنی فصاحت و بلاغت کے حوالے سے عالمی زبانوں میں ممتاز مقام رکھتی ہے۔اس میں بھی کوئی شبہ نہیں کی عربی زبان و ادب نے عالمی ادب اور زبانوں پر ہمہ گیر اثرات مرتب کیے۔زبان وادب کے قواعد اور اصول و ضوابط کے حوالے سے یہ امتیاز عربی زبان و ادب کو حاصل ہے کہ اس نے زبان وادب کے اصول سب سے پہلے وضع کیے اور متعارف کرائے۔موجودہ دور میں صرف عربی زبان وادب اس امتیاز کا حامل ہے۔پیش نظر مقالہ عربی زبان وادب کی اہمیت اس کے امتیازات اور خصوصیات پر مشتمل ہے۔جس میں قدیم وجدید مصادر و مراجع سے بھرپور استفادہ کرتے ہوئے مقالے کی تکمیل کی گئی ہے اور دلائل سے ثابت کیا گیا ہے کہ عربی ادب نے عالمی ادب پر انمٹ نقوش مرتب کئے ہیں، نیز عربی ادب کی اہمیت اور فضیلت کو بھی اختصار اور جامعیت کے ساتھ بیان کیا گیا ہے۔

عربی ادب کی اکملیت اور عربی زبان کی افضیلت:

عربی ادب کا سرمایہ متعدد وجوہ کی بناء پر بڑی وسعت اور عظیم اہمیت رکھتا ہے۔اس نے قدیم زمانہ میں دنیا کی تمام ترقی پسند اقوام کے علوم وفنون وآداب کو نہایت کشادہ ظرفی سے اپنے اندر محفوظ کر لیا تھااور آج بھی یہ دنیا کی جدید علمی تحقیقات اور ادبی تصانیف کو اپنے اندر جذب کر لینے میں کسی قسم کی کوتاہی نہیں کر رہا ہے۔اس طرح دنیا کی تمام زبانوں میں صرف عربی زبان ہی کو یہ مقام حاصل ہے کہ وہ بیک وقت علوم قدیمہ و جدیدہ کا تمام ضروری و کارآمد سرمایہ اپنے اندر رکھتی ہے۔اب اگر کوئی شخص دنیا کی زبانوں میں سے صرف ایک زبان سیکھ کر تمام دنیا کی مختلف زبانوں کے آداب و ادیان اور فلسفہ و حکمت کے مطالعہ کرنے کا متمنی ہے تو اس کی یہ تمنا صرف عربی زبان ہی کے ذریعہ پوری ہو سکتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ یورپ کے محققین تکمیل تحقیق کے سلسلے میں عربی زبان کو بڑی اہمیت دیتے ہیں۔اپنی اس فضیلت کے ساتھ عربی زبان کو ایک امتیازی خصوصیت حاصل ہے،اور وہ یہ کہ دین اسلام کا تمام بنیادی سرمایہ صرف اسی ایک زبان میں ہے اور دنیا کی کوئی دوسری زبان اس فضیلت میں اس کی شریک و سہیم نہیں بن سکتی۔یہی وجہ ہے کہ یہ متفقہ طور پر بین الاسلامی زبان بن گئی ہے اور دنیا میں کوئی انفرادی یا اجتماعی تحریک عربی زبان کو ترک کرنے کے بعد بین الاسلامی حیثیت اختیار نہیں کر سکتی۔الغرض عربی زبان کو قدرت نے بے شمار لفظی و معنوی محاسن وفضائل سے نوازا ہے۔ (۱)

چنانچہ ہم عربی زبان وادب کی اہمیت اور اس کے امتیازات و خصوصیات سے پہلے لغت کی تعریف اور اس کے واضع اور لغت کی تاریخ کو مختصراً بیان کریں گے۔

خلیل الرحمن نعمانی مظاہری لکھتے ہیں:

> ''لغت ان آوازوں کا نام ہے جن سے ہر قوم اپنے اغراض و مقاصد کا دوسروں پر اظہار کرتی ہے۔انسان اور حیوان کی آفرینش اور ان میں لگی ہوئی قدرتی مشین کے کل پرزوں پر نظر ڈالی جائے تو عقل حیران رہ جاتی ہے کہ اس کارخانہ قدرت میں کس چیز سے کیا چیز بن رہی ہے۔انسان و حیوان کی چلتی پھرتی فیکٹری میں ایک خود کار (آٹومیٹک) مشین اس کی زبان ہے،جو دل ودماغ میں آئے ہوئے خیالات کی ترجمانی اس حیرت انگیز طریق پر کرتی ہے کہ جو مضمون دل ودماغ میں آیا اس کے ادا کرنے کے لیے مناسب حروف وا لفاظ کا انتخاب،پھر ان کی صحت کے ساتھ ادائیگی جس میں سینؔ اور صادؔ کا وقفہ نظر نہیں آتا۔انسان مدنی الطبع ہونے کی وجہ سے دوسروں کی امداد کا محتاج ہے،اس لئے اس کو اپنی ضرورت پوری کرنے اور منصبی فرائض سے عہدہ براں ہونے کے لیے افہام و تفہیم کی زیادہ ضرورت

ہے اور اسی ضرورت کی وجہ سے اللہ تعالیٰ نے اسکو زبان و بیان کی مکمل صلاحیت سے نوازا ہے۔اس کو اظہار مقصد کے لیے لغات کی بڑی مقدار اور بیان کے مختلف اسالیب اور طریقے سکھلا دیئے، تاکہ انسان اپنے مقصد کو مختلف زاویوں اور طریقوں سے واضح کر سکے۔"(۲)

اگر ہم اس زبان کی صوتی و معنوی ہم آہنگی پر غور کریں تو ہمیں معلوم ہوگا کہ یہ زبان ہر معنی کے لیے ایک خاص آواز رکھتی ہے۔اس میں حروف کی حرکت و تکرار ایک مخصوص معنی کے اظہار کا ذریعہ بنتی ہے۔حروف کی قلت و کثرت معنی میں کمی بیشی کا سبب ہوتی ہے۔پھر مختلف اوزان اور ان کے مطابق مادہ سے مشتقات کا ایک معین معنی کے لیے مخصوص ہونا اس امر کی بین شہادت ہے کہ یہ زبان انتہائی سائنٹفک، مرتب اور بااصول و باقاعدہ ہے۔اس زبان کے قواعد واصول کا گہرا مطالعہ اس زبان کے مختصر و جامع ہونے کی بین شہادتیں پیش کرتا ہے اور ان تمام امور پر غور وخوض سے اس سوال کا جواب ملتا ہے کہ تمام دنیا کے انسانوں کے لیے آخری ضابطہ حیات عربی زبان وادب ہی میں کیوں بھیجا گیا۔

چونکہ دنیا اب سمٹ کر ایک محلہ بن گئی ہے، رفتہ رفتہ یہاں رہنے والوں کے باہمی تعصبات بھی فنا ہوتے جارہے ہیں۔انسانیت متحد ہونے اور ایک دوسرے سے قریب تر ہونے کے لیے بیتاب و بے قرار ہے وہ دن بہت قریب ہے جب دنیا کی تمام قومیں مل کر ان حجابات کے ازالہ کی کوششیں کریں گی جو بھائیوں سے ملنے میں مانع بنے ہوئے ہیں۔یقین ہے کہ انسانیت تعصبات سے بالاتر ہو کر باہمی افہام و تفہیم کے لیے شدت سے ایک زبان وادب کی ضرورت محسوس کرے گی، اس وقت تمام زبانوں کو تحلیل و تجزیہ کے لیے غیر متعصب حلقوں میں بھیجا جائے گا۔اور جب ہر اثر ورسوخ اور رعایت و تعصب سے بالاتر ہو کر ایک ایسی بااصول اور سائنٹفک، کامل اور جامع و مختصر زبان وادب کی تلاش کی جائے گی جو باریک سے باریک معنی کے اظہار اور نازک سے نازک مسئلہ کی توضیح و تشریح اور جدید سے جدید تقاضوں کو باحسن وجوہ پورا کرنے پر قادر ہونے کے ساتھ آسان بھی ہو، تو وہ زبان عربی ادب کے سوا کوئی دوسری زبان نہ ہو سکے گی، اور اس وقت اپنے تجربہ کے بعد انسان اس سربستہ راز کو فاش کرے گا کہ بنی نوع انسان کے لیے آخری کتاب ہدایت اور معلم کتاب، عربی زبان وادب ہی سے کیوں وابستہ کیے گئے تھے۔ (۳)

تاریخ لغت:

یوں تو بیان و کلام کا سلسلہ حضرت آدم علیہ السلام سے پہلے فرشتوں اور جنّات میں بھی جاری تھی۔اس لئے اس کی ابتداء کو تو اس عالم کا پیدا کرنے والا ہی جانتا ہے۔البتہ جہاں تک انسانی لغت کی تاریخ

کا تعلق ہے تو اس کو قرآن کریم نے خود بیان کیا ہے کہ ابوالبشر حضرت آدمؑ کو جنت میں سب سے پہلے علم لغت سکھلایا گیا تھا۔ (۴)

چنانچہ ارشاد خداوندی ہے:

وعلم آدم الاسماء کلها ثم عرضهم.....الم (۵)

ترجمہ: اور آدمؑ کو (اللہ نے) سارے کے سارے نام سکھادیے پھر انکو فرشتوں کے سامنے پیش کیا اور (ان سے) کہا: اگر تم سچے ہو تو مجھے ان چیزوں کے نام تو بتلائو۔

واضع لغت کون ہے؟

وضع لغت کا مسئلہ مختلف فیہ ہے جس کو مختلف لغویین نے معرکہ بحث بنالیا ہے اور ہر ایک اپنی اپنی ایک الگ رائے رکھتا ہے، بعض لوگوں کا خیال ہے کہ علم لغت کا موجد خود حق تعالیٰ ہے، اسی نے سب سے پہلے یہ علم ابوالبشر حضرت آدمؑ کو سکھلایا تھا اور پھر اس میں اضافے بھی وحی اور الہام کے ذریعے ہوتے رہے۔ دوسرے بعض حضرات کہتے ہیں کہ واضع لغت خود انسان ہے۔ ایک خطے کے لوگ باہمی میل ملاپ سے ایک زبان بنالیتے ہیں۔ اس کے علاوہ دوسرے اقوال بھی ہیں۔ (۶)

عربی زبان کی ابتداء:

بولنا یا بات چیت کرنا انسان کی خصوصیات میں سے ہے جو اسے حیوانات سے ممتاز کرتی ہے۔ لیکن یہ ایک قدیم سوال ہے کہ بولنا انسان نے کیسے سیکھا اور زبانیں کیوں کر وجود میں آئیں۔ قرآن اجمالاً اتنا کہہ کر خاموش ہو جاتا ہے کہ انسان کو بولنا خدا نے سکھایا۔ (۷)

چناچہ ارشاد خداوندی ہے:

خلق الانسان علمه البيان (۸)

ترجمہ: اسی نے انسان کو پیدا کیا، اسی نے اس کو بات واضح کرنا سکھایا۔

خلیل الرحمن مظاہری لکھتے ہیں:

اللہ جل شانہ نے عربی زبان کو انسان کے دنیا میں آنے سے پہلے، بلکہ اس کی پیدائش سے بھی پہلے پیدا فرمادیا تھا۔ دوسری زبانیں طوفان نوحؑ کے بعد دنیا میں رائج ہوئی تھیں۔ اللہ تعالیٰ کے کلام ازلی (قرآن کریم) کا عربی زبان میں ہونا اس بات کی سب سے بڑی شہادت ہے کہ عربی زبان ہی سب سے پہلے پیدا کی گئی تھی۔ (۹)

عربی زبان کی قدامت اور قبائل عرب:

عربی اپنے دور اول میں ان قبائل کی زبان تھی جو جزیرہ نما عرب میں یمن سے شام، عراق و فلسطین و سینا کے سرحدی علاقوں تک آباد تھے۔اور اس کو سریانی زبان کے نام سے جانا جاتا تھا جو ایک غلطی تھی اس غلطی کا رواج اہل یونان کی وجہ سے ہوا۔ جو شمالی شام کو اشوریہ یا سوریہ کہتے تھے۔اسی بناء پر عربی زبان کو سریانی کہا جاتا تھا۔(۱۰)

عربی زبان وادب کی قدامت کے اعتبار سے قبائل عرب تین قسموں پر منقسم ہوئے ہیں۔

۱۔ عرب عاربہ

۲۔ عرب مستعربہ

۳۔ عرب بائدہ (یہ بالکل مٹ چکے ہیں ایسے کہ ان کے نام بس کتابوں ہی میں رہ گئے ہیں)

عرب عاربہ خالص عرب ہیں اور یہ نو قبائل میں منقسم ہیں۔عاد، ثمود، اُمیم، عبس، طسم، جدیس، عملیق، جزماہم، دبار یہ سب ارم بن سام بن نوح کی اولاد سے ہیں۔عرب مستعربہ خالص عربی نہیں ہیں۔عرب مستعربہ قحطان کی اولاد سے ہیں اور ان کی اصل زبان سریانی تھی، عرب مستعربہ عرب حجاز ہیں۔یہی حضرت اسماعیلؑ کی اولاد ہیں، ان کو بنی معد بن عدنان بن ود کہا جاتا ہے۔عرب عاربہ حضرت اسماعیلؑ سے پہلے تھے۔(۱۱)

یہ بات واضح رہے کہ مذکورہ بالا معجم مظاہری کے حوالے سے یہ بات بیان کی گئی ہے کہ عرب عاربہ اور مستعربہ خالص عربی نہیں بلکہ ان کی اصل زبان سریانی تھی اور قاموس الوحید کے حوالے کے مطابق یہ غلطی ہے دراصل سریانی زبان عربی ہی کا نام ہے۔اور اس حوالے میں غلطی کا سبب بھی معلوم ہو چکا ہے۔اس سے واضح ہوتا ہے کہ حضرت اسماعیلؑ کی زبان بھی پہلے سے عربی ہی تھی اور ان کے والد حضرت ابراہیمؑ کی زبان بھی عربی ہی تھی اور واقعات میں مذکور ہے کہ حضرت اسماعیلؑ نے قبیلہ جرہم سے عربی زبان سیکھی تھی۔ شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ عربی زبان وہ پہلے ہی بولتے تھے اور قبیلہ جرہم سے انہوں نے فصیح عربی سیکھی تھی۔ بہر حال ان حوالہ جات سے عربی زبان کی قدامت معلوم ہوتی ہے۔عربی زبان قدیم ترین زبان ہے۔

عربی ادب کی وسعت و عظمت:

عربی ادب کی وسعت اور عظمت کا اندازہ اس بات سے ہوتا ہے کہ عہد قدیم میں عربوں کی تہذیب ان کا تمدن اور ان کی زبان اوج کمال پر تھی۔ فن تحریر جو تہذیبی ارتقاء کا ایک مظہر ہے اس سے

بھی وہ بے بہرہ نہ تھے۔ اگر یہ لسانی وتہذیبی رفعت نہ ہوتی تو کیا ممکن تھا قرآن جو علم و فن اور حکمت و موعظت کا سرچشمہ ہے عربی زبان اس کی متحمل ہوسکتی؟ ما قبل اسلام کی نظم و نثر کے جو نمونے ہمیں ملتے ہیں وہ بھی فنکارانہ جلال و جمال کا دلکش مرقع ہیں۔(۱۲)

امام شافعیؒ جو بے مثال عالم وفقیہ ہونے کے ساتھ زبردست ادیب ولغوی ہیں فرماتے ہیں کہ عربی وسیع ترین زبان ہے اور اس کے تمام لغات کا احاطہ نبی علیہ السلام کے سوا کسی عام انسان کے بس کا کام نہیں۔ ابن ورید ''جمہرۃ اللغۃ'' میں اور خلیل ''کتاب العین'' میں اپنی معلومات کی بناء پر کہتے ہیں کہ عربی کے کل لغات پانچ کروڑ، چھ لاکھ، انسٹھ ہزار، چار سو ہیں۔ ان میں تقریباً انتالیس ہزار چار سو متروک ہیں۔ باقی سب مستعمل ہیں۔ پھر ان میں دو حرفی کلمات کی تعداد سات سو پچاس، تین حرفی کی انیس ہزار چھ سو پچاس ہے، چار حرفی کلمات تین لاکھ، تین ہزار چار سو، اور پانچ حرفی کلمات چھ کڑور تین لاکھ پچھتر ہزار ہیں۔

عربی میں ایک چیز کے بہت سے نام اور بہت سے لغات پائے جاتے ہیں۔ تلوار، نیزہ، اونٹ، بکری، سانپ، صبح و شام، آفات و مصائب اشیاء وغیرہ جن کا ذکر کلام میں بار بار آتا ہے۔ ان میں سے ہر ایک کے اتنے نام ہیں کی عقل حیران رہ جاتی ہے، حمزہ اصبہانی نے مصائب وآفات کے چار سو نام لغت عرب سے جمع کرکے فرمایا:

ان تکاثر اسماء الدوابی من الدواھی

یعنی مصائب کے نام بہت ہونا بھی ایک مستقل مصیبت ہے، پھر عربی میں اعراب و اشتیاق کے بدلنے سے ایک ایک لفظ کے نئے نئے معانی نکل آتے ہیں۔ عربی کی ایک حیرت انگیز صفت یہ بھی ہے کہ اس میں بڑے سے بڑے کلام کو ایک ہی جملے میں ادا کیا جاسکتا ہے اور ایک ہی جملے کو مقالے کی شکل دی جاسکتی ہے۔ لغت کی اصطلاح میں اس صفت کو ایجاز واطناب کہا جاتا ہے، عربی زبان کی ان خصوصیات کی وجہ سے قرآن کریم نے اس کی صفت مبین ذکر کی ہے۔ ''بلسانِ عربی مبین'' کہ بیان کی صلاحیت عربی زبان میں بدرجہ اتم موجود ہے اور یہی ایک صفت ہے جس پر کسی زبان کی خوبی کو پرکھا جاسکتا ہے اور عربی کی انہی خصوصیات کی بناء پر بعض حضرات نے فرمایا کہ حق بات یہ ہے کہ قرآن کریم کا ایسا ترجمہ جو قرآن کریم کے پورے پورے مفہوم کو ادا کردے کسی دوسری زبان میں ممکن نہیں۔(٦)

عربی زبان وادب کی تدوین وتصنیف:

عربی زبان وادب کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کے ہر لغت کو بحث وتنقید کی بے شمار چھلنیوں میں چھانا گیا ہے۔ لغت کی کتابوں کی تعداد ہزاروں سے متجاوز ہے۔ بعض کتابیں تیس تیس

جلدی میں لکھی گئی ہیں اور ہر ایک کا ڈھنگ جدا ہے۔ اس فن میں سب سے پہلی تصنیف خلیل کی ''کتاب العین'' ہے۔ اس کے بعد ورید نے '' جمہرۃ اللغۃ'' تصنیف کی۔ اصمعی نے لغت کی خاص قسم اجناس پر کتاب لکھی۔ متاخرین جن کی کتابیں مشہور و متداول ہیں وہ جوہری کی ''صحاح'' ابن اندلس کی کتاب ''الحکم والحیط'' اور شیخ مجد الدین فیروز آبادی کی ''الحیط'' ہے۔(۱۳)

مذکورہ بالا سطور میں عربی ادب کے امتیازات اور خصوصیات کو مختصر طور پر ذکر کیا گیا ہے۔ چونکہ اسمیں ''ادب'' کا لفظ آیا ہے اور خاص طور پر ادب عربی کے بارے میں بتایا گیا ہے۔ لہذا ہم مختصراً لفظ ادب کے بارے میں ذکر کریں گے۔

ادب:

کسی زبان کے شعراء و مصنفین کا وہ نادر کلام جس میں نازک خیالات و جذبات کی عکاسی اور باریک معانی و مطالب کی ترجمانی کی گئی ہو اس زبان کا ''ادب'' کہلاتا ہے۔ اس ادب کی نفس انسانی میں شائستگی، اسکے افکار و خیالات میں جلاء، اس کے احساسات میں نزاکت و حسن، اور زبان میں سلاست و زور پیدا ہوتا ہے۔ ادب کا اطلاق ان تصانیف پر بھی ہوتا ہے جو کسی علمی یا ادبی شعبے میں تحقیق کا نتیجہ ہوں۔ اس لحاظ سے گویا لفظ ادب ان تمام تصانیف کو اپنے احاطے میں لے لیتا ہے۔ جو محقق علماء کے انکشافات، مضمون نگاروں کے افکار، شاعروں کے انوکھے تخیلات اور نازک تصورات پر مشتمل ہوں۔ (۱۴)

اب ہم درج ذیل سطور میں عربی زبان کی فضیلت کے بارے میں تذکرہ کریں گے۔

چنانچہ اللہ تبارک و تعالی کا ارشاد گرامی ہے:

''انا انزلناہ قرآنا عربیا لعلکم تعقلون'' (۱۵)

ترجمہ: ہم نے اسکو ایسا قرآن بنا کر اتارا ہے جو عربی زبان میں ہے تاکہ تم سمجھ سکو۔

حضرت شبیر احمد عثمانیؒ نے حضرت شیخ الھند نور اللہ مرقدہ کے ترجمہ کے حاشیہ پر لکھا ہے یعنی عربی زبان جو تمام زبانوں میں زیادہ فصیح اور وسیع اور منضبط و پر شوکت زبان ہے۔ نزول قرآن کے لیے منتخب کی گئی ہے۔

ابن کثیر لکھتے ہیں:

انزل اشرف الکتب با شرف اللغات علی اشرف الرسل بسفارۃ اشرف الملائکۃ وکان ذلک فی اشرف بقاع الارض وابتدی انزالہ فی اشرف شھور السنۃ وھو رمضان، فکمل من کل الوجوہ۔

یعنی تمام کتابوں میں سے اشرف کتاب تمام زبانوں میں سے اشرف زبان، تمام رسولوں میں سے اشرف رسول پر تمام فرشتوں میں سے اشرف فرشتے کے ذریعے اتاری گئی اور یہ اتارنا زمین کے بہترین حصے میں ہوا اور اس اتارنے کی ابتداء تمام مہینوں میں سے اشرف مہینے رمضان المبارک میں ہوئی، لہٰذا قرآن پاک تمام وجوہ سے کامل و مکمل ہوا۔

مذکورہ بالا آیت اور ابن کثیر کے حوالے سے معلوم ہوتا ہے کہ عربی زبان اللہ تبارک وتعالیٰ کے نزدیک سب سے زیادہ فصیح، وسیع، بلیغ اور اشرف اللغات ہے۔اسی وجہ سے عربی زبان کو قرآن کریم کے لیے منتخب فرمایا۔ جس سے واضح ہوتا ہے کہ عربی زبان وادب تمام ادوار میں اپنی فصاحت وبلاغت کے حوالے سے عالمی زبانوں میں ممتاز مقام رکھتی ہے۔اور عربی زبان کو قرآن کریم کی زبان اس لیے بنایا گیا کہ یہ زبان ایک زندہ جاوید ہے اور تمام ادوار میں بولی اور سمجھی جاتی ہے۔یہی وجہ ہے کہ قرآن کریم کو قیامت تک کے لیے تمام انسانوں کے لیے مشعل راہ بنایا ہے۔ (۱۶)

چنانچہ ارشاد باری تعالیٰ ہے

"انه لتنزيل رب العالمين نزل به الروح الامين علىٰ قلبك لتكون من المنذرين، بلسان عربي مبين۔" (۱۷)

ترجمہ: بیشک یہ قرآن رب العالمین کا نازل کیا ہوا ہے،امانت دار فرشتہ اسے لیکر اترا ہے۔ (اے پیغمبر!) تمہارے قلب پر اتارا ہے تاکہ تم ان پیغمبروں میں شامل ہو جاؤ جو لوگوں کو خبر دار کرتے ہیں۔ایسی عربی زبان میں اترا ہے جو پیغام کو واضح کر دینے والی ہے۔

نیز عربی زبان وادب کی اہمیت اس بات سے بھی واضح ہوتی ہے کہ آپ ﷺ کی زبان عربی تھی اور آپ ﷺ کو جوامع الکلم بنایا کہ بڑی سے بڑی بات کو چھوٹے سے جملے میں بند کر دیا کرتے تھے۔ اور یہ اعجاز صرف عربی زبان کو حاصل ہے۔دنیا کی کسی اور زبان کو یہ اعجاز حاصل نہیں ہے۔مذکورہ بالا سطور سے ثابت ہوتا ہے کہ عربی زبان اور اسلام کا چولی دامن کا ساتھ ہے اور آپ ﷺ کی تمام تر تعلیمات ہدایات اور ارشادات کا پورا ذخیرہ عربی زبان میں ہے۔

حضرت شاہ ولی اللہ صاحب نوراللہ مرقدہ نے "الدخل العربیۃ" میں لکھا ہے کہ شیخ الاسلام ابن تیمیہ فرماتے ہیں کہ عربی زبان امور دین میں سے ہے اور اسکا سیکھنا واجبات میں سے ہے۔اس لئے قرآن وحدیث کا سمجھنا فرض ہے اور وہ بغیر لغہ عربیہ کے نہیں سمجھا جا سکتا اور جو چیز تحصیل واجب کا ذریعہ ہو وہ واجب ہوتی ہے۔

نیز حضرت عمرؓ کا ارشاد نقل کیا گیا ہے کہ عربی زبان سیکھو کہ اس سے مروت میں زیادتی ہوتی

ہے۔(یعنی مکارم اخلاق اور مردانہ صفات میں زیادتی ہوتی ہے) حضرت عمرؓ سے متعدد روایات ہیں جن کو حافظ ابن تیمیہؒ نے ''اقتضا'' میں نقل کیا ہے۔ان سب کا مقصد عربیت کی ترغیب اور اس کے سیکھنے کا تقاضہ ہے۔

حضرت عبداللہ ابن مبارکؒ کا ارشاد ہے:

''لا یقبل الرجل بنوع من العلوم مالم یزین علمه بالعربیة''

یعنی آدمی کو کسی علم میں قبولیت حاصل نہیں ہو سکتی جب تک کہ اسکو علم عربیت سے مزین نہ کرے۔

مولانا محمد یوسف بنوریؒ اپنے ایک مضمون میں لکھتے ہیں کہ:

اسلام اور عربی زبان کا جو باہمی محکم رشتہ ہے وہ محتاج بیان نہیں،اسلام کا قانون عربی زبان میں ہے۔

اسلام کا آسمانی صحیفہ قرآن حکیم عربی زبان میں ہے،اسلام کے پیغمبر خاتم الانبیاء حضرت محمد ﷺ کی مادری زبان عربی ہے۔حضرت رسالت مآب ﷺ کی تمام تر تعلیمات،ہدایات اور ارشادات کا پورا ذخیرہ عربی زبان میں ہے۔

اسلام کی اہم ترین عبادت صلوۃ (نماز) جس کو روئے زمین کے تمام مسلمان اپنے اپنے ملکوں میں روزانہ پانچ وقت پڑھتے ہیں وہ عربی زبان میں ہے۔یہ نماز ہی توحید اسلام کا اعلیٰ ترین مظہر اور دین اسلام کی بنیادی عبادت ہے۔

پھر ہفتہ واری اسلام کا پیغام جمعہ کا خطبہ عربی زبان میں ہے۔

سال میں دو مرتبہ عمومی واجتماعی پیغام عیدالفطر اور عیدالاضحی کا خطبہ تمام دنیا میں عربی زبان میں پڑھا جاتا ہے۔حضرت محمد ﷺ نے امت کی رہنمائی کے لیے جو اذکار و دعائیں صبح سے شام تک ہر عمل اور ہر موقع اور ہر کام کے لیے تلقین فرمائی ہیں عبد و معبود کے درمیان تعلق و رابطہ پیدا کرنے یا اس رشتہ کو مضبوط کرنے کے لیے جن سے زیادہ مئوثر اور کوئی تدبیر نہیں ہے وہ سب عربی میں ہیں۔(۱۸)

بارگاہ قدس رب العالمین اور تجلیات الٰہیہ کا سرچشمہ مکہ مکرمہ جس سرزمین میں واقع ہے وہ عرب ہے اور وہاں کے باشندوں کی زبان عربی ہے۔

سید الکونین رسول الثقلین حضرت محمد ﷺ کی امامت کا اور دارالہجرت جس سرزمین مقدس میں واقع ہے مدینہ منورہ زادہااللہ تعالیٰ نوراً وطیباً وہ عرب ہے اور اس کے بسنے والوں کی زبان بھی عربی ہے۔مکہ معظمہ جس طرح عدنانی عرب کا مرکز تھا اسی طرح ہجرت کے بعد مدینہ طیبہ قحطانی عرب کا

مرکز بن گیااور ان دونوں مرکزوں کی زبان اور تہذیب عہد وقدیم سے آج تک عربی ہے۔

دونوں قوموں عدنانی اور قحطانی عربوں کا سرمایہ تاریخ وادب عربی زبان میں ہے۔

قرآن کریم اور اسلام کے پہلے مخاطب جزیرۃ العرب میں بسنے والی پوری آبادی عرب ہے۔

جزیرۃ العرب سے باہر اسلام کے دو اہم ترین مرکز عراق و شام ہیں۔ دونوں ملک عربی زبان اور تہذیب کا گہوارہ تھے اور ہیں۔ مصر، لیبیا، سوڈان، مغربی افریقہ، الجزائر، تیونس اور مراکش وغیرہ سب عربی بولنے والوں کے مرکزی مقامات ہیں۔ اور شمالی افریقہ کی اکثریت کی زبان بھی عربی یا بگڑی ہوئی عرب ہے۔

صحابہ کرامؓ اور تابعین عظام کے زمرہ میں شامل عرب فاتحین جو اسلامی فتوحات کے سلسلہ میں سندھ وہند، افغانستان و بخارا سے لے کر اسپین تک نہ صرف پھیل گئے بلکہ ان ملکوں میں بس بھی گئے تھے ان کے ذریعے ان ملکوں میں بھی عربی زبان پہنچ گئی تھی۔ چونکہ ان ملکوں کے تمام مسلمان قوموں کا دینی سرمایہ عربی زبان میں تھا۔ اس لئے ان ملکوں کی بھی دینی اور مذہبی زبان عربی بن گئی۔

چناچہ نہ صرف یہ کہ ان ممالک اسلامیہ میں لائق فخر عربی داں پیدا ہوئے بلکہ عجمی ممالک کے ان مراکز سے بھی عربی کے وہ مایہ ناز ماہرین و موجدین علوم وفنون پیدا ہوئے جن کی نظیر کا دنیا تصور بھی نہیں کر سکتی۔ ان ہی عجمی علماء کی بدولت عربی علوم میں صرف ونحو، معانی بیان، بدیع، لغت عربی، رسم الخط، علم الاشتقاق، عروض و قافیہ اور شعر وادب اور اسلامی علوم ہیں۔ تفسیر و اصول تفسیر، حدیث و اصول حدیث، فقہ واصول فقہ، عقائد و توحید، کلام اور ادب علوم منطق، فلسفہ، ہیئت وریاضی وغیرہ کا سارا ذخیرہ عربی زبان میں ڈھل گیا۔

اور نہ صرف یہ بلکہ عربی زبان کے حقائق فقہ ولغت کی باریکیاں اور حیرت انگیز لسانی خصوصیات عربی تلفظ کی صحت وسہولت کے قواعد وضوابط اور لسانی حسن وجمال کی نیرنگیاں وغیرہ وہ علمی سرمائے ہیں کہ عربی کے علاوہ دنیا کی اور دوسری زبانوں میں ان کا پتہ تک نہیں ہے۔(۱۹)

مصادر ومراجع

۱۔ تاریخ ادب عربی، ص ۲۱، مصنف استاد احمد حسن زیات، طابع شیخ نیاز احمد،، ناشر شیخ غلام علی اینڈ سنز کراچی
۲۔ المعجم، خلیل الرحمن مظاہری، ص ۱۱۔۱۰، ناشر دار الاشاعت کراچی، طباعت ۱۹۹۴ء
۳۔ تاریخ ادب عربی، ص ۲۲، مصنف استاد احمد حسن زیات، طابع شیخ نیاز احمد،، ناشر شیخ غلام علی اینڈ سنز کراچی
۴۔ المعجم، خلیل الرحمن مظاہری، ص ۱۲، ناشر دار الاشاعت کراچی، طباعت ۱۹۹۴ء
۵۔ پارہ نمبر ۱، سورۃ البقرۃ، آیت نمبر ۳۱

۶۔ المعجم، خلیل الرحمن مظاہری، ص ۱۳، ناشر دارلاشاعت کراچی، طباعت ۱۹۹۴ء

۷۔ تاریخ ادب عربی، ص ۲۹، مصنف استاد احمد حسن زیات، طابع شیخ نیاز احمد،، ناشر شیخ غلام علی اینڈ سنز کراچی

۸۔ پارہ نمبر ۲۷، سورۃ الرحمن، آیت نمبر ۴،۳

۹۔ المعجم، خلیل الرحمن مظاہری، ص ۱۵، ناشر دارلاشاعت کراچی، طباعت ۱۹۹۴ء

۱۰۔ القاموس الوحید، تالیف مولانا وحید الزماں قاسمی کیرانوی، ص ۱۳، سن اشاعت اول جون ۲۰۰۱ء، ناشر دارلاشاعت کراچی، لاہور

۱۱۔ المعجم، خلیل الرحمن مظاہری، ص ۱۷، ناشر دارلاشاعت کراچی، طباعت ۱۹۹۴ء

۱۲۔ تاریخ ادب عربی، ص ۴۳۔۴۴، مصنف استاد احمد حسن زیات، طابع شیخ نیاز احمد،، ناشر شیخ غلام علی اینڈ سنز کراچی

۱۳۔ المعجم، خلیل الرحمن مظاہری، ص ۱۷۔۱۸۔۱۹۔۲۰، ناشر دارلاشاعت کراچی، طباعت ۱۹۹۴ء

۱۴۔ تاریخ ادب عربی، ص ۴۹، مصنف استاد احمد حسن زیات، طابع شیخ نیاز احمد،، ناشر شیخ غلام علی اینڈ سنز کراچی

۱۵۔ پارہ نمبر ۱۲، سورۃ یوسف، آیت نمبر ۲

۱۶۔ لسان القرآن جزءاول ص ۳، مئولف، اساتذہ مدرسہ عائشہؓ سن اشاعت ۲۰۰۰ء، ناشر مدرسہ عائشہ صدیقہؓ

۱۷۔ پارہ نمبر ۱۹، سورۃ الشعراء، آیت نمبر ۱۹۲تا۱۹۵

۱۸۔ لسان القرآن جزءاول ص ۶، مئولف، اساتذہ مدرسہ عائشہؓ سن اشاعت ۲۰۰۰ء، ناشر مدرسہ عائشہ صدیقہؓ کراچی

ڈاکٹر شکیل احمد خان
اسسٹنٹ پروفیسر اردو
گورنمنٹ ڈگری بوائز کالج، نشتر روڈ، کراچی

ڈاکٹر نبی بخش بلوچ کی اردو تحقیق میں خدمات (اجمالی جائزہ)

THE CONTRIBUTION OF DR. NABI BUX KHAN BALOCH FOR URDU LITRATURE

Abstract

Dr. Nabi Bux Khan Baloch was a renowned scholar of the Sindhi, Persian, Arabic, and Urdu languages. He is among those few scholars, who has transferred historical, cultural a and literary assets of Sindh and Sindhi language into Urdu as well beside other languages. In his research, he discovered those classical poets who were doing poetry in Persian, Urdu and Sindhi languages and he also wrote research articles and books about them in Urdu along with this. He presented the introduction of some ancient manuscript and provided basic knowledge about them which can be helpful in research and history.

This article carries a brief review of his services in Urdu research.

ڈاکٹر نبی بخش بلوچ (پیدائش: ۱۹۱۷ءا۔ وفات: ۲۰۱۱ء) کا شمار پاکستان کے ان نامور محققین و مورخین اور دانشوروں میں ہوتا ہے جنھوں نے اپنی علمی، ادبی و تحقیقی کارناموں کی بدولت دنیا بھر میں شہرت کمائی۔ آپ کے کارہائے نمایاں کو مقتدر حلقوں میں بڑی قدر کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے، آپ کی عظمت و شہرت جہاں پاکستانی عوام کے لیے باعثِ فخر ہے وہاں حیدر آباد کے لوگ بھی آپ کی حیدر آباد سے نسبت پر جتنا فخر کریں وہ کم ہے۔ آپ کا ایک اہم حوالہ مسلم یونیورسٹی علی گڑھ بھی ہے جہاں سے آپ نے کے تعلیم حاصل کی۔

آپ کو عربی، فارسی، انگریزی، اردو، سندھی اور دیگر کئی زبانوں پر نہ صرف عبور حاصل تھا بلکہ ان کے ذریعے آپ نے بہت سی علمی و ادبی اور تاریخی و ثقافتی خدمات بھی انجام دیں۔ آپ کی مختلف موضوعات پر جن میں تحقیق، تنقید، تعلیم، تاریخ، لسانیات، لوک ثقافت اور ترتیب وتدوین پر موقر و معتبر کتابیں اور تحریریں موجود ہیں، آپ نے خاص طور پر سندھی زبان وادب اور ثقافت کے حوالے سے گراں

قدر سرمایا تحقیق سے ترتیب دیا ہے۔ ان خدمات کا دائرہ صرف تحریر تک ہی محدود نہیں رہا بلکہ جن اداروں میں آپ نے سربراہ کے طور پر کام کیا یا جن اداروں کو آپ نے قائم کیا یا جن سے آپ وابستہ رہے وہاں علمی کاموں کے ساتھ ساتھ عملی کاموں کا سلسلہ بھی برقرار رکھا۔ آپ کو ان خدمات کے صلے میں مختلف حکومتوں اور اداروں کی طرف سے بہت سے اعزازات وانعامات سے بھی نوازا گیا ہے۔

اردو تحقیق میں آپ نے قدیم شعراء پر مشتمل ایک تذکرہ بہ عنوان ''سندھ میں اُردو شاعری (از عہد شاہجہان تا قیام پاکستان)''(مطبوعہ ۱۹۶۷ء) ایک سوانح بہ عنوان ''مولانا آزاد سبحانی''(مطبوعہ ۱۹۸۹ء) اور دو قدیم شعراء کے دیوان ''دیوانِ شوق افزا عرف دیوانِ صابر'' (مطبوعہ ۱۹۸۴ء) اور ''دیوان ماتم'' (مطبوعہ ۱۹۹۰ء) عنوانات کے تحت مرتب کیے ہیں، اس کے ساتھ آپ نے ڈاکٹر غلام مصطفی خاں کے اشتراک سے دو عدد لغات ''سندھی اردو لغت'' (مطبوعہ ۱۹۵۹ء اور ۱۹۷۱ء) اور ''اردو سندھی لغت''(مطبوعہ ۱۹۶۰ء) بھی ترتیب دی ہیں، جن میں سندھی زبان کے الفاظ کے انتخاب کی ذمہ داری آپ پر جب کہ اردو زبان کے الفاظ کے انتخاب کی ذمہ داری ڈاکٹر غلام مصطفی خاں کے سپرد تھی۔

ڈاکٹر نبی بخش بلوچ سندھ کے ان چند فضلاء میں شامل ہیں جنھوں نے سندھ اور سندھی زبان سے متعلق بہت سا تاریخی، ثقافتی اور ادبی سرمایا دیگر زبانوں کے علاوہ اردو میں بھی منتقل کیا، آپ نے اردو تحقیق میں ایسے قدیم شعراُجو فارسی، اردو اور سندھی زبانوں میں شاعری کر رہے تھے، ان کو اور ان کے کلام کو دریافت کر کے مقالات لکھے ہیں، اس کے ساتھ چند قدیم مخطوطات کا تعارف پیش کرتے ہوئے ان سے متعلق بنیادی کام فراہم کیا ہے جو ادبی تحقیق و تاریخ میں معاون و مددگار ثابت ہو سکتا ہے۔ اس کے علاوہ ایک سوانح بھی تحقیق سے ترتیب دی ہے، ان سب کی اشاعتی تفصیل اور ایک اجمالی جائزہ درج ہے۔

۱۔ ''مسلم بنگال کے فارسی ادب کی ایک اہم تصنیف 'کتاب شرفنامہ احمد منیری''[۳] مطبوعہ رسالہ ''اردو'' کراچی، دو اقساط میں بالترتیب اکتوبر ۱۹۵۲ء اور جنوری اپریل ۱۹۵۳ء

۲۔ ''تعارف''[۴] مشمولہ کتاب ''اردو زبان کی قدیم تاریخ'' مرتبہ: عین الحق فرید کوٹی، لاہور، ارسلان پبلی کیشنز، ۱۹۷۲ء۔

۳۔ ''پیش گفتار و مقدمہ'' مشمولہ کتاب ''دیوان شوق افزا عرف دیوان صابر'' مرتبہ: ڈاکٹر نبی بخش بلوچ، لاہور، اردو سائنس بورڈ، ۱۹۸۴ء

۴۔ ''شاہ لطیف پر تحقیق'' مطبوعہ رسالہ ''دائرے''، کراچی، ۱۹۸۸ء

۵۔ ''مولانا آزاد سبحانی، تحریکِ آزادی کے ایک مقتدر رہنما'' مرتبہ: ڈاکٹر نبی بخش بلوچ، لاہور، ادارۂ تحقیقاتِ پاکستان، دانش گاہ پنجاب، ۱۹۸۹ء

۶۔ ''پیش لفظ'' مشمولہ کتاب ''دیوانِ ماتم'' مرتبہ: ڈاکٹر نبی بخش بلوچ، جام شورو، حیدر آباد، سندھی ادبی بورڈ، ۱۹۹۰ء

۷۔ ''ابن بطوطہ کا سفر نامہ اور اس کے گمنام گوشے''،

۸۔ ''ایک قلمی مجموعۂ رسائل (تعارف و مشمولات)''

یہ مقالات مجلہ ''تحقیق''، جام شورو، سندھ یونیورسٹی میں بالترتیب شمارہ (۱۱۔۱۰) ۹۷۔۱۹۹۶ء اور شمارہ (۱۳۔۱۲) ۹۹۔۱۹۹۸ء میں شایع ہوئے۔

۹۔ ''مقدمہ'' مشمولہ فارسی تذکرہ ''سندھ میں فارسی شاعری کا آخری دور۔ تکملۃ التکملۃ'' مرتبہ: ڈاکٹر نبی بخش بلوچ، اسلام آباد، مقتدرہ قومی زبان، ۲۰۰۷ء

۱۰۔ ''سندھ میں اردو شاعری (از شاہجہاں تا قیام پاکستان)'' مرتبہ: ڈاکٹر نبی بخش بلوچ،

پہلے مقالے میں آپ نے مخطوطہ ''شرفنامہ احمد منیری'' کا تعارف، داخلی شہادت سے اس کا دورِ تصنیف (۸۶۲ھ تا ۸۷۹ھ ۱۴۵۷ء تا ۱۴۷۴ء) اور مصنف کا مختصر احوال لکھا ہے، اس کے علاوہ مخطوطے کی ادبی اہمیت، مصنف کی وسیع ادبی معلومات و ادبی ماحول، فن لغت میں ان کی مہارت اور شاعرانہ قابلیت سے بالتفصیل آگاہ کیا ہے، ساتھ میں مخطوطے اور مصنف سے متعلق عمدہ حواشی و تعلیقات بھی قائم کیے ہیں۔

دوسرا مقالہ یوں تو کتاب کا تعارف ہے لیکن اس کے آغاز میں آپ نے علومِ السنہ، تقابلی لسانیات اور علمِ لغات کی ابتداء، مسلم علماء کی ان علوم میں ابتدائی خدمات اور خاص طور سے آٹھویں صدی عیسوی سے سترھویں صدی عیسوی کے آخر تک بیرونِ ہند اور ہند کے مسلم محققین کی سنسکرت اور علوم سنسکرت پر کی جانے والی تحقیق کا تاریخی جائزہ لیا ہے۔ اس کے بعد کتاب کے موضوع اور اس کے مندرجات کے بہت سے لسانیاتی مسائل اور علمی و تحقیقی نکات سے اتفاق واختلاف کرتے ہوئے کتاب کا تفصیلی تعارف و تجزیہ پیش کیا ہے اور کتاب سے متعلق اپنی یہ رائے قائم کی ہے:

> ''فاضل مصنف نے نہایت ہی پیچیدہ لسانی مسائل کا قابل داد تجزیہ کیا ہے۔ یہ ایک خالص علمی کتاب ہے جس سے مصنف کے وسیع مطالعے، موضوع سے محبت اور مسائل کی توضیح و تنقیح میں مشقت کا پتا چلتا ہے۔
>
> اردو زبان میں یہ پہلی کتاب ہے، جو شمالی ہند کی عوامی زبانوں کی اصلیت کی نشاندہی کرتی ہے اور خصوصی طور پر منڈا، دراوڑی، سنسکرت اور وادیٔ سندھ کی مقامی زبانوں کے باہمی تعلق اور لسانی خمیر کی کمیت اور کیفیت کی آئینہ دار ہے۔ موضوع اتنا وسیع ہے کہ باوجود ضروری

وضاحت اور تفصیل کے ہم کہہ سکتے ہیں کہ فاضل مصنف نے سرِدست اختصار اور اجمال سے کام لیا ہے اور اپنی اس تصنیف میں مختلف نظریوں کے خاکے مرتب کیے ہیں تاکہ مزید تحقیق کے لیے راہیں کھل سکیں''۔(ص:۱۸،۱۷)

تیسرا مقالہ دو حصوں پر مبنی ہے۔ پہلے حصے ''پیش گفتار'' میں مخطوطہ ''دیوانِ شوق افزا'' (سال تصنیف ۱۱۸۱ھ) کے شاعر میر محمود صابر کا داخلی اور خارجی شواہد سے پتا لگایا ہے اور مخطوطے کی کیفیت بیان کی ہے، جب کہ دوسرے حصے ''مقدمہ'' میں میر شیر علی قانع کا تذکرہ ''مقالات الشعراء'' مذکورہ دیوان اور شاعر کے منظوم کردہ فارسی کتبات جو سندھ کی دو اہم تاریخی عمارات ۵؎ پر نصب ہیں کی روشنی میں شاعر کے حالاتِ زندگی، ان کے دور کا تعیین، ان کا اردو اور فارسی میں مقام و مرتبہ اور ہند تک پھیلی ہوئی ان کی شہرت، دیوان کا املاء و زبان اور اس میں شامل سرائیکی و سندھی زبان کے الفاظ و محاوروں کا تحقیقی جائزہ لیا ہے، شمار نمبر ۶ مقالے میں بھی آپ نے تقریباً اسی انداز میں ''دیوانِ ماتم'' (سن تصنیف ۱۲۹۴ھ) کے شاعر فضل محمد طیب حیدرآبادی کی ذاتی سوانح اور خاندان کے حالات جو آپ کو شاعر کے قبیلے کی ایک نوے سالہ معمر عورت ''مائی مراد خاتون'' مقیم حیدرآباد سے ۱۹۶۹ء میں حاصل ہوئے تھے بیان کیے ہیں اس کے علاوہ کلام کی داخلی شہادتوں سے بھی شاعر سے متعلق مزید معلومات فراہم کی ہیں اور ساتھ میں دیوان کا جائزہ لیتے ہوئے ان کے بعض الفاظ جو مسخ ہو چکے تھے ان کی تصحیح بھی کی ہے۔

مقالہ نمبر ۴ میں آپ نے شاہ عبداللطیف بھٹائی اور ان کے کلام سے متعلق بہت سے ایسے گوشے جن پر ابھی تحقیق ہونا باقی ہے، ان کا نیم تحقیقی جائزہ لیا ہے جب کہ مقالہ نمبر ۸ میں ایک قلمی مجموعۂ رسائل (سن کتابت ۱۲۷۱ھ اور ۱۲۸۱ھ کے مابین) کے مشمولات، اس کے کاتب اور خاص طور پر اس میں شامل نثری اردو رسالے ''ہدایت الاضاحی'' (۱۲۷۲ھ) کا تعارف اور اس کے مصنف مفتی محمد عنایت احمد کاکوروی کے مختصر حالات تحریر کیے ہیں۔

شمار نمبر ۵ پر درج کتاب میں آپ نے تحریکِ آزادی کے ایک رہنما مولانا آزاد سبحانی (۱۸۸۴ء۔۱۹۵۷ء) کی سوانح حیات تحقیقی و تاریخی حوالوں کے ساتھ درج ذیل عنوانات کے تحت مرتب کی ہے۔

(۱) حالاتِ زندگی (۲) مولانا آزاد سبحانی۔ اور تحریکِ پاکستان (۳) تحریکِ ربانی/خلافت ربانی (۴) مولانا آزاد سبحانی بحیثیت فلسفی (۵) دین داری و دینی خدمات (۶) مولانا آزاد سبحانی اور سوشلزم / کمیونزم (۷) سفر نامہ ربانی کے اقتباسات (۸) آزاد سبحانی بحیثیت ادیب و شاعر۔ اس کے علاوہ آپ نے ان سے متعلق بہت سے مفید حواشی بھی قائم کیے ہیں اور کتاب کے آخر میں اشخاص، کتب و جرائد،

تحریکات و مذاہب اور مقامات و ادارہ جات کا ایک اشاریہ بھی ترتیب دیا ہے۔

شمار نمبر ۷ مقالے میں ڈاکٹر صاحب نے ابن بطوطہ کے سفر نامے سے ان چار سوالات (۱) ابن بطوطہ کہاں سے سندھ کی حدود میں داخل ہوا؟ (۲) اس وقت دریائے سندھ کا بہاؤ کہاں سے تھا؟ (۳) ابن بطوطہ نے کہاں سے دریا کو عبور کیا؟ (۴) شہر جنانی کہاں پر واقع تھا؟ کے جوابات تحقیق سے تلاش کرنے کی کامیابی سعی کی ہے اس کے علاوہ آپ نے اس سلسلے میں اب تک ہونے والی مختلف محققین کی تحقیق سے اتفاق و اختلاف کرتے ہوئے اپنے نتائج مرتب کیے ہیں اور ابن بطوطہ کے سندھ کے اس سفر سے متعلق ایک اسکیچ (خاکہ) بھی پیش کیا ہے، اس کے ساتھ آپ نے ابن بطوطہ کے سفر نامے پر ہو چکے کاموں پر مختصراً روشنی بھی ڈالی ہے۔

ڈاکٹر نبی بخش بلوچ نے سندھ کے فارسی شعراء پر مشتمل ایک تذکرہ ''سندھ میں فارسی شاعری کا آخری دور۔ تکملۃ التکملۃ'' فارسی میں تحریر کیا ہے لیکن اس کا ''مقدمہ'' اردو میں ہے اور یہی ''مقدمہ'' شمار نمبر ۹ مقالہ ہے۔ جس میں آپ نے ابتدا میں آٹھویں صدی ہجری سے چودھویں صدی ہجری کے نصف اوّل تک سندھ میں فارسی زبان کے مطالعے، شاعری میں ہونے والی ترقی اور اس دوران لکھے گئے تذکروں کا مختصر احوال بیان کیا ہے اس کے بعد آپ نے ان عنوانات ''مجموعات و منتخبات''، ''محفلیں انجمنیں''، ''مراسلے''، ''موازنے''، ''مشاعرے'' اور ''حسنِ شعر کی داد و روایت'' کے تحت بالتفصیل فارسی شاعری کا جائزہ مختلف تذکروں اور مقالات کے پس منظر میں لیا ہے اور سندھ میں فارسی شاعری کے آخری دور کو ایک طرح سے کوزے میں بند کر دیا ہے۔

اس کے علاوہ آپ نے (مذکورہ شمار نمبر ۱۰) سندھ کے قدیم شعراؑ کا جنھوں نے اردو میں شاعری کی ہے ایک تذکرہ بہ عنوان ''سندھ میں اردو شاعری (از عہد شاہجہاں تا قیامِ پاکستان)'' تحریر کیا ہے۔ جس کا پہلا ایڈیشن مہران آرٹس کونسل حیدر آباد نے ۱۹۶۷ء میں، دوسرا ایڈیشن ممتاز مرزا نے حیدر آباد سے ۱۹۷۰ء میں، جب کہ تیسرا ایڈیشن مجلس ترقی ادب لاہور نے ۱۹۷۸ء میں شایع کیا۔

ڈاکٹر نبی بخش بلوچ کتاب کی اشاعت کی تجویز، مقاصد، اس میں شامل شعراؑ کے انتخاب کا پس منظر اور اس کے دورانیے سے متعلق ''تعارف'' (دوسرا ایڈیشن) کے عنوان سے لکھتے ہیں:

> ''۲۷ جنوری ۱۹۶۶ء کو بندہ راقم کی تجویز پر مہران آرٹس کونسل، حیدر آباد کے زیرِ اہتمام فن شعر و شاعری کی ترویج کے سلسلے میں ایک 'محفلِ انشاد' منعقد کی گئی جس میں خطۂ سندھ کے قدیم اُردو شعراء کے منتخب اشعار پیش کرنے کی کوشش کی گئی، تاکہ قدماء کے اسالیبِ بیاں اور محاسنِ کلام منظرِ عام پر آجائیں۔۔۔ اُردو شاعری کی ترویج میں خطۂ سندھ کے شعراء کا حصہ اس برصغیر کے دوسرے خطوں کے شعراء سے کچھ کم نہیں۔ فنِ شاعری

کے سلسلے میں اس بیش بہا سرمایہ کی حفاظت اور اشاعت کو ضروری سمجھ کر راقم نے مہران آرٹس کونسل کے سامنے یہ تجویز پیش کی کہ خطۂ سندھ کے قدیم اور اُردو شعراء کا منتخب کلام کونسل کی طرف سے شایع کیا جائے••• سندھ میں اُردو شاعری کی تاریخ کے ہر دور میں سے نمائندہ شعراء کو پیش کیا گیا ہے۔۔۔ صرف ایسے شعراء کو لیا گیا ہے جن کا تعلق خاص خطۂ سندھ سے رہا ہے۔ یہ عہد شاہجہان سے لے کر تقریباً ۱۹۳۵ء تک کے ہیں۔۔۔ ایسے شعراء کو لیا گیا ہے جن کا کلام نسبتاً خالص سندھی ماحول کی پیداوار ہے تاکہ سندھ میں اُردو کی مستقل نشوونما کی تاریخ کے خدوخال روشن ہو سکیں''۔ (ص: ہ، و، ر)

کتاب کے پہلے ایڈیشن میں کل چھیاسٹھ (٦٦) شعراء کا تذکرہ کیا گیا ہے۔ جن کے نام درج ذیل ہیں:

(۱) ملا عبدالحکیم عطا ٹھٹوی، (۲) میر حیدرالدین ابوتراب کامل، (۳) میر محمود صابر، (۴) میر حفیظ الدین علی، (۵) روحل فقیر، (۶) مراد فقیر زنگیجہ، (۷) شاہو خان زنگیجہ، (۸) شیخ ورو، (۹) سیّد ثابت علی شاہ ثابت، (۱۰) میر ضیاءالدین ضیاء، (۱۱) محمد عظیم الدین عظیم، (۱۲) حافظ عبدالوہاب عرف سچے ڈنہ سچل، (۱۳) میاں محمد سرفراز عباسی، (۱۴) آخوند قاسم ساونی ہالائی، (۱۵) فقیر غلام علی زنگیجہ، (۱۶) دریاخان زنگیجہ، (۱۷) میر کرم علی خان کرم، (۱۸) میر مراد علی خان علی، (۱۹) میر غلام علی مائل، (۲۰) میر محمد نصیر خان جعفری، (۲۱) میر صوبدار خان میر، (۲۲) نظر علی فقیر زنگیجہ، (۲۳) محمد یوسف فقیر آگڑھ، (۲۴) نواب غلام شاہ لغاری، (۲۵) خلیفہ نبی بخش لغاری قاسم، (۲۶) میر شہداد خان حیدری، (۲۷) فقیر قادر بخش بیدل، (۲۸) صوفی ابراہیم شاہ فقیر، (۲۹) فتح دین شاہ فتح، (۳۰) دیوان صورت سنگھ صورت بہار، (۳۱) میر حسین علی خان حسین، (۳۲) حمل خان لغاری، (۳۳) سیّد مہدی شاہ بخاری، (۳۴) محمد محسن بیکس، (۳۵) میرزا فتح علی بیگ فتح، (۳۶) نواب الہداد خان لغاری صوفی، (۳۷) نواب تاج محمد خان لغاری، (۳۸) مخدوم امین محمد امین، (۳۹) نواب غلام اللہ خان لغاری، (۴۰) حاجی فضل محمد ماتم، (۴۱) محمد ابراہیم خلیل ٹھٹوی، (۴۲) نواب حسین علی خان حسین، (۴۳) پیر نصیر الدین نقشبندی، (۴۴) سیّد غلام محمد شاہ گدا، (۴۵) غلام مرتضیٰ شاہ مرتضائی، (۴۶) میر محمد حسن علی خان حسن، (۴۷) میرزا قاسم علی بیگ قاسم، (۴۸) سوبھا فقیر لغاری، (۴۹) میانجی محمد صالح خاکی، (۵۰) نواب نظر علی خاں لغاری، (۵۱) قطب شاہ جہانیاں پوٹہ، (۵۲) پیر کمال الدین کمال، (۵۳) میرزا عباس علی بیگ علی، (۵۴) نواب فقیر ولی محمد لغاری، (۵۵) میرزا مراد علی بیگ، (۵۶) سیّد مصری شاہ نصرپوری، (۵۷) پیر بھاون علی شاہ ساقی، (۵۸) میاں وڈل حیدری، (۵۹) میرزا دوست محمد دوست، (۶۰) میر عبدالحسین خان سانگی، (۶۱) میرزا قلیچ بیگ قلیچ، (۶۲) میرزا مدد علی بیگ مدد، (۶۳) میرزا قربان علی

بیگ قربان، (۶۴) میر علی نواز خان ٹالپور ناز، (۶۵) کلیم اللہ شاہ، (۶۶) پیر جمال الدین علوی۔

کتاب کے دوسرے ایڈیشن میں درج ذیل مزید چار شعرا کا تذکرہ شامل کیا گیا:

(۱) سیّد قنبر علی شاہ بھاڈائی، (۲) غلام حیدر فقیر گرناری، (۳) امام علی خدمتگار، (۴) ہدایت علی نجفی۔

کتاب کے تیسرے ایڈیشن میں ایک اور شاعر سیّد عابد علی شاہ شیدا خیر پوری کا اضافہ کیا گیا ،اس طرح کتاب کے تینوں ایڈیشنوں میں کل ملا کر اکہتر (۷۱) شعرا کا تذکرہ کیا گیا ہے۔

کتاب کا دوسرا ایڈیشن اس لحاظ سے بھی اہم ہے کہ پہلے ایڈیشن میں طباعت اور املا کی جو غلطیاں تھیں وہ دور کر دی گئیں اور متن میں ترمیم و تصحیح بھی کی گئی، اس کے علاوہ حاشیے میں درج ذیل باتیں بھی بیان کی گئی ہیں۔

۱۔ قدیم اور متروک الفاظ کے معنی

۲۔ قدیمی املا کیا تھا اب کیا ہے؟

۳۔ سندھی اور اُردو میں تذکیر و تانیث کا فرق

۴۔ سندھی اور سرائیکی الفاظ کے معنی

۵۔ سندھی کاتبوں کی اُردو زبان سے ناآشنائی کی بناء پر بعض اشعار میں اُردو املا کی جو غلطیاں ہوئیں اور اس سے بحر و وزن میں جو تبدیلیاں واقع ہوئیں وغیرہ۔

مذکورہ ایڈیشن کی ایک اور خاص بات یہ بھی ہے کہ سندھی شعراء کے مقامی لب و لہجہ کی وجہ سے ان کے اشعار میں جو عروضی خامی پیدا ہوئی اس کو سندھی زبان کے مطابق کس طرح سمجھا جا سکتا ہے، مؤلف نے ''پیش لفظ'' میں ان اُمور پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے اور ان اُمور میں مؤلف کو ڈاکٹر غلام مصطفی خاں کی جو رہنمائی حاصل رہی اس کا بھی برملا اظہار کیا ہے۔

کتاب کے تینوں ایڈیشن میں شامل اکہتر (۷۱) شعراء کے مختصر حالاتِ زندگی، کون کون سی زبانوں میں شاعری کی، کس صنف شاعری پر طبع آزمائی کی، کونسی صنف شاعری وجہ شہرت بنی، دیوان اور مجموعہ کلام کی تعداد و نام، شاعر نے نثر میں بھی اگر کوئی کام کیا ہے تو اس کا تذکرہ، کہیں کہیں سندھ اور ہندوستان کے ایک ہی دور کے شعراء کا موازنہ، غرض ہر طرح کی ادبی اور تاریخی معلومات بہم پہنچانے کی مؤلف نے پوری کوشش کی ہے۔ البتہ سنِ ولادت اور سنِ وفات پر بہت سی جگہ سوالیہ نشان لگے ہیں اس حوالے سے مؤلف نے خود اعتراف کیا ہے:

''یہ تالیف اس موضوع پر کوئی تحقیقی مقالہ نہیں بلکہ ایک اجمالی خاکہ ہے۔۔۔ جہاں ولادت

اور وفات کی صحیح تاریخیں نہ مل سکیں وہاں ذیلی مطالعے اور قرائن سے ولادت اور وفات کے سال اندازاً لکھ دیے گئے ہیں"۔("دوسرا ایڈیشن"، ص: و،ز)

اس تذکرے میں شامل زیادہ تر شعراء کا تعلق حیدرآباد سے ہے البتہ صاحبِ مؤلف کا یہ بیان کہ "ایسے شعراء کو لیا گیا ہے جن کا تعلق خاص خطہ سندھ سے رہا ہے۔۔۔ان میں سے ان متاخرین کو لیا گیا ہے جن کی علمی اور ذہنی تربیت ۱۹۲۰ء سے پہلے ہوئی"۔("دوسرا ایڈیشن"، ص۔ز) درست معلوم نہیں ہوتا، کراچی جو سندھ کا تقسیم سے پہلے اور تقسیم کے بعد ایک خاص شہر رہا ہے، اس کا ایک بھی شاعر اس کتاب میں شامل نہیں جب کہ بیسویں صدی کے آغاز میں یہاں مشاعروں کا آغاز ہو چکا تھا:

"۱۹۱۱ء کا زمانہ سندھ میں اُردو ادب کے لیے بہت زیادہ سازگار ہوا۔ کراچی میں علم و ادب کے چرچے رات دن ہونے لگے اور مشاعرے کا سلسلہ شروع ہو گیا۔ اس مشاعرے کے بانی شیخ نبی بخش محمد پناہ اور شرکاءِ مشاعرہ منشی عبدالنبی صابر، منشی عبداللہ فصا وغیرہ اہم تھے"۔[۶]

اس کے علاوہ نبی گل خان صابر (کراچی آمد ۱۹۱۲ء)، نبی شیر خان شاکر (کراچی آمد ۱۹۱۹ء) اور سیٹھ عبدالکریم عزمی جو کراچی کے باشندے تھے۔ ۱۹۲۰ء سے پہلے کراچی میں شاعری کر رہے تھے

(مزید تفصیل کے لیے ملاحظہ کیجیے انجمن ترقی اُردو (سندھ) کراچی کی پچپن سالہ رپورٹ۔ مطبوعہ ۱۹۴۰ء)

مجموعی طور پر یہ تذکرہ سندھ میں اُردو شاعری (از عہد شاہجہان تا قیامِ پاکستان) کے حوالے سے اُردو کی ادبی تاریخ میں ایک اہم سنگِ میل اور عظیم کارنامہ ہے جو ڈاکٹر نبی بخش بلوچ کی انتھک محنت، اہم ماخذات تک رسائی، تحقیقی و تنقیدی بصیرت، تاریخ و لسانیات پر مہارت، قومی و علاقائی زبانوں اور ان کے ادب سے والہانہ عقیدت کی بدولت ممکن ہو سکا۔ اس تذکرے میں درج ذیل موضوعات پر مفید لوازمہ اور تحقیقی اشارے بھی مل جاتے ہیں جو ادبی محققین کے لیے نشانِ راہ ثابت ہو سکتے ہیں۔

۱۔ سندھ میں اُردو زبان کا تاریخی ارتقاء
۲۔ سندھ میں اُردو زبان کی لسانی خصوصیات
۳۔ سندھی اور اُردو زبان کے میل سے پیدا ہونے والے نئے الفاظ اور محاورات
۴۔ سندھ کے مقامی شعراء کی اُردو زبان و ادب سے وابستگی اور خدمات
۵۔ بعض شعراء کے قلمی نسخوں اور بیاض کا پتا چلتا ہے جو ابھی تک غیر مطبوعہ اور تحقیق طلب ہیں۔

سادہ اور رواں نثر میں تحریر ان مقالات و کتب کے موضوعات کا آپ نے تحقیق و تاریخ کے حوالوں سے بھرپور احاطہ کیا ہے اور داخلی و خارجی شواہد سے استفادہ کرتے ہوئے ان سے متعلق بہترین معلومات فراہم کی ہیں اور دادِ تحقیق دی ہے۔ ان مقالات و کتب کے مطالعے سے اندازہ ہوتا ہے کہ آپ کا

مطالعہ و مشاہدہ نہایت عمیق و وسیع تھا اور آپ علمِ لسانیات اور تاریخ سے بھی گہری واقفیت رکھتے تھے، یہی وجہ ہے کہ آپ نے ان میں علمی و لسانی اور تاریخی مسائل کو بڑی خوش اسلوبی کے ساتھ حل کیا ہے۔ ان مقالات و کتب میں تحقیق کے ساتھ ساتھ تنقید کا بھی بر محل استعمال ہوا ہے، جس سے کلام و نثر کے عمدہ تجزیے سامنے آئے ہیں۔ مجموعی طور پر آپ کی اردو تحقیق میں خدمات نہایت وقیع اور اہمیت کے حامل ہیں اور حال و مستقبل کے طالبانِ تحقیق کے لیے مضبوط بنیادیں اور اہم اشارات فراہم کرتی ہیں۔

حواشی و تعلیقات

۱۔ راشد شیخ کتاب ''ڈاکٹر نبی بخش بلوچ، شخصیت اور فن'' (مطبوعہ اکادمی ادبیات پاکستان اسلام آباد، ۲۰۰۷ء) میں تاریخ پیدائش کے حوالے سے لکھتے ہیں: ''بلوچ صاحب کے ابتدائی اسکول رجسٹر میں آپ کی تاریخِ پیدائش ۱۶ دسمبر ۱۹۱۷ء لکھی ہے اور یہی تاریخ بعد میں مختلف اسناد میں درج کی گئی۔ خود بلوچ صاحب کے مطابق ان کی پیدائش ۱۹۱۹ء میں ہوئی''۔ (ص: ۲۴)

۲۔ کتاب کے مزید دو ایڈیشن ۱۹۷۰ء اور ۱۹۷۸ء میں شایع ہوئے۔

۳۔ اس مقالے کی پہلی قسط مجلہ ''تحقیق'' جام شورو، شمارہ (۱۰-۱۱) ۹۷-۱۹۹۶ء میں بھی شایع ہوئی۔

۴۔ یہ ''تعارف'' ماہنامہ ''اخبار اردو'' اسلام آباد، مارچ اپریل ۲۰۰۴ء میں بھی (چند حصے حذف کر کے) شایع ہوا ہے۔

۵۔ مقبرہ خدایار خان اور درگاہ قلندر شہباز

۶۔ رضا ہمدانی: ''مشاعرہ کی ابتداء''، مشاعرہ کمیٹی، انجمن ترقی اردو (سندھ)، کراچی کی پچیس سالہ رپورٹ، کراچی، ۱۹۴۰ء، ص ۴

کتابیات

۱۔ راشد شیخ، (مرتب) ''ڈاکٹر نبی بخش بلوچ، شخصیت اور فن''، اسلام آباد، اکادمی ادبیات پاکستان، ۲۰۰۷ء

۲۔ رضا ہمدانی، (مرتب) ''مشاعرہ کی ابتدا'' کراچی، مشاعرہ کمیٹی، انجمن ترقی اردو (سندھ)، کراچی کی پچیس سالہ رپورٹ، ۱۹۴۰ء

۳۔ عین الحق فرید کوٹی (مرتب) ''اردو زبان کی قدیم تاریخ''، لاہور، ارسلان پبلی کیشنز، ۱۹۷۲ء

۴۔ نبی بخش بلوچ، ڈاکٹر (مرتب): ''سندھ میں اردو شاعری (از عہد شاہجہاں تا قیامِ پاکستان)'' (تین ایڈیشن) حیدرآباد، مہران آرٹس کونسل، ۱۹۶۷ء (اوّل)، حیدرآباد، ممتاز مرزا (ناشر)، ۱۹۷۰ء (دوم)، لاہور، مجلس ترقی ادب، ۱۹۷۸ء (سوم)

۵۔ نبی بخش بلوچ، ڈاکٹر (مرتب): ''دیوان شوق افزا عرف دیوان صابر''، لاہور، اردو سائنس بورڈ، ۱۹۸۴ء

۶۔ نبی بخش بلوچ، ڈاکٹر (مرتب): ''مولانا آزاد سبحانی، تحریکِ آزادی کے ایک مقتدر رہنما'' لاہور، ادارۂ تحقیقات پاکستان، دانش گاہ پنجاب، ۱۹۸۹ء

۷۔ نبی بخش بلوچ، ڈاکٹر (مرتب): ''دیوان ماتم''، جام شورو، حیدرآباد، سندھی ادبی بورڈ، ۱۹۹۰ء

۸۔ نبی بخش بلوچ، ڈاکٹر: ''سندھ میں فارسی شاعری کا آخری دور۔ تکملۃ التکملۃ'' اسلام آباد، مقتدرہ قومی زبان، ۲۰۰۷ء

محمد شہباز
لیکچرار اردو، گورنمنٹ اسلامیہ کالج، سول لائنز، لاہور

ناول ''کئی چاند تھے سرِ آسماں'' پر غالب کے اثرات

THE EFFECT OF GHALIB ON THE NOVEL "KAI CHAND THAY SAR-E-AASMAN"

Abstract

"Kai Chand Thay Sar-e-Aasman" is prominent among the group of novels which have created a separate niche for their unique mode of narration and new vistas of artistically philosophical content and thus will continue to inspire literary debate. Shamsur Rahman Faruqi has used Persian and Urdu poetry to make it dazzling and engrossing. Verses of Ghalib, a unique genius, have been used to embellish the novel's narration. This has added more grace and charm to the novel. In the present article, this scribe has looked into the philosophical impact of Ghalib's poetry which leaves impact on the novel, both in terms of poetry and prose.

ادبیاتِ اُردو میں مرزا غالبؔ کی شخصیت اور شاعری دراصل ''ثبت است بر جریدۂ عالم دوام ما'' کے مصداق ایسی ہمہ گیر اور ٹھوس حقیقتیں ہیں، جن کا انکار یا رد کسی بھی سطح پر ممکن نہیں۔ حقیقت یہ ہے کہ مرزا موصوف کی شاعری اور شخصیت دونوں پہلوؤں نے کم و بیش اُردو ادب کے تمام لکھاریوں کو کسی نہ کسی صورت ہیں متاثر ضرور کیا ہے۔ مرزا کے کلام کا تاثر تو اپنی جگہ پر مسلم، لیکن اُن کی تاریخی و ادبی شخصیت اپنے دامن میں ایسے کئی آفتاب لیے ہوئے ہے، جن کی روشنی سے اکیسویں صدی کے تخلیق کار بھی مستفید ہو رہے ہیں۔ اِس ضمن میں شمس الرحمن فاروقی کے ناول ''کئی چاند تھے سرِ آسماں'' کی مثال پیش کی جاسکتی ہے، جس میں مرزا کی شاعری کے ساتھ ساتھ اُن کی شخصیت کو بھی کمال ژرف نگاہی اور باریک بینی سے پیش کیا گیا ہے۔ فی الاصل شمس الرحمن فاروقی نے مرزا غالبؔ کی شاعری اور شخصیت دونوں جہات کو اِس ناول میں سمو کر کہانی کے واقعات کو گل و گلزار بنا دیا ہے۔ مرزا غالبؔ کا حلیہ بیان کرتے ہوئے مصنف لکھتے ہیں:

> ''مرزا صاحب کا قد نہایت بلند و بالا، پیشانی اونچی، آنکھیں روشن اور متبسم، سینہ فراخ، کلایاں چوڑی، اور گردن بلند تھی۔ ان کی رفتار تمکنت و اعتماد سے بھری ہوئی لیکن

عجب یا نخوت سے بیگانہ تھی۔نہایت گوراسنہرا رنگ، جسے میدہ شہاب کہیں تو غلط نہ ہو گا۔چہرہ داڑھی سے بے نیاز، لیکن بڑی بڑی خوبصورت نوکدار مونچھیں تورانی وضع کی، گھنی بھوئیں، لمبی پلکیں،نازک نازک ہونٹوں پر ہلکا سا تبسم،ان چیزوں نے مل کر ان کے چہرے کواس قدر دیدہ زیب بنادیا تھا کہ دیکھتے رہیئے۔"(۱)

اِس ناول کاایک دل چسپ پہلو یہ بھی ہے کہ مرزانوشہ اِس ناول میں ایک غیبی فرشتے یااوتار کی صورت میں وارد ہوتے ہیں۔بلاشبہ مرزاغالبؔ اور ولیم فریزر کے درمیان بڑے دیرینہ اور مہرآمیز مراسم تھے، لیکن جس احترام واشتیاق سے ولیم فریزر کے ہاں اُن کا خیر مقدم کیا گیا،اُس کی نظیر احاطۂ بیان سے باہر ہے۔ملاحظہ کیجیے:

"ولیم فریزر بے توقف مڑ کر کمرے کے باہر گیااور معاً نواب مرزااسداللہ خان غالب کے ہاتھ میں ہاتھ ڈالے واپس آیا۔ہر طرف سے "تسلیمات!"،"جناب نواب صاحب بندگی!"،"ادھر تشریف لائیں"،"بڑاانتظار دکھایا"، کی آوازیں بلند ہوئیں۔"(۲)

قابلِ غور امر یہ ہے کہ ولیم فریزر نے مرزاغا لبؔ کاتذکرہ انتہائی محبت اور خلوص کے ساتھ کیا ہے،یہی وجہ ہے کہ ولیم فریزر کی طرف سے مشاعرے میں شرکت کے لیے وزیر خانم کو لکھے گئے مکتوب سے مترشح ہوتا ہے کہ فرنگی بھی مرزاغالبؔ کی شاعری اور مقام و مرتبے سے بہ خوبی واقف تھے۔ولیم فریزراسی لیے مذکورہ خط میں مرزاغالبؔ کو مرکزی شخصیت (مہمانِ خصوصی) قرار دیتے ہوئے لکھتے ہیں:

"بعد دعاے افزونی دولت حسن ودوام اقبال وزیر خانم سلمہا ملاحظہ فرمائیں کہ اگلے پنج شنبہ کی شام کو بعد مغرب نواب ولیم فریزر صاحب ریزیڈنٹ دولت کمپنی بہادر دام ظلہم و مدت فیوضہم کی ڈیوڑھی عالیہ واقع پہاڑی،شہر دہلی پر ایک محفل شعر و سخن قرار دی گئی ہے۔نواب مرزااسداللہ خان صاحب المتخلص بہ غالب والملقب بہ میر زانوشہ تازہ کلام سے سرفراز فرمائیں گے۔"(۳)

شمس الرحمنفاروقی صاحب نے مرزاغالبؔ کاکردار اُسی طرح مصور کیا ہے، جس طرح وہ حقیقی دنیا میں زندگی بسر کیا کرتے تھے،یعنی مہمان نوازی،فراخ دلی،موقع شناسی،خودداری،خودبینی،رکھ رکھاؤ،علمی و ادبی گفتگو،شعر خوانی،داد وصول کرنے کا طریقہ،اندازِ تخاطب اوراُن کی ظریفانہ طبیعت کو مصنف نے بڑی عمدگی اور نفاست سے سپردِ قلم کیا ہے۔بالخصوص مرزاکی رند مشربی کا بیان خوب مزا کرتا ہے:

"نواب صاحب،بسم اللہ۔"ولیم فریزر نے مسکرا کر مرزاغالب سے کہا۔مرزا صاحب بھی مسکرائے،اپنے ہاتھ سے بوتل کھولی اور کہا:

''منھ میں پانی تو بھر آرہا ہے، لیکن اسے چندے کھلا چھوڑتا ہوں کہ ہوا خوردہ ہو جائے۔ ہر چند کہ ہوا خوردہ اس شراب کو کہتے ہیں جسے رطوبت ہوا نے خراب کر دیا ہو، لیکن یہ شرابیں ایسی ہیں کہ سانس لینے کا تقاضا کرتی ہیں۔''(۴)

مصنف نے مرزا غالبؔ اور شمس الدین احمد خان کے مابین مخاصمت کو بھی انتہائی فطری انداز میں پیش کیا ہے۔ ولیم فریزر اور نواب شمس الدین احمد خان کے درمیان ،جو تلخی و دُوری آگئی تھی، مرزا غالبؔ نے اپنی پنشن کے حصول کے لیے اُس سے خوب فائدہ اُٹھایا۔ مختلف امور کی بنا پر مرزا غالبؔ اور شمس الدین احمد خان کے دل میں ایک دوسرے کے لیے شدید غبار تھا۔ اِس رقابت کے پس پردہ اصل واقعہ کچھ یوں ہے کہ انگریزوں کی ہدایت پر نواب احمد بخش خان نے مرزا غالبؔ کے لیے اپنی ریاست سے پانچ ہزار روپے سالانہ وظیفہ مقرر کیا تھا۔ مرزا غالبؔ کو اول تو اس وظیفے کے قلیل ہونے کا شکوہ تھا، ثانیاً نواب احمد بخش خان نے خواجہ حاجی نامی ایک مرد مجہول کو دو ہزار روپے سالانہ کا شراکت دار بنا دیا تھا۔ مرزا غالبؔ کے نزدیک یہ تقسیم سراسر غیر منصفانہ تھی، کیوں کہ خواجہ حاجی کا مرزا غالبؔ کے باپ یا چچا نصراللہ بیگ سے کوئی نسبی تعلق نہ تھا۔ مرزا غالبؔ نے اس معاملے میں کلکتے جا کر مرافعہ کیا اور اپنے عرضی دعویٰ میں شمس الدین احمد خان کے خلاف بھی بہت کچھ کوائف درج کیے، لیکن ہزار ہا کوششوں کے باوجود مرزا غالبؔ کا مرافعہ خارج ہو گیا۔ اِس وجہ سے شمس الدین احمد خان کے دل میں مرزا غالبؔ کی طرف سے گرہ پڑ گئی، جو کبھی کھل نہ سکی۔

مرزا غالبؔ کو نواب شمس الدین احمد خان سے جو عداوت تھی، اُس کی وجہ صاف ہے کہ وظیفہ کی وجہ سے مرزا غالبؔ نواب شمس الدین احمد خان کو جگہ جگہ ہدفِ تنقید بناتے تھے، مگر حقیقت یہ ہے کہ مرزا غالبؔ بد سے بدنام زیادہ تھے:

''شمس الدین احمد خان سے میرزا غالب کی ناخوشی اس حد تک مشہور تھی کہ شہر کے بازاروں میں لوگ مرزا نوشہ کو، نہ کہ فتح اللہ بیگ کو مخبر ٹھہراتے تھے۔ یہ بات اس قدر پھیلی کہ میرزا غالب نے کئی خطوط میں اپنی برأت کا اظہار کیا اور دعویٰ کیا کہ مخبری تو ساری فتح اللہ بیگ خان نے کی تھی، میں تو صرف پریسکاٹ سے میل جول رکھنے کا گنہگار ہوں۔''(۵)

ایک اور مثال ملاحظہ کیجیے:

''لیکن میرزا غالب نے شمس الدین احمد خان کے خلاف عملاً کچھ کیا ہو یا نہ کیا ہو (اغلب یہی ہے کہ کچھ نہیں کیا، بجز اس کے کہ قدم قدم پر شمس الدین احمد سے اپنی نفرت کا اظہار کیا) لیکن اہلِ دہلی کی نظر میں دہلی کے سب سے بڑے شاعر اور سربرآوردہ رئیس زادے کے

دامن پر کچھ مشکوک چھینٹیں ضرور پڑی رہ گئیں۔"(٦)

وزیر خانم بھی مرزا غالبؔ کو اپنے نام نہاد شوہر (شمس الدین احمد خان) کے قاتلوں میں شمار کرتی تھی، جب کہ داغؔ کا ایسا خیال نہیں تھا اور یہ درست بھی ہے کہ مرزا غالبؔ نے نواب مرزا داغؔ سے ہمیشہ مشفقانہ رویہ ہی اختیار کیا۔اِس ضمن میں شمس الرحمٰن فاروقی نے مرزا داغؔ سے پہلی ملاقات کے موقع پر مرزا غالبؔ کا رویہ بڑے دل کش انداز میں بیان کیا ہے:

"اماں تم ہی نواب مرزا ہو، بھائی شمس الدین احمد کے بیٹے۔آؤ آؤ میں تو تمھیں ہی ڈھونڈ رہا تھا۔"انھوں نے نواب مرزا کا گال تھپتھپایا اور اسے اندر آجانے کا اشارہ کرتے ہوئے قمر الدین راقم کے کان ہلکے سے پکڑ کر کہا، "اندر آجا بیٹے، آرام سے پھسکڑا مار کر بیٹھ۔"(٧)

بہ طور کردار مرزا غالبؔ کا وجود تو اِس ناول کے لیے نا گزیر تھا ہی، لیکن مصنف نے جس مہارت سے کلام غالبؔ کو ناول کی عبارت میں پیوست کیا ہے، وہ حد سے سوا تحسین کا متقاضی ہے۔پورے ناول کے مکالموں اور بیانیہ عبارتوں میں مرزا کے اشعار و تراکیب ناول کے داخلی و خارجی وجود میں رنگ و نور بھرنے کے لیے قوسِ قزح کا کام کرتے ہیں۔راقم نے غالبؔ کے انھی اثرات کا جائزہ پیش کرتے ہوئے غالبؔ کے اُن تمام اشعار کے مآخذ پیش کرنے کی سعی کی ہے، جو اِس ناول کا وقار بڑھانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں اور یہی اشعار اِس ناول پر اثراتِ غالبؔ کا منہ بولتا ثبوت ہیں:

ے ہوں، بہ وحشت، انتظار آوارۂ دشتِ خیال (ص١٦٥)(٨)
اک سفیدی مارتی ہے دور، سے چشمِ غزال (٩)

ے اُس جفا پیشہ پہ عاشق ہوں جو سمجھے ہے، اسدؔ (ص١٦٥)
خون صوفی کو مباح اور مال سنی کو حلال (١٠)

ے ہے دورِ قدح، وجہِ پریشانیِ صہبا (ص٢٤٢)
یک بار لگا دو خُمِ مے، میرے لبوں سے (١١)

ے زکواۃ حسن دے، اے جلوۂ بینش، کہ مہر آسا (ص٣٠٨)
چراغِ خانۂ درویش ہو، کاسہ گدائی کا (١٢)

ے ہے یہ برسات وہ موسم کہ عجب کیا ہے، اگر (ص٤١٠)
موجِ ہستی کو کرے، موجِ ہوا موجِ شراب (١٣)

ے ایک عالم پہ ہیں طوفانیِ کیفیتِ فصل
موجۂ سبزۂ نو خیز سے تا موجِ شراب (۱۴)

ے خوشی ہے یہ آنے، کی برسات کے (ص۵۳۳)(۱۵)
پئیں بادۂ ناب اور آم کھائیں (۱۶)

ے سر آغازِ موسم میں، اندھے ہیں ہم (ص۵۳۳)
کہ دلی کو چھوڑیں، لوہارو کو جائیں (۱۷)

ے سوا ناج کے، جو ہے مقلوبِ جاں (ص۵۳۳)
نہ واں آم پائیں، نہ انگور پائیں (۱۸)

ے ہوا حکم باورچیوں کو، کہ ہاں (ص۵۳۳)
ابھی جا کے پوچھو، کہ کل کیا پکائیں (۱۹)

ے وہ کھٹے، کہاں پائیں، اِملی کے پھول (ص۵۳۳)
وہ کڑوے کریلے، کہاں سے منگائیں (۲۰)

ے فقط گوشت، سو بھیڑ کا ریشے دار (ص۵۳۳)
کہو، اُس کو ، کیا ، کھا کے ہم ، حظ اٹھائیں؟ (۲۱)

ے قاصد کے آتے آتے، خط اک اور لکھ رکھوں (ص۲۰۷)
میں جانتا ہوں، جو وہ لکھیں گے جواب میں (۲۲)

ے بہ گونہ می نہ پذیرد زہم دگر تفریق (ص۲۴۱)
تجلی تو بہ دل ہم چومے بہ جام عقیق (۲۳)

ے ترا بہ پہلوے میخانہ جا دہم غالب (ص۲۴۲)
بہ شرط آں کہ قناعت کنی بہ بوے رحیق (۲۴)

ے بیا و جوش تمنائے دیدنم بنگر (ص۲۴۵)
چو اشک از سر مژگاں چکیدنم بنگر (۲۵)

ے زمن بہ جرم تپیدن کنارہ می کردی (ص۲۴۶،۲۴۵)
بیا بخاک من و آرمیدنم بنگر (۲۶)

ے گذشتہ کار من از رشک غیر شرمت باد (ص۲۴۶)
بہ بزم وصل تو خود را نہ دیدنم بنگر (۲۷)

ے شنیدہ ام کہ نہ بینی و نا امید نیم (ص۲۴۶)
نہ دیدن تو شنیدم شنیدنم بنگر (۲۸)

ے دمید دانہ و بالید و آشیاں گہ شد (ص۲۴۶)
در انتظار ہما دام چیدنم بنگر (۲۹)

ے نیاز مندی حسرت کشاں نمی دانی (ص۲۴۶)
نگاہ من شو و دزدیدہ دیدنم بنگر (۳۰)

ے اگر ہوائے تماشاے گلستاں داری (ص۲۴۶)
بیا و عالم در خوں تپیدنم بنگر (۳۱)

ے جفائے شانہ کہ تارے گسستہ زاں سر زلف (ص۲۴۷)
زپشت دست بہ دنداں گزیدنم بنگر (۳۲)

ے بہار من شو و گل گل شگفتنم دریاب (ص۲۴۷)
بہ خلوتم بر و ساغر کشیدنم بنگر (۳۳)

ے بہ داد من نہ رسیدی ز درد جاں دادم (ص۲۴۸)
بہ داد طرز تغافل رسیدنم بنگر (۳۴)

ے تواضعے نہ کنم بے تواضعے غالب (ص۲۴۸)
بہ سایۂ خم تیغش خمیدنم بنگر (۳۵)

ے چوں دُرد تہ پیالہ باقیست ہنوز (ص۲۴۸)
نازم کہ بہار لالہ باقیست ہنوز (۳۶)

ے در کیش توکل غم فردا کفر است (ص۲۴۹)
یک روزہ مئے دو سالہ باقیست ہنوز (۳۷)

ے غالب ستم نگر کہ چو ولیم فریزر ے (ص۴۶۱)
زیں ساں زچیرہ دستی اعدا شود ہلاک (۳۸)

مندرجہ بالا نقل کیے گئے اُردو فارسی اشعار کے ساتھ ساتھ فاروقی صاحب نے غالبؔ کے اکثر اشعار و تراکیب کو کمال ہنر مندی سے نثری پیرائے میں بھی سمونے کا جوہر دکھایا ہے۔ راقم نے ایسے تمام اشعار کو تلاش کر کے نثری جملوں کے ساتھ ہی درج کر دیا ہے، تاکہ تفہیم کا عمل متاثر نہ ہو۔ غالبؔ کے ایسے تمام اشعار کی تفصیل مع مآخذ پیش ہے:

''{اچھا یہ بات تو رہی جاتی ہے کہ آپ کا شوق کیا ہے، یہ شوق رقیب سر و ساماں تو نہیں جو بے وطن ہیں؟'' (ص۲۸)(۳۹)

ے شوق، ہر رنگ، رقیبِ سروساماں نکلا
قیس، تصویر کے پردے میں بھی عُریاں نکلا (۴۰)

''جناب عالی، خود سے شرم کرنا تو ایک ادائے ناز ہے۔'' (ص۳۱)
''پردہ تو پردہ ہے، حیا ہی کا سہی۔ یہ بھی ایک ادائے ناز ہے۔'' (ص۲۷۱)

ے شرم اک ادائے ناز ہے، اپنے ہی سے سہی
ہیں کتنے بے حجاب کہ یوں ہیں حجاب میں (۴۱)

''میں نے بات کو ہنسی میں ٹالنے کی کوشش کی۔'' (ص۳۴)

''اسی لئے تو کہتے ہیں کہ بس دو بول پڑھوالو اور جو خدمت چاہے لے لو۔ ذلیل بھی کرو تو وہ ہنسی میں ٹالے گی۔'' (ص۱۸۱)

''ولیم فریزر نے مرزا غالب کو یاد دلایا، ''دیکھئے ہمیں ہنسی میں نہ ٹالیے گا۔ ابھی آپ کو دوسرا شعر سنانا باقی ہے۔'' (ص۲۴۲)

ے دے وہ جس قدر ذلت، ہم ہنسی میں ٹالیں گے
بارے، آشنا نکلا، اُن کا پاسباں، اپنا (۴۲)

''۔۔۔اور اسے میرے سامنے افشا کرنا انھیں بہت ناگوار تھا، لیکن افشا کیے بغیر بنتی بھی شاید نہ تھی۔'' (ص۳۵)

ے ہر چند ہو مشاہدۂ حق کی گفتگو
بنتی نہیں ہے ، بادہ و ساغر کہے بغیر (۴۳)

''میری نیک بخت بیوی کو اللہ نے اچانک یوں اٹھالیا جیسے مہر عالم تاب نوک خار سے شبنم کو چپ چاپ اٹھالیتا ہے۔''(ص ۵۵)

ے پرتوِ خور سے ، ہے شبنم کو فنا کی تعلیم
میں بھی ہوں ، ایک عنایت کی نظر ہوتے تک (۴۴)

''لیکن دیکھنے کو کچھ نہ تھا،اس معنی میں کہ اس دشت کربت و غربت میں راستہ نگہ دیدۂ تصویر سے زیادہ نہ تھا۔''(ص ۱۳۶)

ے شوق اُس دشت میں دوڑائے ہے مجھ کو ، کہ جہاں
جادہ، غیر از نگہِ دیدۂ تصویر، نہیں (۴۵)

''اب جمیلہ نے ذرا تنک کر جواب دیا،''کوئی برتن ہو تو نکالئے ،اوک سے پینا تو آپ کو آتا نہیں۔''(ص ۱۴۶)

ے پلا دے اوک سے ، ساقی ، جو ہم سے نفرت ہے
پیالہ گر نہیں دیتا ، نہ دے ، شراب تو دے (۴۶)

''دیدہ و دل فرش راہ، اندر تشریف لے چلیں۔''ولیم فریزر نے متانت سے کہا۔'' (ص ۲۲۸)

''وزیر نے جواباً کہلا دیا کہ ضرور تشریف لائیں بندی کے دیدہ و دل ابھی سے فرش راہ ہیں۔'' (ص ۲۵۷)

ے حضرتِ ناصح گر آویں ، دیدہ و دل فرشِ راہ
کوئی مجھ کو یہ تو سمجھا دو کہ سمجھاویں گے کیا؟ (۴۷)

''مرزا صاحب نے مسکرا[کر] کہا۔'' ہمارے لیے تو ساقی فرنگ کے مے خانے سے یہی بہت ہے کہ درد تہ جام ہو اور آتش فشانی کا اذن عام ہو۔'' (ص ۲۳۶)

ے کہتے ہوئے ساقی سے حیا آتی ہے، ورنہ
ہے یوں کہ مجھے دُردِ تہِ جام بہت ہے (۴۸)

''لیکن سخن گوئی اور سخن فہمی دونوں ہی قید فرنگ ہیں،اور ان کی مشقت میں کچھ حاصل نہیں۔ عرض ہنر میں فائدہ خاک نہیں۔'' (ص ۲۳۶)

؎ ہمارے شعر ہیں اب صرف دل لگی کے، اسدؔ
کھلا، کہ فائدہ عرضِ ہنر میں خاک نہیں (۴۹)

''میں تو اکثر سوچتا ہوں کہ سو پشت کا پاستانی پیشۂ آبا چھوڑ کر کچھ دانش مندی نہ کی۔'' (ص۲۳۶)

؎ سو پشت سے ہے ، پیشۂ آبا سپہ گری
کچھ شاعری، ذریعۂ عزت نہیں مجھے (۵۰)

''مشفق من، آتی ہیں غیب سے یہی باتیں خیال میں۔'' (ص۲۳۹)

''لیکن پنڈت جی کی آواز میں قوت نامیہ کی گرمی اور نوائے سروش کی طہارت دونوں کے لہریئے ریشمی لچھے کا روپ دھار کر سارے کمرے، بلکہ سارے گھر میں بہ رہے تھے۔'' (ص۲۸۵)

''وزیر خانم نے کچھ زچ ہو کر لیکن خوش مزاجی سے کہا۔ ''لسان الغیب سے تخلص مانگتے ہیں۔ دیکھئے پردۂ غیب سے کیا ظہور کرتا ہے۔'' (ص۵۴۲)

؎ آتے ہیں غیب سے، یہ مضامیں ، خیال میں
غالبؔ، صریرِ خامہ، نوائے سروش ہے (۵۱)

''وہ اپنی جگہ سے اٹھ کر نواب کے پاس آیا اور وزیر خانم پر ایک نگاہ غلط انداز ڈال کر بولا۔'' (ص۲۴۳)

؎ جان کر کیجیے تغافل، کہ کچھ اُمید بھی ہو
یہ نگاہِ غلط انداز تو سَم ہے ہم کو (۵۲)

''پاسخ مکتوب کے لیے کچھ کہیو مت، لیکن اگر کچھ جواب عطا کریں تو بصد عزت و اکرام لے آئیو۔'' (ص۲۹۶)

؎ یہ جانتا ہوں کہ تُو اور پاسُخ مکتوب
مگر، ستم زدہ ہوں، ذوقِ خامہ فرسا کا (۵۳)

''یا پھر سر کو زیر بار منت درباں کیے ہوئے اس کے دروازے پر پڑا رہتا۔'' (ص۲۹۸)

؎ پھر ، جی میں ہے ، کہ در پہ کسی کے پڑے رہیں
سر زیرِ بارِ منتِ درباں کیے ہوئے (۵۴)

''میں مان گئی کہ آپ اب بازیچۂ اطفال میں نہیں رہ گئے۔'' (ص۵۴۰)

؎ بازیچۂ اطفال ہے، دنیا، مرے آگے
ہوتا ہے شب و روز تماشا مرے آگے (۵۵)

''آیئے آیئے، چشم ماروشن دل ماشاد۔ کیا آپ نے انھیں پہچانا؟'' (ص۵۴۶)

؎ چشمِ ما روشن! کہ اُس بے درد کا دل شاد ہے
دیدۂ پُرخوں ہمارا، ساغرِ سرشارِ دوست (۵۶)

''ہائے وہ دن اور وہ راتیں اب میں کہاں سے لاؤں۔'' (ص۵۵۷)

؎ جی ڈھونڈتا ہے پھر وہی فرصت ، کہ رات دن
بیٹھے رہیں، تصورِ جاناں کیے ہوئے (۵۷)

''رنگ اور روشنی کے جھماکے اس کی آنکھوں کے آگے کوند گئے۔'' (ص۵۵۸)

''ان کی آنکھ کے سامنے وزیر خانم کا وہ پراسرار سا تبسم کوند گیا۔'' (ص۶۸۸)

؎ بجلی اک کوند گئی آنکھوں کے آگے ، تو کیا؟
بات کرتے ، کہ میں لب تشنۂ تقریر بھی تھا (۵۸)

''اب اس نے تیز بھاگنا چاہا۔ لیکن اس سے نہ بھاگا جاتا تھا اور نہ ٹھہرا جاتا تھا۔''(ص۵۹۷)

؎ ہوئے ہیں پانو ہی پہلے ، نبردِ عشق میں ، زخمی
نہ بھاگا جائے ہے مجھ سے ، نہ ٹھہرا جائے ہے مجھ سے (۵۹)

''اس خیال سے اس کا دل ڈوبا جاتا تھا کہ کہیں یہ پتہ گورِ غریباں کی صورت میں نہ ہو۔'' (ص۶۰۰)

؎ خموشی میں نہاں ، خوں گشتہ لاکھوں آرزوئیں، ہیں
چراغِ مردہ ہوں ، میں بے زباں ، گورِ غریباں کا (۶۰)

''بندی ان کے ماتم میں سحر و شام سیہ پوش ہے،ان کی یادگار کو کلیجے سے لگائے جی رہی ہے۔'' (ص۶۱۴)

؎ شمع بُجھتی ہے ، تو اُس میں سے دُھواں اُٹھتا ہے
شعلۂ عشق سیہ پوش ہوا، میرے بعد (۶۱)

''اسے شعر کہنے میں مزہ آتا تھا اور شعر پڑھنے میں بھی اتنا ہی، بلکہ اس سے بھی کچھ سوا، مزہ آتا تھا۔'' (ص۶۳۵)

ے بے طلب دیں ، تو مزہ اُس میں سِوا ملتا ہے
وہ گدا ، جس کو نہ ہو خوے سوال ، اچھا ہے (۶۲)

''ادھر اس نے بے کھٹکے ریختہ یا فارسی کے کسی مسلم الثبوت استاد کی سند پیش کی اور معترض اپنا سامنہ لے کے رہ گیا۔''(ص۶۳۵)

ے آئینہ دیکھ، اپنا سا مُنہ لے کے رہ گئے
صاحب کو، دل نہ دینے پہ کتنا غرور تھا! (۶۳)

''یہی اعتماد، یہی تمکنت ان مرحوم کے بھی چہرے اور ہر بن مو سے ٹپکتی تھی۔'' (ص۶۶۱)

ے ہر بُنِ مو سے ، دمِ ذکر ، نہ ٹپکے خوناب
حمزہ کا قصہ ہوا ، عشق کا چرچا نہ ہوا (۶۴)

''اکبری خانم نے اب تک کسی اور لڑکی یا عورت کے منہ پر خودداری اور حفظ توقیر اور حجاب و پاس وضع کی ایسی ٹھنڈی پھوار برستے نہ دیکھی تھی۔'' (ص۷۲۷)

ے واں وہ غرورِ عزو ناز ، یاں یہ حجابِ پاسِ وضع
راہ میں ہم ملیں کہاں؟ بزم میں وہ بُلائے کیوں؟ (۶۵)

''زہے نصیب کہ سرکار کالحن داؤدی میری لئے فردوس گوش ہو۔'' (ص۷۷۳)

ے لطفِ خرامِ ساقی و ذوقِ صدائے چنگ
یہ جنتِ نگاہ ، وہ فردوسِ گوش ہے (۶۶)

''واقعہ کتنا ہی سخت ہو لیکن تاب لائے ہی بنتی ہے۔ (ص۸۰۶)

ے تاب لائے ہی بنے گی، غالبؔ
واقعہ سخت ہے، اور جان عزیز (۶۷)

مذکور حقائق و واقعات کی روشنی میں یہ امر بہ خوبی عیاں ہو جاتا ہے کہ شمس الرحمن فاروقی نے اِس ناول کو دلآویز و دل فریب بنانے کے لیے مرزا غالبؔ کی شاعری اور شخصیت دونوں سے بھرپور استفادہ کیا ہے۔ یہی نہیں، بل کہ بہ طور کردار مرزا غالبؔ کی شخصیت اِس ناول میں مزید نکھر کر قاری کے سامنے آتی ہے، جس کی بہ دولت مرزا اور کلام مرزا کی ترسیل و تفہیم نئی جہات سے مدغم ہوتی ہوئی محسوس ہوتی ہے اور اِس کا سہرا شمس الرحمن فاروقی کے سر ہے۔

حواشی و حوالے:

۱۔ شمس الرحمن فاروقی، کئی چاند تھے سرِآسماں، کراچی: شہرزاد، ۲۰۱۱ء، ص ۲۳۵

۲۔ ایضاً، ص ۲۳۵

۳۔ ایضاً، ص ۲۲۳

۴۔ ایضاً، ص ۲۳۹

۵۔ ایضاً، ص ۴۶۱

۶۔ ایضاً، ص ۴۶۲

۷۔ ایضاً، ص ۶۵۶

۸۔ تکرار کے نقص سے بچنے کے لیے ناول کے صفحہ نمبر اشعار کے سامنے ہی درج کر دیے گئے ہیں۔

۹۔ غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، لاہور: مجلس ترقی ادب، ۲۰۱۱ء، ص ۵۵

۱۰۔ عرشی نے اِس شعر کو یوں لکھا ہے:

اُس جفا مشرب پہ عاشق ہوں کہ سمجھے ہے، اسدؔ
مالِ سُنی کو مُباح اور خونِ صوفی کو حلال

غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، ص ۵۵

کالی داس گپتا رضا نے بھی مذکورہ شعر کو عرشی کی طرح ہی نقل کیا ہے۔

غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: کالی داس گپتا رضا، کراچی: انجمن ترقی اُردو، ۲۰۱۲ء، ص ۱۷۶

اِسی طرح نسخۂ حمیدیہ میں بھی یہ شعر بہ اندازِ عرشی مرقوم ہے۔

غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: حمید احمد خاں، پروفیسر، لاہور: مجلس ترقی ادب، ۱۹۹۲ء، ص ۱۳۴

۱۱۔ غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، ص ۲۵۵

۱۲۔ ایضاً، ص ۱۶۶

۱۳۔ اِس شعر کو عرشی نے یوں نقل کیا ہے:

ہے یہ برسات وہ موسم کہ عجب کیا ہے، اگر
موجِ ہستی کو کرے، فیضِ ہوا، موجِ شراب

غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، ص ۱۹۴

کالی داس گپتا رضا نے بھی مذکورہ شعر کو اِسی انداز میں رقم کیا ہے۔

غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: کالی داس گپتا رضا، ص ۲۸۲

غالب انسٹی ٹیوٹ دہلی کی جانب شایع ہونے والے "دیوانِ غالب" میں بھی یہ شعر بہ طرزِ عرشی درج ہے۔

غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، دہلی: غالب انسٹی ٹیوٹ، ۱۹۸۶ء، ص ۴۵

اور نسخۂ حمیدیہ میں بھی اِس شعر کو اِسی انداز میں لکھا گیا ہے۔

غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: حمید احمد خاں، پروفیسر، ص ۸۵

۱۴۔ غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، ص ۱۹۵

نسخۂ حمیدیہ میں یہ شعر کچھ اس انداز میں موجود ہے:

ے ایک عالم میں ہے طوفانِ کیفیتِ فصل
موجۂ سبزۂ نو خیز سے تا موجِ شراب

غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: حمید احمد خاں، پروفیسر، ص۸۶

۱۵۔ یہ قطعہ نواب علاء الدین احمد خان بہادر علائی والی لوہارو نے اپنی بیاض (صفحہ ۴۳) پر بہ عنوان ''از مولانا غالب بہ علائی بسوے لوہارو''، نقل کیا ہے، جس کے جواب میں بہ عنوان ''جواب از مولانا علائی بحضرتِ غالب'' یہ قطعہ درج ہے:

ے خوشی ہے ہمیں آنے کی آپ کے
کہ باہم پییں بادہ اور آم کھائیں
ے سر آغازِ موسم میں کیا خوب ہے
کہ دلی سے حضرت لوہارو کو آئیں
ے عجب لطف ہے یاں کی برسات میں
کہ کیچڑ کہیں نام کو بھی نہ پائیں
ے سرولی کے وہ ڈاک پر سبز آم
وہ دلی کے انگور ہر شام آئیں
ے کریں حکم باورچیوں کو کہ ہاں
ابھی جا کے ہر چیز جلدی پکائیں
ے وہ لیں باغ سے جا کے املی کے پھول
وہ جنگل سے کڑوے کریلے منگائیں
ے وہ بے ریشہ بکری کا لحم طری
کہ کیا کیا اسے کھا کے ہم حظ اٹھائیں
ے کہیں اُن کو بے مہر و کامل ، اگر
لوہارو وہ اس بات پر بھی نہ آئیں

غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، ص۳۵۷،۳۵۶

۱۶۔ غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، ص۳۵۶

۱۷۔ ایضاً، ص۳۵۷

۱۸۔ ایضاً، ص۳۵۷

۱۹۔ ایضاً، ص۳۵۷

۲۰۔ ایضاً، ص ۳۵۷

۲۱۔ ایضاً، ص ۳۵۷

۲۲۔ ایضاً، ص ۲۳۴

۲۳۔ غالب، میرزا اسداللہ خاں، کلیاتِ غالب فارسی، (جلد سوم) مرتب: مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی، سید، لاہور: مجلس ترقی ادب، ۱۹۶۷ء، ص ۲۵۵

۲۴۔ ایضاً، ص ۲۵۶

۲۵۔ ایضاً، ص ۲۱۴

۲۶۔ ایضاً، ص ۲۱۴

۲۷۔ ایضاً، ص ۲۱۴

۲۸۔ ایضاً، ص ۲۱۴

۲۹۔ ایضاً، ص ۲۱۴

۳۰۔ ایضاً، ص ۲۱۴

۳۱۔ ایضاً، ص ۲۱۴

۳۲۔ ایضاً، ص ۲۱۴

۳۳۔ ایضاً، ص ۲۱۴

۳۴۔ ایضاً، ص ۲۱۴

۳۵۔ ایضاً، ص ۲۱۴

۳۶۔ سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی نے ''کلیاتِ غالب فارسی'' میں رباعی کے اِس شعر کو کچھ اِس انداز میں لکھا ہے:

ؔ چوں دُرد تہ پیالہ باقیست ہنوز
شادم کہ بہار لالہ باقیست ہنوز

غالب، میرزا اسداللہ خاں، کلیاتِ غالب فارسی، (جلد سوم) مرتب: مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی، سید، ص ۳۹۲
ذیل میں درج نسخوں میں یہ شعر بہ طرزِ ''کلیاتِ غالب فارسی''، (جلد سوم) مرتب: سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی، ہی درج ہے:۔

غالب، میرزا اسداللہ خاں، کلیاتِ غالب (فارسی)، لکھنؤ: مطبع نامی منشی نولکشور، ۱۹۲۴ء، ص ۵۱۰
غالب، میرزا اسداللہ خاں، کلیاتِ غالب (فارسی)، لاہور: شیخ مبارک علی ناشر و تاجر کتب، ۱۹۶۵ء، ص ۶۵۲

۳۷۔ غالب، میرزا اسداللہ خاں، کلیاتِ غالب فارسی، (جلد سوم) مرتب: مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی، سید، ص ۳۹۲

۳۸۔ سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی نے اِس شعر کو کچھ اِس انداز میں لکھا ہے:

ؔ غالب ستم نگر کہ چو ولیم فریزرے
زیں سال بچیرہ دستیِ اعدا شود ہلاک

غالب، میرزا اسداللہ خاں، کلیاتِ غالب فارسی، (جلد سوم) مرتب: مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی، سید، ص ۲۵۸
ذیل میں درج تمام نسخوں میں یہ شعر بہ اندازِ ''کلیاتِ غالب فارسی، (جلد سوم) مرتب: سید مرتضیٰ حسین فاضل لکھنوی، ہی مرقوم ہے:۔

غالب، میرزا اسد اللہ خاں، کلیاتِ غالب (فارسی)، لکھنؤ: مطبع نامی منشی نولکشور، ص ۴۴۹
غالب، میرزا اسد اللہ خاں، غزلیاتِ فارسی، لاہور: مطبوعاتِ مجلسِ یادگارِ غالب پنجاب یونی ورسٹی، ۱۹۶۹ء، ص ۳۱۷
غالب، میرزا اسد اللہ خاں، شرح غزلیاتِ غالب (فارسی)، مرتب: غلام مصطفی تبسم، صوفی، لاہور: پیکیجز لمیٹڈ، ۱۹۸۱ء، ص ۴۴۸
غالب، میرزا اسد اللہ خاں، کلیاتِ غالب (فارسی)، لاہور: شیخ مبارک علی ناشر و تاجر کتب، ص ۵۷۰

۳۹۔ تکرار کے نقص سے بچنے کے لیے ناول کے صفحہ نمبر نثری جملوں کے سامنے ہی درج کر دیے گئے ہیں۔

۴۰۔ غالب، میرزا اسد اللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، ص ۱۶۲

۴۱۔ ایضاً، ص ۲۳۵

کالی داس گپتا رضا نے مذکورہ قطعے کو کچھ اِس انداز میں رقم کیا ہے۔

شرم اک ادائے ناز ہے، اپنے ہی سے سہی
ہیں کتنے بے حجاب، کہ ہیں یوں حجاب میں

غالب، میرزا اسد اللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: کالی داس گپتا رضا، ص ۳۲۲
غالب انسٹی ٹیوٹ دہلی کی جانب سے شائع ہونے والے دیوانِ غالب میں بھی اِس شعر کو اسی انداز میں رقم کیا ہے۔
غالب، میرزا اسد اللہ خاں، دیوانِ غالب، دہلی: غالب انسٹی ٹیوٹ، ص ۸۰

۴۲۔ غالب، میرزا اسد اللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، ص ۱۸۶

۴۳۔ ایضاً، ص ۲۰۴

۴۴۔ ایضاً، ص ۲۱۳

۴۵۔ ایضاً، ص ۲۲۰

۴۶۔ ایضاً، ص ۲۹۱

۴۷۔ ایضاً، ص ۱۸۱

۴۸۔ ایضاً، ص ۳۲۶

۴۹۔ ایضاً، ص ۲۲۷

۵۰۔ ایضاً، ص ۱۳۶

۵۱۔ ایضاً، ص ۳۰۴

۵۲۔ ایضاً، ص ۲۴۵

۵۳۔ ایضاً، ص ۱۶۸

نسخۂ حمیدیہ میں اِس شعر کو کچھ اِس انداز میں لکھا گیا ہے۔

یہ جانتا ہوں کہ تُو اور جوابِ نامۂ شوق
مگر، ستم زدہ ہوں، ذوقِ خامہ فرسا کا

غالب، میرزا اسد اللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: حمید احمد خاں، پروفیسر، ص ۵۷

۵۴۔ غالب، میرزا اسد اللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، ص ۲۹۶

نسخۂ حمیدیہ میں اِس شعر کو کچھ اِس انداز میں لکھا گیا ہے۔

ے پھر ، دل میں ہے ، کہ در پہ کسو کے پڑے رہیں

سر زیرِ بارِ منتِ درباں کیے ہوئے

غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: حمید احمد خاں، پروفیسر، ص۲۹۰

۵۵۔ غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، ص۳۳۲

۵۶۔ ایضاً، ص۱۹۶

۵۷۔ ایضاً، ص۲۹۶

۵۸۔ ایضاً، ص۱۸۵

۵۹۔ ایضاً، ص۲۹۴

نسخۂ حمیدیہ میں اِس شعر کو کچھ اِس انداز میں لکھا گیا ہے۔

ے ہوئے ہیں پانو ہی پہلے ، نبردِ عشق میں ، زخمی

نہ بھاگا جائے ہے مجھ سے ، نہ ٹھہرا جائے ہے مجھ سے

غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: حمید احمد خاں، پروفیسر، ص۲۸۸

۶۰۔ غالب، میرزا اسداللہ خاں، دیوانِ غالب، مرتب: امتیاز علی خاں عرشی، ص۱۸۳

۶۱۔ ایضاً، ص۱۹۹

۶۲۔ ایضاً، ص۳۱۸

۶۳۔ ایضاً، ص۱۷۰

۶۴۔ ایضاً، ص۱۹۴

۶۵۔ ایضاً، ص۲۴۲

۶۶۔ ایضاً، ص۳۰۳

۶۷۔ ایضاً، ص۲۰۹

Recognized by Higher Education Commission

KAROONJHAR

Bi-annual

[RESEARCH JOURNAL]

ISSN 2222-2375
VOL:8, ISSUE 14, JUNE 2016

Editor

Dr. Inayat Hussain Laghari

DEPARTMENT OF SINDHI
Federal Urdu University of Arts, Science & Technology,

Recognized by Higher Education Commission

KAROONJHAR

Bi-annual

[RESEARCH JOURNAL]

ISSN 2222-2375
VOL:8, ISSUE 14, JUNE 2016

Editor

Dr. Inayat Hussain Laghari

DEPARTMENT OF SINDHI
Federal Urdu University of Arts, Science & Technology,
Abdul Haq Campus, Karachi, Sindh, Pakistan.